www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203 | Mobile: 0336-6113760

قیمت 20 روپے

جلد 37 | جمعرات 6 اگست 2026، بمطابق 22 صفر 1448ھ | شمارہ 214

یوم استحصال: مسلح افواج نے بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کیساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کو دہرایا — آئی ایس پی آر

بھارتی سکیورٹی فورسز کا مسلسل غیر قانونی قبضہ، فوجی محاصرہ، انسانی حقوق کی سنگین اور وسیع پیمانے پر خلاف ورزیاں اور علاقے کی آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششیں شدید تشویش کا باعث ہیں

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار مسئلہ جموں و کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل پر ہے، جو کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے

راولپنڈی (اے پی پی) چیف آف آرمی اسٹاف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف، پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو اور پاکستان کی مسلح افواج نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر بھارت کے غیر قانونی طور پر زیر تسلط جموں و کشمیر کے بہادر، ثابت قدم اور حوصلہ مند عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کی مسلح افواج ایک بار پھر کشمیری (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

روس کی کیف پر میزائلوں اور ڈرونز کی بارش، 21 افراد ہلاک، درجنوں زخمی

روس نے حملوں کے دوران 42 بیلسٹک میزائل، چار اینٹی شپ میزائل اور 511 ڈرون داغے، یوکرینی فضائیہ

دارالحکومت میں 3 افراد ہلاک اور 61 زخمی ہوئے، جبکہ کیف کے گردونواح میں 18 افراد جان کی بازی ہار گئے

کیف (این این آئی) روس نے یوکرین کے دارالحکومت کیف اور (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم کے دورہ سعودی عرب کا شیڈول طے، (آج) شام روانہ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت کا حج 2027ء کے اخراجات جمع کرانے کے طریقہ کار میں تبدیلی کا فیصلہ

حج سکیم کے تحت اب 14 بینکوں کی بجائے صرف ایک بینک کے ذریعے ادائیگیاں وصول کی جائیں گی

2027ء کے کوٹہ کے تحت ایک لاکھ 79 ہزار 210 پاکستانی فریضہ حج ادا کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے حج 2027ء کے اخرا (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفد ملاقات کررہا ہے

ایران اور عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کر رہے، یہ اسی صورت ممکن، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

ایران، عمان آبنائے ہرمز کیلئے عارضی انتظام پر متفق

معاہدے کے تحت خلیجی ملکوں کی جانب جانے والے بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے ایرانی پانیوں کا راستہ اختیار کریں گے، 60 دن کی اس مدت کے دوران کوئی فیس نہیں لی جائے گی، ذرائع امریکی میڈیا

مذاکرات صرف مسقط اور تہران کے درمیان ہو رہے ہیں، واشنگٹن کا ان مذاکرات سے کوئی تعلق نہیں، اگر امریکا کی جانب سے خلاف ورزیاں جاری رہیں تو ایران اور عمان کے درمیان معاہدہ طے پانے کے باوجود آبنائے ہرمز فوری طور پر نہیں کھولی جائے گی، ایرانی سرکاری میڈیا

تہران (این این آئی) ایران اور عمان آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کے راستے کی جغرافیائی حدود پر متفق ہوگئے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کر رہے ہیں، تاہم یہ اسی صورت ممکن ہے، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ ایرانی حکام پاکستان اور قطر میں اس معاملے میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ رابطوں میں ہیں۔ دوسری جانب امریکی میڈیا (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

فلسطین کی آزادی کیلئے عرب و مسلم ملکوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، اسحاق ڈار

اسحاق ڈار کی مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ملاقات، علاقائی و عالمی پیشرفت، باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسحاق ڈار کی ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے عمان میں یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے خوشگوار ملاقات اور تبادلہ خیال کیا۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مصر سے متعلق علاقائی و بین الاقوامی پیش رفت پر گفتگو اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

پی پی کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گی — بلاول بھٹو زرداری

2019 کا بھارتی اقدام سلامتی کونسل کی قراردادوں، کشمیری عوام کی امنگوں پر سنگین حملہ تھا

مقبوضہ کشمیر کے عوام مسلسل ظلم و جبر کے باوجود اپنے حق خودارادیت کے لیے ثابت قدم ہیں

لاہور (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کے درد، ثابت قدمی اور ناقابل تسخیر عزم کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

آصف زرداری نظام گرنے نہیں دیں گے، سنبھال لیں گے، رانا ثناء اللہ

آئین کے اندر رہ کر نئے صوبے بنائیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں، مشیر وزیراعظم

محسن نقوی کس سسٹم کی بات کر رہے ہیں؟، ان کا بیان بے معنی، کوئی سیاق وسباق نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ آئین کے اندر رہ کر نئے صوبے بنائیں جائیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ 1973 کے آئین کی وجہ سے فیڈریشن قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر چھوٹے انتظامی یونٹس بنتے ہیں تو بھی اسی سسٹم سے بننے ہیں، اگر صوبے بنتے ہیں تو اسی آئین کے تحت ہی بنیں گے۔ رانا ثناء کے (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی حمایت جاری رکھے گا — سرفراز بگٹی

مسئلہ کشمیر سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب عالمی تنازع کشمیریوں کو حق خودارادیت فراہم کیے بغیر مسئلے کا حل ممکن نہیں

عالمی برادری کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما حسن بنا نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مقبوضہ جموں و کشمیر کی تازہ صورتحال، کشمیری عوام کی جدوجہد خودارادیت اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر حسن بنا نے کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور مسئلہ کشمیر کو ہر سطح پر اجاگر کرنے کے حوالے سے حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے مؤقف اور اقدامات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ایک بین الاقوامی تنازع ہے، جس کا منصفانہ او (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی ملاقات کررہے ہیں

بھارت کے اقدامات عالمی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہیں، عطا تارڑ

بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں جبر، محاصرے اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کے ہتھکنڈوں کے باوجود کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو شکست نہیں دے سکا

مسئلہ کشمیر کا پرامن حل خطے میں امن و استحکام کی ضمانت، پاکستان انصاف پر مبنی امن کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا اور حق خودارادیت کے حصول تک کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی اقدامات اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ یوم (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

طارق فضل چوہدری نے وفاقی حکومت کے خاتمے، پیپلز پارٹی کی علیحدگی کا امکان مسترد

حکومت کا خاتمہ کسی کی خواہش تو ہوسکتی ہے مگر ایسے کوئی حالات نہیں، حکومت آئینی مدت پوری کرے گی

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر بلاول بھٹو کو مس گائیڈ کر رہی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

کشمیر کے جو حالات ہیں پیپلز پارٹی جلتی پر پٹرول ڈالنے کا کام کر رہی ہے

نئے صوبوں کا قیام کسی کی ایک جماعت یا صوبے کا مسئلہ نہیں، سیاسی عمل کے ذریعے ہی نئے انتظامی یونٹ بنائے جاسکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے وفاقی حکومت کے خاتمے یا پیپلز پارٹی کی علیحدگی کا امکان مسترد کر دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ حکومت کا خاتمہ کسی کی خواہش تو ہوسکتی ہے لیکن ایسے کوئی حالات (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں اور پاکستانیوں نے یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا

ملک بھر میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی، ٹریفک رک گئی، تمام چھوٹے بڑے شہروں میں ریلیاں اور مظاہرے کیے گئے

عالمی برادری سے کشمیریوں کو حق خودارادیت دلوانے کا مطالبہ، بھارت باہر سے لوگ لا کر مقبوضہ کشمیر میں بسا رہا ہے، وفاقی امیر مقام کا اسلام آباد میں ریلی سے خطاب

اسلام آباد، مظفر آباد، سرینگر (اے ایف پی) کنٹرول لائن کے دونوں اطراف اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں اور پاکستانیوں نے بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدام کیخلاف یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا، اس موقع پر کشمیریوں کے حق خودارادیت (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

یوم استحصال کشمیر، پاکستان کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، اسحاق ڈار

بھارت کے 5 اگست کے اقدامات بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں، جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا انحصار مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل پر ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے غیر قانونی طور پر زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کیے گئے یکطرفہ اقدامات کا مقصد خطے کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کو تبدیل کرنا اور کشمیری عوام کے حقوق و امنگوں کو مجروح کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات بین الاقوامی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

ایران امریکا جنگ میں ٹھہراؤ کی خبروں پر پی ایس ایکس میں تیزی

کراچی (این این آئی) ایران امریکا جنگ میں ٹھہراؤ کی خبروں پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں کاروبار کا مثبت رجحان رہا۔ پی ایس ایکس بینچ مارک 100 انڈیکس 13 جولائی کے بعد دوبارہ ایک لاکھ 80 ہزار سے (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

مالی سال کے پہلے ماہ برآمدات میں 31 فیصد سے زائد اضافہ ریکارڈ

رواں مالی سال کے وفاقی بجٹ کی برآمدات اور نجی شعبے پر مبنی پالیسی کے ابتدائی مثبت اشارے ہیں، وفاقی وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کے پہلے ماہ (جولائی 2026) پاکستان کی برآمدات میں 31 فیصد سے زائد اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی وزارت خزانہ سے جاری اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں برآمدات 2.94 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئیں اور سالانہ بنیاد پر 9.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ جولائی میں پاکستان کی درآمدات میں (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

بانی پی ٹی آئی سے (آج) رفقاء کی ملاقات کا دن، فہرست جیل حکام کے حوالے

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے (آج) جمعرات کو رفقا کی ملاقات کا دن ہے، جس کیلئے فہرست فوکل پرسن اویس یونس چوہدری ایڈووکیٹ نے جیل حکام کے حوالے کر دی ہے۔ بانی پی ٹی آئی سے ملنے والوں کی فہرست میں طارق محمود چوہدری، سید عمر دراز، اظہر رف، را (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

بنوں میں مبینہ ڈرون حملہ، ایک شخص جاں بحق، دو زخمی

واقعہ بنوں کی تحصیل بکاخیل کے علاقے نرزی خیل میں پیش آیا، پولیس

بنوں (این این آئی) خیبرپختونخوا کے ضلع بنوں میں مبینہ ڈرون حملہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور دیگر دو افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بنوں کی تحصیل بکاخیل کے علاقے نرزی خیل میں مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک شہری جاں بحق اور دو افراد زخمی ہوئے۔ پولیس نے بتایا کہ حملے کے بعد جاں بحق شخص کی لاش اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال بنوں منتقل کر دیا (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے، وزیراعظم

بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے مؤثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے

نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

آبنائے ہرمز کھولنے کے معاہدے میں ایران اور عمان کے درمیان اہم پیش رفت کی تصدیق

مجوزہ معاہدے کے تحت خلیج فارس میں داخل ہونے والے تجارتی جہاز ایران کے زیر انتظام بحری راستے سے گزریں گے

دونوں ممالک بحری سلامتی، رہنمائی اور سمندری ماحول کے تحفظ کی خدمات کے عوض سروس فیس وصول کریں گے

تہران (این این آئی) ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز کو (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

یوم استحصال کشمیر، بلوچستان اسمبلی اجلاس میں مشترکہ مذمتی قرارداد منظور

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا

وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی نے صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی و دیگر نے قرارداد پیش کی

کوئٹہ (بولان بیورو) بلوچستان اسمبلی نے یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے مذمتی قرارداد منظور کرلی۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن عبدالخالق اچکزئی کی ز (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

خطے میں کشیدگی روکنے کیلئے مذاکرات، سفارتکاری ناگزیر ہے، آر 4 گروپ وزرائے خارجہ

پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کا اجلاس عمان میں ہوا، جہاں خطے کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر پر مشتمل آر فور گروپ کے وزرائے خارجہ نے خطے کی صورت حال کے حوالے سے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ کشیدگی میں (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

امریکا نے پاسداران انقلاب سے منسلک تین اداروں پر عائد پابندیاں ختم کر دیں

پابندیاں ختم کیے جانے کی خبر کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی دیکھنے میں آئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے پاسداران انقلاب سے مبینہ طور پر منسلک تین اداروں پر عائد پابندیاں ختم کر دی ہیں، جس کی تصدیق امریکی وزارت خزانہ نے (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)



میر علی حسن زہری

پاکستان ہر فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہیگا

بھارتی ریاستی جبر، ظلم اور انسانی حقوق کی پامالیاں ان کے عزم و حوصلے کو متزلزل نہیں کرسکیں

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، ترقی اور استحکام کا قیام مسئلہ کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل سے مشروط ہے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ ترین دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت یکطرفہ طور پر ختم کر کے نہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں بلکہ بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی بھی سنگین خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے حق خودارادیت اور آزادی کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ بھارتی (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر نواب جام کمال خان کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان پریزنز اینڈ پریزنرز کریکشنل سروس ایکٹ 2026، پاس ہم نکات، اہم

عبدالسلام خان اچکزئی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو انسپکٹنگ اتھارٹیز مقرر کر دیا گیا ہے

نوٹیفکیشن کے تحت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع کی جیلوں اور دیگر حراستی مراکز کے باقاعدہ اور اچانک معائنے کرسکیں گے

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے بلوچستان پریزنز اینڈ پریزنرز کریکشنل سروس ایکٹ، 2026 کے تحت صوبے کے جیل نظام کو مزید مؤثر، شفاف، جوابدہ اور انسانی حقوق کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اہم اختیارات ضلعی اور ڈویژنل انتظامیہ کو تفویض کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں چیف انسپکٹر آف پریزنز واسپیشل سیکرٹری داخلہ عبدالسلام خان اچکزئی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو انسپکٹنگ اتھارٹیز مقرر کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے تحت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع کی جیلوں اور دیگر حراستی مراکز کے باقاعدہ اور اچانک معائنے کر سکیں (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کا یوم شہدائے پولیس کے موقع پر عظیم شہدا کو خراج عقیدت

این ایچ اے کے ریونیو میں تاریخی اضافے اور ملک گیر موٹرویز کی توسیع پر خیالات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) موٹروے پولیس ہیڈ کوارٹر کے آڈیٹوریم میں یوم شہدائے پولیس کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ آئی جی موٹروے پولیس سلطان احمد چوہدری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ این ایچ اے ہیڈ کوارٹر آمد پر وفاقی وزیر مواصلات اور آئی جی موٹروے پولیس نے یادگار شہدا پر پھو (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاونسز منجمد کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاونسز منجمد کر دیے۔ نئے اور پرانے ملازمین کیلئے 2023ء اور 2024ء والے ایڈہاک (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

پی ٹی وی کو ہر سہ ماہی 3 ارب 25 کروڑ جاری کرنے کی منظوری

ای سی اجلاس، سیالکوٹ (سمبڑیال) تا کھاریاں موٹروے کے لیے 27 ارب 62 کروڑ کی سوورن گارنٹیز کی بھی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے پی ٹی وی کیلئے ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ کی منظوری دے دی، پی ٹی وی کو ہر سہ ماہی 3 ارب 25 کروڑ روپے جاری کیے جائیں گے، کابینہ نے سیالکوٹ (سمبڑیال) تا کھاریاں موٹروے منصوبے کے لیے 27 ارب 62 کروڑ روپے کی سوورن گارنٹیز کی منظوری دے دی ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر اطلاعات کا محمد سلیم طاہر کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے پاکستان ٹیلی وژن کے نامور پروڈیوسر اور معروف شاعر محمد سلیم طاہر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں وفاقی وزیر (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

اسٹیٹ بینک نے ان ریٹیڈ بڑے کارپوریٹ اداروں کیلئے قرض کی حد بڑھا کر 10 ارب روپے کردی

یہ فیصلہ موجودہ معاشی ماحول میں نئے والی تبدیلیوں اور بینکاری صنعت سے موصول ہونے والی آرا کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ان ریٹیڈ بڑے کارپوریٹ اداروں کے لیے قرض کی حد 3 ارب سے بڑھا کر 10 ارب روپے کر دی۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک نے بینکاری شعبے کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک اہم فیصلہ کرتے ہوئے ان ریٹیڈ (Unrated) بڑے نجی کارپوریٹ قرض گیر اداروں کے لیے تمام بینکوں اور ترقیاتی مالیاتی اداروں کی مجموعی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

الیکشن کمیشن کا الیکشنز رولز 2017ء کی اہم شق میں ترمیم کا فیصلہ، مسودہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے الیکشنز رولز 2017ء کی اہم شق میں ترمیم کا فیصلہ مسودہ جاری کر دیا۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق اثاثوں اور واجبات کے گوشواروں میں ابہام پر الیکشن کمیشن ارکان اسمبلی، متعلقہ افراد اور اداروں سے وضاحت مانگ سکے گا، اسی طرح، مالیاتی ادارے (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

پاک امریکا دہشتگردی کیخلاف تعاون مزید مضبوط بنانے پر متفق

دونوں ممالک نے سرحدی سیکیورٹی مضبوط بنانے اور دہشت گرد سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے پر تبادلہ خیال کیا

پاکستان امریکا انسداد دہشت گردی مذاکرات کا چوتھا دور، داعش خراسان، القاعدہ، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ

اسلام آباد/واشنگٹن (این این آئی) واشنگٹن میں پاکستان اور امریکا کے درمیان انسداد دہشت گردی مذاکرات کا چوتھا دور ہوا جس میں دونوں ممالک نے دہشت گردی کے خلاف تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور امریکا نے داعش خراسان، (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

پارلیمانی سیکرٹری دانیال چوہدری تقریب سے خطاب کررہے ہیں

وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خیبر پختونخوا ڈیجیٹل تعلیمی انقلاب — 2 برس میں شرح خواندگی 35 فیصد بڑھانے کا ہدف مقرر

وزیراعلیٰ کا ہر بچے تک عالمی معیار کی تعلیمی سہولیات پہنچانے کے لیے نظام تعلیم میں ڈیجیٹل انقلاب برپا کرنے کا فیصلہ

ٹیکنالوجی کے ذریعے دور دراز اور سکولوں سے محروم علاقوں سمیت ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیر صدارت صوبے میں ڈیجیٹل تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیمی نظام کے نفاذ، ڈیجیٹل لرننگ کے فروغ اور ہر بچے تک معیاری تعلیم کی سہولیات کی رسائی کے لیے مجوزہ اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے ہر بچے تک عالمی معیار کی تعلیمی سہولیات پہنچانے کے لیے نظام تعلیم میں ڈیجیٹل انقلاب برپا کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیجیٹل تعلیمی اصلاحات کے ذریعے سکول سے باہر لاکھوں بچوں کو تعلیمی دھارے میں لایا جائے گا جبکہ ٹیکنالوجی کے ذریعے دور دراز اور سکولوں سے محروم علاقوں سمیت ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبے میں آئندہ دو برس کے دوران شرح خواندگی میں 30 سے 35 فیصد اضافے کا ہمارا ہدف ہے۔ ڈیجیٹل تعلیمی اصلاحات پر 5 ارب روپے کی ایک مرتبہ سرمایہ کاری محکمہ تعلیم کے بجٹ کے مقابلے میں نہایت معمولی ہے مگر نتائج کے اعتبار سے انقلابی ثابت ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈیجیٹل اصلاحات گزشتہ 78 برس کے روایتی نظام سے زیادہ موثر ثابت ہونے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ مزید برآں، ڈیجیٹل تعلیمی اصلاحات صوبے میں تعلیم کی فراہمی کو زیادہ موثر، آسان اور کم لاگت بنائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل نظام تعلیم سے بچوں کی تعلیم میں حائل جغرافیائی اور سماجی رکاوٹوں کو کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ڈیجیٹل تعلیمی اصلاحات کے منصوبوں پر مقررہ اہداف اور ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ صوبے کے ہر بچے تک جدید، معیاری اور مساوی تعلیمی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے اور صوبے میں تعلیم کے شعبے میں ایک پائیدار اور انقلابی تبدیلی لائی جا سکے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کے "پڑھو خیبر پختونخوا" منصوبے کے تحت صوبے کا مکمل نصاب ڈیجیٹلائز کر کے تمام درسی کتب طلبہ کو موبائل فون پر دستیاب کی جائیں گی جبکہ طلبہ انٹرنیٹ کے بغیر بھی کسی بھی وقت اور اپنی سہولت کے مطابق تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ مزید بتایا گیا کہ ڈیجیٹل تعلیمی اصلاحات پر 5 ارب روپے کی ایک مرتبہ سرمایہ کاری سے سالانہ 100 ارب روپے سے زائد کی بچت ممکن ہوگی۔ مزید بتایا گیا کہ صوبے کے 90 فیصد گھرانوں میں موجود اسمارٹ فونز کو تعلیم کے فروغ کے لیے موثر انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ صوبے کے 50 سے زائد سکولوں میں آن لائن تدریس کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ اگست کے آخر تک 500 سکول ورچوئل لرننگ سے منسلک ہو جائیں گے۔ ورچوئل لرننگ نظام میں سائنس کی جدید ورچوئل لیبارٹریز اور عالمی زبانوں کی تدریس بھی شامل کی جائے گی جبکہ چینی، کوریائی، فرانسیسی، عربی، ہسپانوی اور انگریزی زبانوں کی ورچوئل لیبز جلد فعال ہوں گی۔ اسی طرح ورچوئل سکول دو شفٹوں میں فعال ہوں گے اور ایشیائی و یورپی ٹائم زونز کے مطابق کلاسز کا انعقاد کیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اردو اور انگریزی کے ساتھ ساتھ پشتو زبان میں بھی ڈیجیٹل تدریس متعارف کرائی جائے گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ڈیجیٹل تعلیمی نظام میں تدریس، امتحانات، اسائنمنٹس، حاضری اور تعلیمی نگرانی ایک ہی پلیٹ فارم پر دستیاب ہوگی۔ مصنوعی ذہانت اور اساتذہ کی مشترکہ معاونت سے ہر طالب علم کی استعداد اور تعلیمی پیش رفت کے مطابق ذاتی نوعیت کی تعلیم فراہم کی جائے گی،

ڈیرہ مراد جمالی کو جشن آزادی کے موقع پر ایک مثالی اور خوبصورت شہر بنایا جائے گا، سلیم خان ڈومکی

پاکستان کا 79 واں یوم آزادی بھرپور قومی جوش و جذبے، حب الوطنی اور ملی یکجہتی کے ساتھ منایا جائے گا

نصیر آباد (نامہ نگار) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی سلیم خان ڈومکی نے کہا ہے کہ پاکستان کا 79 واں یوم آزادی بھرپور قومی جوش و جذبے، حب الوطنی اور ملی یکجہتی کے ساتھ منایا جائے گا اس حوالے سے میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر کی خوبصورتی صفائی ستھرائی اور تزئین و آرائش کے لیے باقاعدہ تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں تاکہ شہریوں کو ایک صاف خوبصورت اور پرکشش ماحول فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ جشنِ آزادی کے موقع پر شہر کی اہم شاہراہوں چوراہوں اور سرکاری عمارتوں کی صفائی سجاوٹ اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے اس سلسلے میں متعلقہ عملے کو خصوصی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ صفائی کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے اور کسی بھی مقام پر گندگی یا رکاوٹ برداشت نہ کی جائے چیف آفیسر سلیم خان ڈومکی نے تاجر برادری دکانداروں اور شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور اپنی تجاوزات فوری طور پر سیوریج نالوں اور سڑکوں کے کناروں سے ہٹا دیں انہوں نے کہا کہ جو افراد شہر میں تعمیراتی کام کر رہے ہیں وہ بھی اپنا تعمیراتی میٹریل، ریت بجری اینٹیں اور دیگر سامان فوری طور پر سڑکوں اور راستوں سے ہٹا دیں

ٹھٹھہ، ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت و دیگر ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

حافظ نعیم — بھارت کشمیریوں کے جذبہ آزادی کو کمزور نہیں کر سکا

بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو سات برس مکمل ہو چکے ہیں

بھارت نے سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی، پیغام

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 تحریکِ آزادی کشمیر کی تاریخ میں ہمیشہ ایک سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بھارت نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی، جس سے مسئلہ کشمیر مزید پیچیدہ اور متنازعہ ہو گیا۔ انہوں نے کہا بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو سات برس مکمل ہو چکے ہیں، تاہم ان اقدامات سے نہ تنازعہ کشمیر کی حیثیت تبدیل ہوئی اور نہ ہی کشمیری عوام کے عزم میں کوئی کمی آئی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ مودی حکومت کا یہ اقدام اقوامِ متحدہ کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور عالمی اصولوں کی صریح خلاف ورزی تھا، جو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کے بھارتی دعوے پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ عالمی برادری اور سلامتی کونسل کے لیے بھی ایک کھلا چیلنج ہے، بھارت گزشتہ 78 برس سے مقبوضہ کشمیر میں ظلم و ستم اور قتل و غارت کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، مگر کشمیری عوام کی آزادی کی خواہش کو دبایا نہیں جا سکا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پاکستانی عوام نے ہمیشہ کشمیری عوام کے ساتھ اپنی دلی وابستگی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے، انہوں نے کہا کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستانیوں کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام کی طویل جدوجہد کامیاب ہوگی۔

دبئی، ماحولیاتی جرائم کیخلاف کارروائی، 839 مشتبہ افراد گرفتار

دبئی (این این آئی) دبئی میں ماحولیاتی جرائم کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اماراتی حکام نے 839 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا۔ اماراتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق جنوبی امریکا کے ایمیزون بیسن میں 17 دن کی کارروائی میں 280 ملین ڈالر کے اثاثے ضبط کر لیے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ایمیزون بیسن کا بڑا حصہ برازیل جبکہ خطہ پیرو، کولمبیا، بولیویا اور ایکواڈور تک پھیلا ہوا ہے۔ اس میں بتایا گیا کہ گرین شیلڈ 2026 آپریشن میں برازیل، پیرو، کولمبیا، بولیویا اور ایکواڈور نے تعاون کیا۔ کارروائی میں غیر قانونی ماحولیاتی سرگرمیوں سے منسلک آلات اور دیگر اثاثے ضبط کیے گئے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے نائب وزیر اعظم شیخ سیف بن زاید نے کہا ہے کہ آپریشن سرحد پار ماحولیاتی جرائم کے خلاف اہم پیش رفت ہے۔ اماراتی قیادت نے ماحولیاتی جرائم سے نمٹنے کے لیے عالمی تعاون بڑھانے پر زور دیا۔

ضلع قمبر شہداد کوٹ کی تحصیل میرو خان کے نزدیک وارہ برانچ کو 200 فٹ شگاف

سینکڑوں ایکڑز پر مشتمل دھان کا فصل اور درجنوں دیہات مکمل طور پر زیر آب دیہاتی سخت پریشان

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ضلع قمبر شہداد کوٹ کی تحصیل میرو خان کے نزدیک وارہ برانچ کو 200 فوٹ شگاف سینکڑوں ایکڑز پر مشتمل دھان کا فصل اور درجنوں دیہات مکمل طور پر زیر آب دیہاتی سخت پریشان۔ تفصیلات کے مطابق ضلع قمبر کی تحصیل میرو خان کینز دیک گاں بلاول جاگیرانی کے نزدیک چائنا پمپنگ اسٹیشن کے نزدیک وارہ برانچ کو آر ڈی 170 کیمقام پر 200 فوٹ سے زائد اچانک بڑا شگاف پڑ گیا جس کے نتیجے میں وارہ برانچ کا پانی گاں علی نواز جاگیرانی، گاں بلاول جاگیرانی اور گاں پاندھی خان سمیت دیگر ایک درجن سے زائد مختلف دیہات کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ جس کی وجہ سے دیہاتیوں کا تمام قیمتی سامان اور مال مویشی پانی کی نذر ہو گئے ہیں اور غریب دیہاتی اپنی مدد آپ کے تحت صرف جان بچا کر محفوظ مقام پر منتقل ہو رہے ہیں جبکہ شگاف لگنے سے مختلف آبادگاروں کا سینکڑوں ایکڑز پر مشتمل دھان کا فصل بھی مکمل طور پر زیر آب آ گیا ہے۔ جس کی وجہ سے غریب آبادگاروں کا کروڑوں روپے کا نقصان ہو گیا ہے محکمہ آبپاشی کی جانب سے شگاف کو تا حال بند نہ کرنے سے پانی تیزی سے مزید آبادی کی طرف بڑھ رہا ہے جس کی وجہ قریبی دیہاتی سخت پریشان ہیں اور اس حوالے سے دیہاتیوں نے محکمہ اریگیشن وارہ برانچ کے خلاف متاثرہ مقام پر احتجاجی مظاہرہ بھی کیا ہے، جن کا کہنا ہے محکمہ اریگیشن وارہ برانچ کے نااہل انجینئر اور ان کا دیگر عملہ اطلاع دینے کے باوجود شگاف کو بند کرنے نہیں پہنچے ہیں اور نہ ہی ان کو بند کرنے کے کوئی انتظامات کیے گئے ہیں اس سلسلے میں متاثرہ دیہاتیوں نے حد کے منتخب پی پی نمائندوں ایم این اے خورشید جونیجو اور ایم پی اے نثار احمد کھڑو سمیت اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وارہ برانچ اریگیشن عملے کی نااہلی کا فوری نوٹس لیکر وارہ برانچ کو لگنے والے شگاف کو بند کرا کر مزید کسی بڑے نقصان سے دیہاتیوں کو بچایا جائے اور ہمارے ڈوبنے والے فصل اور گھروں میں ہونے والے نقصان کا فوری ازالہ کیا جائے دیہاتیوں کا مزید یہ بھی کہنا تھا

بدین۔ پی ٹی آئی اور تحریک تحفظ آئین کی جانب سے عمران خان کی رہائی کے لیے نکالی گئی احتجاجی ریلی میں کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کیا گیا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خلیل احمد کی سربراہی میں ایک بھرپور یکجہتی ریلی کا انعقاد

ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہوئی اور مقررہ راستوں سے ہوتی ہوئی اللہ ہو چوک پہنچی جہاں سے واپس ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دوریندر لعل کے احکامات کی روشنی میں یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خلیل احمد کی سربراہی میں ایک بھرپور یکجہتی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں مختلف ضلعی محکموں کے افسران اساتذہ کرام طلبا و طالبات سول سوسائٹی کے نمائندگان اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہوئی اور مقررہ راستوں سے ہوتی ہوئی اللہ ہو چوک پہنچی جہاں سے واپس ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیری عوام کے حق میں نعرے درج تھے شرکا کی جانب سے کشمیر بنے گا پاکستان اور پاک آرمی زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے جس سے فضا گونج اٹھی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ اور دیگر مقررین نے مقبوضہ کشمیر کے عوام سے بھرپور اظہارِ یکجہتی کیا انہوں نے 5 اگست 2019 کے اقدامات کو کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس دن بھارت نے غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات کے ذریعے کشمیریوں کی خصوصی حیثیت کو ختم کیا جس کے بعد سے وہاں کے عوام مسلسل ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں

کراچی؛ زیر تعمیر مدرسے کی چھت گرنے سے طلبہ اور مزدور زخمی

کراچی (این این آئی) سائٹ ایریا فرنٹیئر کالونی میں زیر تعمیر مدرسے کی چھت گر گئی، جس کے ملبے تلے دب کر 5 طالب علم اور مزدور زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیرآباد تھانے کے علاقے سائٹ ایریا فرنٹیئر کالونی یاسین مسجد کے قریب زیر تعمیر مدرسے کی چھت گر گئی جس کے ملبے تلے دب کر 5 طالب علم و مزدور زخمی ہو گئے،

نامعلوم چور مزمل کمبوہ کی ہول سیل ایجنسی سے چار لاکھ روپے سے زائد نقدی چوری کر کے فرار

ملزمان واردات کے بعد جاتے ہوئے اپنے ساتھ لایا گیا تالا ایجنسی کے دروازے پر لگا گئے تاکہ فوری طور پر چوری کا علم نہ ہو سکے

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) ماتلی کی طہیر کالونی میں نامعلوم چور ماتلی پریس کلب کے سیکریٹری اطلاعات دلمراد کمبوہ کے بھائی مزمل کمبوہ کی ہول سیل ایجنسی کے تالے توڑ کر مبینہ طور پر تقریباً چار لاکھ روپے سے زائد نقدی چوری کر کے فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ماتلی پولیس موقع پر پہنچی گئی۔ جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور شواہد اکٹھے کرنے کے بعد مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کر دی۔ ملزمان واردات کے بعد جاتے ہوئے اپنے ساتھ لایا گیا تالا ایجنسی کے دروازے پر لگا گئے تاکہ فوری طور پر چوری کا علم نہ ہو سکے۔ واضح رہے کہ چند ماہ قبل بھی اسی ایجنسی پر ڈکیتی کی واردات ہوئی تھی جس میں ماتلی پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر کے لوٹی گئی رقم برآمد کر لی تھی۔ ایک ہی کاروباری مرکز پر مختصر عرصے میں دوسری واردات کے بعد صحافتی اور کاروباری حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ تاجر برادری اور صحافی برادری نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے

حب۔ بھوتانی عوامی کارواں کے مشاورتی اجلاس سے کارواں کے رہنما خطاب کر رہے ہیں

ماتلی میں محکمہ ریونیو اور میونسپل کمیٹی ماتلی کی جانب سے الگ الگ یکجہتی ریلیاں نکالی گئیں

ریلیوں میں سرکاری افسران، ملازمین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی

ماتلی (رپورٹ دلمراد کمبوہ) 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ماتلی میں محکمہ ریونیو اور میونسپل کمیٹی ماتلی کی جانب سے الگ الگ یکجہتی ریلیاں نکالی گئیں۔ ریلیوں میں سرکاری افسران، ملازمین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کشمیر بنے گا پاکستان اور پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔ محکمہ ریونیو کی جانب سے نکالی گئی ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر ماتلی ڈاکٹر راشد علی چنا اور مختیارکار ماتلی معصب جونیجو نے کی جبکہ میونسپل کمیٹی ماتلی کی ریلی کی قیادت چیف آفیسر عتیق قائمخانی نے کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ماتلی ڈاکٹر راشد علی چنا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا۔ جبکہ مختیارکار ماتلی معصب جونیجو نے کہا کہ کشمیری عوام نے آزادی کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں جو کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے۔

شہداد کوٹ میں بھی یوم استحصال کشمیر ڈے منا کر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیا گیا

ریلی میں اساتذہ طلبا ریونیو سٹاف شہریوں اور سماجی رہنماں نے کثیر تعداد میں شرکت کی

شہداد کوٹ (شبیر کمبوہ) شہداد کوٹ میں بھی یوم استحصال کشمیر ڈے منا کر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر شہداد کوٹ محسن علی شیخ مختیارکار اور اسسٹنٹ مختیارکار شہداد کوٹ کی قیادت میں مظلوم کشمیریوں سے مکمل یکجہتی کی اظہار کے لیے اسسٹنٹ کمشنر آفس سے ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکا نے شہر کے راستوں سے گشت کرتے ہوئے کشمیریوں کے حق میں نعرہ بازی کی ریلی تھانہ سیکشن شہداد کوٹ کے گیٹ پر اختتام پذیر ہوئی ریلی میں اساتذہ طلبا ریونیو سٹاف شہریوں اور سماجی رہنماں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیریوں کے حقوق اور بھارتی مظالم کے خلاف نعرے درج تھے ریلی کے اختتام پر افسران کی جانب سے تقاریر کی گئیں

کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت اجلاس

محکمہ مواصلات و تعمیرات کے سب ڈویژنل افسران عابد علی پہنور، سجاد علی عمرانی سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے

نصیر آباد (نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت انٹیگریٹڈ ڈیولپمنٹ پیکیج برائے ڈیرہ مراد جمالی) مربوط ترقیاتی پیکج (کیپیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر، محکمہ مواصلات و تعمیرات کے سب ڈویژنل افسران عابد علی پہنور، سجاد علی عمرانی سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں پروجیکٹ کوآرڈینیٹر صالح شاہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انٹیگریٹڈ ڈیولپمنٹ پیکیج برائے ڈیرہ مراد جمالی کے تحت شرقی سائیڈ پر 22 کلومیٹر بلیک ٹاپ سڑکیں، 26 کلومیٹر واٹر سپلائی لائنیں مختلف قطر کی پائپ لائنوں سمیت، ایک پمپنگ اسٹیشن، دو واٹر ٹینک، دو اسٹوریج ٹینک، 30 ہزار گیلن گنجائش کا اوور ہیڈ ٹینک اور 23 کلومیٹر سے زائد جدید سیوریج سسٹم تعمیر کیا جا رہا ہے، جبکہ سات سولرائزڈ پمپنگ اسٹیشن بھی منصوبے کا حصہ ہیں۔ اجلاس میں منصوبے کو درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر کمشنر صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شرقی سائیڈ پر تقریباً 2 ارب 50 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری پروجیکٹ عوام کی زندگی میں مثبت تبدیلی لائے گا،

کراچی: پی ٹی آئی کا فوارا چوک پر احتجاج، پولیس کا لاٹھی چارج، متعدد کارکنان زیر حراست

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی کی جانب سے عمران خان کی رہائی کے لیے فوارا چوک پر احتجاج کیا گیا، پولیس نے لاٹھی چارج اور شیلنگ کے بعد کئی کارکنوں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق احتجاج کے دوران پولیس اور کارکنان کے درمیان تصادم دیکھنے میں آیا، پولیس نے احتجاج کو روکنے کے لیے کراچی پریس کلب سمیت اطراف کی شاہراہوں کو کنٹینرز لگا کر سیل کر دیا جس کے باعث لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ جنرل باڈی کا پہلا اجلاس

اجلاس الحاج غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم حب میں ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر میر اسحاق زہری کی زیر صدارت منعقد ہوا

حب (پ ر) ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ جنرل باڈی کا پہلا اجلاس الحاج غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم حب میں ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر میر اسحاق زہری کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس کا آغاز باقاعدہ کلام تلاوت پاک سے ہوا، تلاوت کلام پاک کی سعادت محمد سلیمان ابراہیم رونجھو نے حاصل کی، اس کے بعد میر اسحاق زہری نے ایجنڈے کے مطابق اجلاس شروع کیا اور تمام ممبران کو بتایا کہ نائب صدر اور جوائنٹ سیکرٹری کے لیے دو ممبران کا انتخاب کیا جائے گا تمام ممبران نے ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ کی کابینہ کو یہ اختیار دیا آپ جو فیصلہ کریں گے ہمیں منظور ہے آخر کار یہ فیصلہ ہوا کہ جوائنٹ سیکرٹری کے لیے سلیمان ابراہیم رونجھو اور نائب صدر کے لیے عبدالحکیم کو منتخب کیا گیا اجلاس میں ڈیرہ مراد جمالی ریجن کے صدر ظفر جدگال بشیر احمد آسکانی جاوید حسن شیخ رحمت اللہ بلوچ عبدالحکیم بلوچ امام بخش افضال احمد عبدالحکیم محمد صابر وڈیرہ عبدالکریم عبدالخالق مشتاق شاہ اور دیگر نے شرکت کی آخر میں میر اسحاق زہری نے تمام ممبران کا شکریہ ادا کیا۔

کراچی؛ میر رضا قتل کیس، پوسٹ مارٹم رپورٹ میں سنگین خامیوں کی نشاندہی

کراچی (این این آئی) پولیس سرجن کراچی نے گزشتہ ہفتے کراچی میں قتل ہونے والے نوجوان میر رضا علی خان کی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں متعدد سنگین خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ایس ایس پی ایسٹ کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ پولیس سرجن کراچی ڈاکٹر سمعیہ سید نے خط میں 29 جولائی 2026 کی رپورٹ پر مجموعی طور پر 14 اعتراضات اٹھائیں ہیں، جس کے مطابق متوفی کی لاش کا ایکسرے نہیں کیا گیا، فائرنگ کے بارودی ذرات کی جانچ کے لیے ہاتھوں کے نمونے نہیں لیے گئے

سوراب یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر یکجہتی ریلی، کشمیری عوام سے بھرپور اظہار یکجہتی

پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا

سوراب (نامہ نگار) حکومت بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایات پر یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی کی قیادت میں ایک بھرپور یکجہتی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی، مختلف ضلعی محکموں کے افسران، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکا نے کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہو کر شہر کے مختلف شاہراہوں سے گزری اور دوبارہ ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم استحصالِ کشمیر کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور عالمی برادری کو مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہیے۔

حب۔ آل حب شانِ ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ میچ کے مہمان خاص چیئرمین یونین کونسل ساکران غلام رسول واہورہ سمیت دیگر کھلاڑیوں کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

حب۔ پہلا آل بھوتانی کارواں T20 کرکٹ لیگ کے کھلاڑیوں کا میچ سے قبل لیا گیا گروپ فوٹو

روہڑی میں پی ٹی آئی کا یومِ سیاہ، نعروں کی گونج میں احتجاجی ریلی

عمران خان سمیت تمام سیاسی رہنماں کی رہائی، شفاف انتخابات کا مطالبہ

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) روہڑی میں پی ٹی آئی کا یومِ سیاہ، نعروں کی گونج میں احتجاجی ریلی عمران خان سمیت تمام سیاسی رہنماں کی رہائی، شفاف انتخابات کا مطالبہ مظاہرے کے بعد حاجی نیک محمد چھچھن سمیت متعدد کارکنان کو روہڑی پولیس نے حراست میں لے لیا تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) تعلقہ روہڑی کی جانب سے 5 اگست کو سابق وزیراعظم اور پارٹی کے بانی چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے تین سال مکمل ہونے پر یوم سیاہ منایا گیا اس سلسلے میں ٹنڈو بورا سے روہڑی پریس کلب تک ایک بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی شرکا نے ہاتھوں میں پارٹی جھنڈے، بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر عمران خان کی تصاویر ان کی رہائی کے مطالبات اور مختلف نعرے درج تھے ریلی شہر کے مختلف راستوں سے گزرتی ہوئی روہڑی پریس کلب پہنچی جہاں کارکنوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا عمران خان اور دیگر زیر حراست رہنماں کی رہائی کے حق میں زوردار نعرے بازی کی اور اپنے مطالبات کے حق میں قرارداد بھی منظور کی احتجاجی مظاہرے کی قیادت پی ٹی آئی تعلقہ روہڑی کے رہنما حاجی نیک محمد چھچھن کر رہے تھے انہوں نے کارکنوں سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان، شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد اور دیگر پارٹی رہنماں کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور ملک میں آزاد، منصفانہ اور شفاف انتخابات کرائے جائیں تاکہ عوام اپنی مرضی کے نمائندے منتخب کر سکیں انہوں نے دعوی کیا کہ آج سے تین سال قبل عمران خان کو غیر آئینی اور غیر قانونی طریقے سے گرفتار کیا گیا اور ان کے خلاف سیاسی بنیادوں پر مقدمات قائم کیے گئے ان کے بقول عمران خان گزشتہ تین برس سے قید میں ہیں اور انہیں بنیادی قانونی اور انسانی حقوق سے بھی محروم رکھا جا رہا ہے حاجی نیک محمد چھچھن نے مزید کہا کہ عمران خان کو نہ وکلا سے مناسب ملاقات کی اجازت دی جا رہی ہے اور نہ ہی اہلِ خانہ، بہنوں اور دیگر قریبی رشتہ داروں کو باقاعدگی سے ملاقات کا موقع دیا جا رہا ہے ان کے مطابق انہیں تنہائی میں رکھا گیا ہے جو انسانی حقوق اور انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے مقررین نے اپنے خطابات میں الزام عائد کیا کہ گزشتہ تین برس کے دوران ملک میں آئین، جمہوری اقدار اور عوامی مینڈیٹ کو نقصان پہنچایا گیا ہے ان کا کہنا تھا کہ ایک عوامی حمایت رکھنے والے رہنما کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا جس سے جمہوری نظام متاثر ہوا ہے شرکا نے وفاقی حکومت سے مستعفی ہونے آئین کی بالادستی یقینی بنانے اور فوری طور پر آزاد، منصفانہ اور شفاف انتخابات کرانے کا مطالبہ کیا احتجاج کے اختتام پر عمران خان اور دیگر زیر حراست سیاسی رہنماں کی رہائی کے حق میں بھرپور نعرے بازی کی گئی

ضلع ملاکنڈ کیلئے تقریباً ڈیڑھ ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی گئی ہے، شکیل احمد

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر مواصلات و تعمیرات شکیل احمد نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے ضلع ملاکنڈ خصوصاً حلقہ PK-23 کی پائیدار ترقی کے لیے تقریباً ایک ارب 50 کروڑ روپے مالیت کے اہم ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی ہے، جن پر جلد عملی کام کا آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کی ٹینڈرنگ کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور تعمیراتی سرگرمیاں شفافیت اور معیار کو یقینی بناتے ہوئے جلد شروع کی جائیں گی۔ ان منصوبوں میں بخشیلے سے فلنگئی تک اہم رابطہ سڑک کی تعمیر بھی شامل ہے،

انڈونیشیا، پائلٹ کے سوٹ کیس سے 70 ہزار نشہ آور گولیاں برآمد

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے دارالحکومت جکارتہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ایک غیر ملکی پائلٹ کو تقریباً 70 ہزار ایکسٹیسی گولیاں اسمگل کرنے کی کوشش کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق انڈونیشیا کے ایک ایئرپورٹ میں پائلٹ کے سوٹ کیس سے 26 کلو گرام منشیات کی گولیاں برآمد ہوئیں

سوراب۔ صدر انجمن معذوران برکت اللہ سعدی رکنِ صوبائی اسمبلی سوراب نوابزادہ میر ظفر اللہ خان زہری سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں ہر سال 5 اگست کو یومِ استحصالِ کشمیر منایا جاتا ہے، میر امداد حسین مری

پاکستان اس موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن اور منصفانہ حل کی حمایت کرتا ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) میر امداد حسین مری سیاسی و قبائلی رہنما اور امن کمیٹی کے رکن کا یوم استحصالِ کشمیر پر بیان میر امداد حسین مری نے کہا کہ پاکستان میں ہر سال 5 اگست کو یومِ استحصالِ کشمیر منایا جاتا ہے تاکہ 5 اگست 2019 کے ان اقدامات کو یاد رکھا جائے جب بھارت نے جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرتے ہوئے آرٹیکل 370 اور 35A میں تبدیلیاں کیں اور خطے کی انتظامی حیثیت تبدیل کر دی انہوں نے کہا کہ پاکستان اس موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن اور منصفانہ حل کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کے لیے ایک اہم مسئلہ ہے اور اس کا حل متعلقہ بین الاقوامی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے تلاش کیا جانا چاہیے۔ کمانڈر میر امداد حسین مری نے کہا کہ یوم استحصالِ کشمیر ہمیں کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی، امن، انصاف اور انسانی حقوق کی اہمیت کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے پاکستانی عوام سے اپیل کی کہ وہ 5 اگست کو کشمیری عوام کے ساتھ اپنی اخلاقی اور سفارتی یکجہتی کا اظہار کریں اور خطے میں امن، استحکام اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے دعا کریں۔

بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماؤں کا مشاورتی اجلاس

اجلاس حاجی عبدالکریم لانگو کی میزبانی میں منعقد ہوا

حب (نمائندہ بولان) بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماؤں کا مشاورتی اجلاس حاجی عبدالکریم لانگو کی میزبانی میں منعقد ہوا اجلاس میں بھوتانی عوامی کارواں حب کے رہنماؤں کارکنوں نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی مشاورتی اجلاس میں آئندہ کا لائحہ عمل، عوامی رابطہ کاری، بھوتانی عوامی کارواں کو مزید مضبوط بنانے اور شمولیتی پروگرام کو ترتیب دینے سمیت حب کے عوامی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا مشاورتی اجلاس سے ایڈوکیٹ محمد اقبال جاموٹ، میر صفدر خان مگسی، حاجی عبدالکریم لانگو، ایڈوکیٹ محمد اسلم مینگل، ایڈوکیٹ عبدالرحمٰن میر جت، سرور رونجھو، فرید دلاری، وڈیرہ عبدالرزاق گجر، محمد علی بزنجو، غلام حسین لاشاری، حاجی عبدالکریم چھٹہ، عبدالولی خلجی، خالد موندرہ، حاجی عبدالشکور لانگو، جمعہ خان ساسولی، باقی رند سمیت دیگر نے خطاب ہوئے کہا کہ ان چند سالوں میں مخالفین کی جانب سے بھوتانی عوامی کارواں کے خلاف جو حربے استعمال کیئے گئے اور کارواں کو ختم کرنے کے لیئے اڑی چھوٹی کا زور لگا گیا مگر مخالفین کے تمام حربوں کے سامنے کارواں کے دوست نے سیسہ پلائی دیوار کی طرح ثابت قدم کھڑے رہے جس پر بھوتانی عوامی کارواں ضلع حب کے تمام کارکنان کو سلام پیش کرتے ہیں کہ وہ اس مشکل گھڑی میں اپنے قائدین کے ساتھ شانا بشانہ کھڑے رہے اور مخالفین کو باور کروایا کہ بھوتانی عوامی کارواں ضلع حب کا ایک مضبوط، منظم اور متحد کارواں ہے انہوں نے کہا کہ بھوتانی برادران کی قیادت و رہنمائی میں بھوتانی عوامی کارواں کے تمام سینئر دوست حب کے تمام وارڈز میں اپنی عوامی رابطہ کاری مہم کو مذید تیز کریں اور شمولیتوں کے پروگرام مزترتیب دیں اس وقت حب کے بہت سے علاقائی معززین و سیاسی کارکنان بھوتانی عوامی کارواں میں شمولیت اختیار کرنے کے لیئے تیار ہیں انشاء اللہ ضلع حب میں بھوتانی عوامی کارواں میں شمولیت کا ایک نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہو جائے گا انہوں نے کہا کہ بھوتانی برادران کی قیادت و رہنمائی میں بھوتانی عوامی کارواں کو ضلع حب کے کونے کونے میں مذید مضبوط بنائیں گے اور بھوتانی برادران کے پیغام گھر گھر پہنچائیں گے، بھوتانی عوامی کارواں محبتوں کا کارواں ہے جسے اوچھے ہتھکنڈوں، جھوٹی ایف آئی آرز اور لالچ کے ذریعے ختم نہیں کیا جا سکتا ہے ان چند سالوں میں جو حربے کارواں خلاف استعمال کیئے گئے اس سے کارواں مذید مضبوط اور متحد ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ ضلع حب کے عوام کو معلوم ہو چکا ہے ضلع حب کے حقیقی عوامی نمائندے بھوتانی برادران ہیں جنہوں نے ان مشکلات حالات میں بھی اپنے لوگوں کو تنہا نہیں چھوڑا اور ہمہ وقت عوام کے ساتھ رابطے میں رہے اسی وجہ سے بھوتانی برادران حب کے عوام کے دلوں میں راج کر رہے ہیں اس موقع پر سردار فدا نورزئی، شوکت بگٹی، عبدالمجید بندیجہ، حاجی اکبر شیخ، محمد حنیف شیخ، ماسٹر قیوم، حاجی کریم چھٹہ، عبدالفتاح چھٹہ، حامد کھوسہ، علی حسن مری، عبدالجبار رند، ملک مری، عبدالفتح چھٹہ، عبدالستار چھٹہ، وڈیرہ لال بخش، عبدالغنی پالاری، شامیر پالاری، بہرام ساجدی، نور رزئی، ہرلیش کمار، انیل کمار سمیت دیگر کارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی

نیشنل پریس کلب اور فاطمہ الزہرا میڈیکل سینٹر کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پریس کلب اسلام آباد اور فاطمہ الزہرا میڈیکل سینٹر کے درمیان صحافیوں اور ان کے اہل خانہ کو معیاری اور رعایتی طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیئے گئے۔ نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال اور مرکزی مسلم لیگ کے صدر انعام الرحمان کمبوہ نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے، معاہدے کے تحت صحافیوں اور این پی سی سٹاف کو او پی ڈی اور ماہر ڈاکٹروں کی فیس میں خصوصی رعایت، لیبارٹری ٹیسٹوں پر 40 فیصد، ایکسرے پر 10 فیصد اور ڈینٹل سروسز پر 20 فیصد رعایت دی جائے گی،

کے ڈی اے کی مالی وصولیوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

کراچی (این این آئی) ادارہ ترقیات کراچی (کے ڈی اے) کی مالی وصولیوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جہاں جولائی 2026 کے دوران ماہانہ ریکوری 22 کروڑ 14 لاکھ روپے سے تجاوز کر گئی، جو گزشتہ ایک سال کے دوران سب سے زیادہ وصولی قرار دی جا رہی ہے۔ اس سے قبل کے ڈی اے کی ماہانہ ریکوری اوسطاً 12 سے 14 کروڑ روپے کے درمیان رہی تھی۔

آل حب شانِ ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ

ینگ بلوچ کلب حب کو ایک کے مقابلے میں دو گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا

حب (نمائندہ بولان) آل حب شانِ ساکران ڈسٹرکٹ اوپن فٹ بال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول ساکران کے گراؤنڈ میں کھیلے گئے ایک دلچسپ اور سنسنی خیز میچ میں حب شاہین کلب حب نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ینگ بلوچ کلب حب کو ایک کے مقابلے میں دو گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا میچ کے پہلے ہاف میں حب شاہین کلب نے جارحانہ کھیل پیش کیا ناصر نے خوبصورت موو پر پہلا گول اسکور کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی، جبکہ نوشاد نے دوسرا گول کر کے اس برتری کو مستحکم کر دیا۔ پہلے ہاف کے اختتام تک حب شاہین کلب کو دو صفر کی برتری حاصل تھی دوسرے ہاف میں ینگ بلوچ کلب نے بھرپور مزاحمت کی اور ایک پینالٹی کک حاصل کرنے میں کامیاب رہی، جس پر رحمت نے گیند کو جال میں پہنچا کر اپنی ٹیم کی جانب سے واحد گول اسکور کیا۔ تاہم حب شاہین کلب کے مضبوط دفاع نے حریف ٹیم کو مزید گول کرنے کا موقع نہ دیا اور مقررہ وقت کے اختتام پر حب شاہین کلب نے دو ایک سے کامیابی اپنے نام کر لی میچ کے دوران مختلف شخصیات کی جانب سے بہترین کارکردگی دکھانے والوں کے لیے نقد انعامات کا اعلان بھی کیا گیا۔ عادل بلوچ نے حب شاہین کلب کے گول اسکورر نوشاد کے لیے ایک ہزار روپے، اختر نے ینگ بلوچ کلب کے کھلاڑی رحمت کے لیے پانچ سو روپے، جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر حاجی جیئند بلوچ نے شاندار کمنٹری پر کمنٹیٹر استاد نظر محمد بلوچ کے لیے دو ہزار روپے نقد انعام دینے کا اعلان کیا میچ کے مہمانِ خاص چیئرمین یونین کونسل ساکران غلام رسول واہورہ تھے، جن کا گراؤنڈ آمد پر ماما اقبال واہورہ نے روایتی اجرک پہنا کر استقبال کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر حاجی جیئند بلوچ کو ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول ساکران محمد طاہر بلوچ نے اجرک پیش کی بعد ازاں مہمانِ خاص غلام رسول واہورہ نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے منتظمین کی خدمات کو سراہا اور ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے 50 ہزار روپے نقد تعاون کا اعلان کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر حاجی جیئند بلوچ، حاجی غلام نبی واہورہ، شاعر و ادیب سرمضان (رمل بلوچ)، ہیڈ ماسٹر محمد طاہر بلوچ، ڈی ایف اے حب کے میڈیا کوآرڈینیٹر ابوبکر دانش میروانی، ماما اقبال واہورہ اور دیگر معززین بھی موجود تھے

حب۔ ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر اسحاق زہری کی صدارت میں اجلاس کے بعد لیا گیا گروپ فوٹو

سوراب۔ یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی کی قیادت میں ایک یکجہتی ریلی نکالی گئی

جام میر غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری پہلا آل بھوتانی کارواں T20 کرکٹ لیگ

پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بلوچستان رائیڈرز سی سی کی پوری ٹیم 18.1 اوورز میں صرف 86 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی

حب (نمائندہ بولان) جام میر غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری پہلا آل بھوتانی کارواں T20 کرکٹ لیگ کے ایک دلچسپ میچ میں پاٹھڑہ سی سی نے عمدہ آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلوچستان رائیڈرز سی سی کو 6 وکٹوں سے شکست دے کر شاندار کامیابی اپنے نام کر لی پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بلوچستان رائیڈرز سی سی کی پوری ٹیم 18.1 اوورز میں صرف 86 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی پاٹھڑہ سی سی کی جانب سے ندیم جمالی نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ جاوید یوسف چھٹہ، صدام حسین اور عامر نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کر کے حریف ٹیم کی بیٹنگ لائن کو ابتدا ہی سے دباؤ میں رکھا 87 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاٹھڑہ سی سی نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے مطلوبہ ہدف محض 10.3 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ فیصل بشیر نے 35 رنز کی عمدہ اننگز کھیل کر کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا، جبکہ گوہر خان نے 19 اور سلطان نے ناقابلِ شکست 13 رنز بنا کر ٹیم کو یادگار فتح سے ہمکنار کیا اس شاندار کامیابی پر پاٹھڑہ سی سی کے تمام کھلاڑی، ٹیم انتظامیہ اور شائقین کرکٹ مبارکباد کے مستحق ہیں امید ہے کہ ٹیم آئندہ میچوں میں بھی اسی جذبے، نظم و ضبط اور بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی کامیابیوں کا سلسلہ برقرار رکھے گی

کراچی کی 6 اہم شاہراہیں بند، شہر بھر میں بدترین ٹریفک جام، شہری رل گئے

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں احتجاج کے باعث چھ اہم شاہراہیں ٹریفک کے لیے بند کر دی گئیں، جس کے نتیجے میں مختلف علاقوں میں شدید ٹریفک جام دیکھنے میں آیا اور شہریوں کو اپنی منزلوں تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق ایم آر کیانی روڈ سے فوارہ چوک تا دین محمد وفائی روڈ دونوں اطراف ٹریفک کے لیے بند رہی، جبکہ کوسٹ گارڈ سے اینگل چوک تا سرور شہید روڈ بھی مکمل طور پر بند کر دی گئی۔

ضلع انتظامیہ قمبر شہداد کوٹ کی جانب سے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ریلی

چیئرمین ضلع کونسل قمبر شہداد کوٹ حاجی قمر دین گوپانگ کی قیادت میں ڈی سی آفس قمبر میں قومی پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی گئی

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ملک بھر کی طرح ضلع انتظامیہ قمبر شہداد کوٹ کی جانب سے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر قمبر شہداد کوٹ کامران حسین مشتاق، ایس ایس پی قمبر حسن سردار نیازی اور ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی / چیئرمین ضلع کونسل قمبر شہداد کوٹ حاجی قمر دین گوپانگ کی قیادت میں ڈی سی آفس قمبر میں قومی پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس کے بعد گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول قمبر سے بھٹو چوک تک کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک ریلی نکالی گئی ریلی میں ضلع انتظامیہ کے ماتحت کام کرنے والے مختلف محکموں کے افسران و ملازمین اساتذہ طلبہ اسکاؤٹس پولیس اہلکاروں سیاسی و سماجی تنظیموں کے نمائندوں میڈیا کے نمائندوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکا نے کشمیری عوام کے حق میں اور بھارت کے غیر قانونی اقدامات کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اس موقع پر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنا اقوامِ متحدہ کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

قائداعظم ہاؤس میوزیم میں ڈاکٹر عائشہ جلال کا لیکچر: جناح، فلسطین اور عالمی بحرانوں پر اظہارِ خیال

کراچی (این این آئی) قائداعظم ہاؤس میوزیم کے "انسٹیٹیوٹ آف نیشن بلڈنگ" نے آج فلیگ اسٹاف ہاؤس میں ایک فکر انگیز لیکچر کا انعقاد کیا جس میں تعلیمی، صحافتی اور سماجی حلقوں کی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ لیکچر کی مہمانِ خصوصی ڈاکٹر عائشہ جلال تھیں جو ٹفٹس یونیورسٹی میں میری رچرڈسن پروفیسر آف ہسٹری ہیں اور قائداعظم و جنوبی ایشیائی سیاست پر دنیا کی ممتاز محققین میں شمار ہوتی ہیں۔ اپنے پُراثر خطاب میں ڈاکٹر جلال نے فلسطین کے حوالے سے قائداعظم کے تاریخی موقف کا جائزہ پیش کیا

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جمعرات 6 اگست 2026، بمطابق 22 صفر 1448ھ

دہشتگردی واقعات، پاکستان گلوبل ٹیررازم انڈیکس میں دوسرے نمبر پر آگیا

دہشتگردی کے اثرات کے لحاظ سے 163 ممالک (دنیا کی آبادی کا 99.7 فیصد) کی درجہ بندی کی گئی ہے، ان اشاریوں میں دہشتگردی کے واقعات، ہلاکتوں، زخمیوں اور یرغمالیوں کی تعداد شامل ہے

یہ مسلسل پانچواں سال ہے جس میں دہشتگردی سے متعلق اموات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور پاکستان کے لیے گزشتہ دہائی میں سال بہ سال سب سے بڑا اضافہ ہوا ہے، یہ رجحان دہشتگرد حملوں کی تعداد میں اضافے سے ظاہر ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) گلوبل ٹیررازم انڈیکس 2025 میں پاکستان دوسرے نمبر پر پہنچ گیا جبکہ گزشتہ سال کے دوران دہشت گرد حملوں میں ہلاکتوں کی تعداد 45 فیصد اضافے کے ساتھ 1081 ہوگئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انسٹی ٹیوٹ فار اکنامکس اینڈ پیس (آئی ای پی) کی جانب سے شائع کردہ گلوبل ٹیررازم انڈیکس 2025 میں گزشتہ 17 برسوں کے دوران دہشت گردی کے اہم رجحانات اور نمونوں کا جامع خلاصہ فراہم کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں دہشت گردی کے اثرات کے لحاظ سے 163 ممالک (دنیا کی آبادی کا 99.7 فیصد) کی درجہ بندی کی گئی ہے، ان اشاریوں میں دہشت گردی کے واقعات، ہلاکتوں، زخمیوں اور یرغمالیوں کی تعداد شامل ہے۔ یہ مسلسل پانچواں سال ہے جس میں دہشت گردی سے متعلق اموات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور پاکستان کے لیے گزشتہ دہائی میں سال بہ سال سب سے بڑا اضافہ ہوا ہے، یہ رجحان دہشت گرد حملوں کی تعداد میں اضافے سے ظاہر ہوتا ہے جو 2023 میں 517 سے بڑھ کر 2024 میں 1099 ہو گیا ہے، یہ پہلا سال ہے جب انڈیکس کے آغاز کے بعد سے حملوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ گزشتہ روز جاری ہونے والے 12ویں سالانہ گلوبل ٹیررازم انڈیکس (جی ٹی آئی) کے مطابق دہشت گرد حملے ریکارڈ کرنے والے ممالک کی تعداد 58 سے بڑھ کر 66 ہوگئی ہے۔ اس سے تقریباً ایک دہائی کی بہتری الٹ گئی ہے، جس میں 45 ممالک کی حالت بگڑ رہی ہے اور 34 میں بہتری آئی ہے، 4 مہلک ترین دہشت گرد گروہوں نے 2024 میں تشدد میں اضافہ کیا، جس سے ہلاکتیں 11 فیصد بڑھیں، مغرب میں اب انفرادی دہشت گرد حملوں کا غلبہ ہے جو گزشتہ 5 برسوں کے دوران ہونے والے مہلک حملوں کا 93 فیصد ہے۔ غزہ تنازع نے مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کو بڑھادیا ہے اور مغرب میں نفرت پر مبنی جرائم کو ہوا دے رہا ہے جبکہ ایران میں دہشت گردی سے ہلاکتوں میں اضافہ ہوا ہے 2024 میں عالمی دہشت گردی میں ہلاکتوں کا سلسلہ جاری رہا، دہشت گردی سے سب سے زیادہ ہلاکتیں برکینا فاسو، پاکستان اور شام میں ہوئیں، برکینا فاسو دنیا بھر میں ہونے والی اموات کا پانچواں حصہ ہے۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) تیزی سے بڑھتا ہوا دہشت گرد گروہ بن کر ابھرا ہے اور ہلاکتوں میں 90 فیصد اضافے کا سبب بنا ہے، کالعدم ٹی ٹی پی دوسرے سال بھی پاکستان کی مہلک ترین دہشت گرد تنظیم بنی ہوئی ہے، یہ 2024 میں پاکستان میں 52 فیصد اموات کی ذمہ دار تھی۔ گزشتہ سال ٹی ٹی پی نے 482 حملے کیے، جن کے نتیجے میں 558 ہلاکتیں ہوئیں جو گزشتہ سال کے 293 ہلاکتوں کے مقابلے میں 91 فیصد زیادہ ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ افغانستان میں طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد سے پاکستان میں دہشت گردی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، افغانستان سے سرگرم دہشت گرد گروہوں نے بالخصوص پاک۔افغان سرحد پر اپنے حملوں میں اضافہ کر دیا ہے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے صوبے سب سے زیادہ متاثرہ علاقے ہیں 2024 میں پاکستان میں ہونے والے 96 فیصد سے زائد دہشت گردی کے حملے اور ہلاکتیں مغربی سرحدی علاقوں میں ہوئیں۔ افغانستان میں طالبان کی اقتدار میں واپسی کے بعد سے ٹی ٹی پی نے آپریشنل آزادی اور سرحد پار محفوظ پناہ گاہوں تک رسائی میں اضافے کا فائدہ اٹھایا ہے، طالبان کی اقتدار میں واپسی نے کالعدم ٹی ٹی پی کو زیادہ سے زیادہ استثنیٰ کے ساتھ حملوں کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل درآمد کرنے کی اجازت دی ہے۔ ٹی ٹی پی ریاستی اختیار کو کمزور کرنے اور فوجی کارروائیوں میں خلل ڈالنے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور بنیادی ڈھانچے کو مسلسل نشانہ بنا رہی ہے

پروریٹا سسٹم کے تحت چارج اضافی یونٹس پر سستا ٹیرف لگانے کے احکامات جاری

پروریٹا سسٹم کے تحت چارج اضافی یونٹس پر پروٹیکٹڈ صارفین کا ٹیرف لگایا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی حکومت نے پروریٹا نظام پر اوور بلنگ کی مد میں بجلی صارفین کو بڑا ریلیف دیدیا، پروریٹا سسٹم کے تحت چارج اضافی یونٹس پر سستا ٹیرف لگانے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ پروریٹا سسٹم کے تحت چارج اضافی یونٹس پر پروٹیکٹڈ صارفین کا ٹیرف لگایا جائے گا، پروٹیکٹڈ کیٹیگری کے تحت صارفین کو 27 کی بجائے 13 روپے یونٹ ٹیرف لگانے کا حکم دیا گیا ہے

صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ سے پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر میر دوستین ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

زرمبادلہ ذخائر میں بہتری معیشت کیلئے مثبت ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے ایک ماہ میں 4 ارب ڈالر سے زائد مالیت کی ترسیلات وطن بھیج کر ریکارڈ قائم کردیا

ملکی تاریخ میں پہلی بار رواں مالی سال کے 9 ماہ میں ترسیلات زر 28 ارب ڈالر کی سطح عبور کر گئی، سٹیٹ بینک کا اعلامیہ

کراچی (جی این ایم) بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے ایک ماہ میں 4 ارب ڈالر سے زائد مالیت کی ترسیلات وطن بھیج کر ریکارڈ قائم کر دیا، پاکستان کی ترسیلات زر نے سابق تمام ریکارڈ توڑ ڈالے، ملکی تاریخ میں پہلی بار رواں مالی سال کے 9 ماہ میں ترسیلات زر 28 ارب ڈالر کی سطح عبور کر گئی، دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی گئیں ترسیلات زر کا حجم پہلی بار 4 ارب ڈالر کی حد عبور کر گیا۔ سٹیٹ بینک کی طرف سے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ مارچ کے مہینے میں مجموعی طور پر 4 ارب 10 کروڑ ڈالر (4.1 ارب ڈالر) کی ترسیلات موصول ہوئیں، جو ایک نیا ریکارڈ ہے۔ ملکی ترسیلات زر ایک ماہ میں 37.3 فیصد اور ایک سال میں 29.8 فیصد بڑھی ہیں۔ اعلامیے میں مزید یہ بھی بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال جولائی تا مارچ مجموعی طور پر 28 ارب ڈالر کی ترسیلات موصول ہوئیں جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں 21 ارب ڈالر کی ترسیلات موصول ہوئی تھیں۔ مارچ 2025 کے دوران سعودی عرب سے 98 کروڑ 37 لاکھ ڈالر، متحدہ عرب امارات سے 84 کروڑ 21 لاکھ ڈالر۔ برطانیہ سے 68 کروڑ 39 لاکھ ڈالر اور امریکہ سے 41 کروڑ 95 لاکھ ڈالر موصول ہوئے۔ خیال رہے کہ اس سے قبل سٹیٹ بینک آف پاکستان جاری کردہ رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں جولائی 2024 تا فروری 2025 کے دوران سمندر پار مقیم پاکستانیوں نے گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ کے مقابلہ میں 32.5 فیصد زیادہ ترسیلات زر بھجوائی تھیں اور اس دوران ترسیلات زر کے محصولات کا حجم 24 ارب ڈالر تک بڑھ گیا تھا۔ اس عرصہ کے دوران سعودی عرب سے 5.89 ارب ڈالر جبکہ متحدہ عرب امارات سے 4.85 ارب ڈالر کی ترسیلات زر وصولیاں ہوئی تھیں۔ اقتصادی تجزیہ کاروں کا اس حوالے سے کہنا تھا

معاشی پالیسی پر عملدرآمد اور عوام کو ریلیف دیتے آگے بڑھ رہے ہیں، مریم اورنگزیب

سینئر وزیر مریم اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے وفد کی ملاقات، عالمی بینک اور پنجاب حکومت میں تین شعبوں میں تعاون پر اتفاق

مالیاتی نظم وضبط، زراعت، صنعت اور تجارت کے لیے سہولیات سے ترقی کی شرح میں اضافہ ہوگا' سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے وفد نے ملاقات کی۔ ورلڈ بنک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجے بن ہیسن کی قیادت میں وفد آپریشن آفیسر ثمن عامر، ڈیزاسٹر مینجمنٹ سپیشلسٹ احسن تحسین پر مشتمل تھا۔ اس موقع پر عالمی بینک اور پنجاب حکومت میں تین شعبوں میں تعاون پر اتفاق رائے کیا گیا۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے، ہوا کے معیار میں بہتری، متبادل توانائی، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، کاربن فنانسنگ، کلائمٹ ریزی لینٹ پنجاب کے حوالے سے مل کر کام کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گورننس کے پورے نظام میں تبدیلی لانے کی جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے مختصر ترین مدت میں ریکارڈ ترقیاتی اور سماجی بہبود کے کام کئے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب میں اصلاحات کے لئے عالمی ماہرین اور اداروں کی خدمات حاصل کررہی ہیں، مریم اورنگزیب نے کہا کہ ڈیجیٹل پنجاب کے تحت سرکاری شعبے کی خدمات کو عوام کے گھر کی دہلیز پر پہنچانے کے نظام نے کام شروع کر دیا ہے۔ صوبہ پنجاب نے ٹیکس فری اور اپنے وسائل سے بجٹ دے کر ایک نئی مثال قائم کی ہے۔ سینئر وزیر نے وفد سے گفتگو میں کہا کہ مالیاتی نظم وضبط، زراعت، صنعت اور تجارت کے لیے سہولیات سے ترقی کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ 500 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے عوام کو سولر پینل فراہم کریں گے۔ ذمہ دارانہ معاشی پالیسی پر عمل درآمد اور عوام کو ریلیف دیتے ہوئے آگے بڑھ رہے ہیں۔ مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ جدید فارمنگ، کسان کارڈ، لائیو سٹاک کارڈ، زراعت میں جدید مشینری کے استعمال اور ایک چھت تلے تمام زرعی سامان کی فراہمی کے لئے اقدامات کر رہے ہیں۔ مریم اورنگزیب نے ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنج، زہریلے دھوئیں کے تدارک اور سموگ کے خاتمے کے لئے وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن اور اب تک کے اقدامات سے بھی آگاہ کیا اور کہا کہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کا جامع نظام لا رہے ہیں۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے بتایا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں اور ایئر کوالٹی انڈیکس کو بہتر بنانے کے لئے پہلی بار مختلف شعبوں کے لئے پلان بنایا گیا ہے۔ پہلی بار ہنگامی، درمیانی اور طویل مدتی اہداف طے کئے گئے ہیں۔ سینئر وزیر نے کہا کہ پہلی بار ماحولیاتی تحفظ، سموگ، زہریلے دھوئیں کے اخراج اور ایئر کوالٹی کے معیار کی بہتری کے لیے بھی پیشگی حفاظتی اقدامات کئے گئے ہیں۔

دوران حراست بڑھتی اموات، کشمیری نظر بندوں کی سلامتی بارے اظہار تشویش

مودی حکومت کو بھی بنگلہ دیش جیسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، سیاسی رہنماؤں کا انتباہ

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے جیلوں اور تھانوں میں حراستی اموات کے بڑھتے ہوئے واقعات کے پیش نظر بند حریت رہنماؤں، کارکنوں اور نوجوانوں کی سلامتی کے حوالے سے گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ حریت رہنماؤں اور کارکنوں کی غیر قانونی نظر بندی کو اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے طول دیا جا رہا ہے، نظر بندوں کو طبی سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کل جماعتی حریت کانفرنس کے چیئرمین مسرت عالم بٹ، شبیر احمد شاہ، یاسین ملک، آسیہ اندرابی اور دیگر نظر بندوں کے عزم وہمت کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ نظر بندوں اور شہداء کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ کل جماعتی حریت کانفرنس نے اقوام متحدہ اور عالمی عدالت انصاف سے مطالبہ کیا کہ وہ زیر حراست حریت رہنماؤں، کارکنوں اور نوجوانوں کی حالت زار کا جائزہ لینے کیلئے اپنی ٹیمیں مقبوضہ علاقے میں بھیجیں۔ ضلع ریاسی میں ایک 25 سالہ شہری تھانے میں پراسرار حالت میں مردہ پایا گیا ہے۔ شہری کو ضلع کے کٹرہ تھانے میں مردہ پایا گیا۔ شہری کی ہلاکت کے خلاف اسکے آبائی گاؤں متھیال میں اہلخانہ اور

حکومت نے کہا تھا نیب کو ختم کرینگے، آج اسے مضبوط کر رہی ہے، شاہد خاقان عباسی

پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس کا احتساب کا ادارہ سب سے زیادہ کرپٹ ہے

چار ترامیم کے بعد بھی احتساب کے ادارے کی حالت نہیں بدلی، ارب پتی ہو کر نیب کے افسران ادارے سے گئے ہیں

کراچی (جی این ایم) سابق وزیراعظم و رہنما عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس کا احتساب کا ادارہ سب سے زیادہ کرپٹ ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے کہا تھا کہ نیب کے ادارے کو ختم کریں گے مگر آج یہی حکومت اس کے ہاتھ مضبوط کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چار ترامیم کے بعد بھی احتساب کے ادارے کی حالت نہیں بدلی، ارب پتی ہو کر نیب کے افسران ادارے سے گئے ہیں۔ نیب ریفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سب لوگ اس ریفرنس کی اصل حقیقت سے واقف ہیں، سابق چیئرمین نیب جاوید اقبال کے لیے میں نے کہا تھا کہ سب سے پہلے یہی شخص ملک چھوڑ کر بھاگے گا۔ شاہد خاقان عباسی نے بتایا کہ مجھے 4 سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے اس ریفرنس کی پیشیوں پر آتے ہوئے۔ بجلی کی قیمتوں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈسٹری بیوشن کمپنی کی چوری، سرکولر ڈیبٹ کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا جا رہا، وہ آج بھی حکومت پر بوجھ ہے لیکن اگر اس کو بھی عوام پر ڈالا گیا تو 6 سے 8 روپے فی یونٹ کی لاگت اور بڑھ جائے گی۔

ملک درست سمت کی جانب گامزن ہے، سردار محمد یعقوب خان

مایوس سیاستدان ملک کی سیاسی صورتحال کو بنگلہ دیش کے حالات سے موازنہ نہ کریں، رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ ملک درست سمت کی جانب گامزن ہے مایوس سیاستدان ملک کی سیاسی صورتحال کو بنگلہ دیش کے حالات سے موازنہ نہ کریں ہم اور بنگال کے سیاست میں کافی فرق ہے موجودہ حکومت اور فوج ایک پیج پر ہیں ہماری حکومت حالات کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے ہر ادارہ آئین کے تحت کام کرے پارلیمان آزاد اور خودمختار ہے اور اسکی بالادستی قائم ہے کمزور جمہوریت ملک کی سلامتی کے لئے نیک شگون نہیں اپوزیشن اور حکومت ملکر ملک کے مسائل کو حل کر سکتی ہے ایک دوسرے کے پاؤں کھینچنے سے کسی کے ہاتھ کچھ نہیں آئے گا ملک میں اصل ایشو مہنگائی اور دہشت گردی ہے جس پر تمام جماعتوں کو سوچنا ہوگا ملک میں سیاسی ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں لڑائی جھگڑے ملکی اور عوام کے مفاد میں نہیں سی پیک کو چلنے دیا جائے بلوچ ہمارے بھائی ہیں ان سے آئین کے اندر بات چیت کرنے کے لئے تیار ہیں بلوچستان ملک کا حصہ ہے اسے کوئی نقصان پہنچانے کی ہر سازش اور کوشش کو ناکام بنا دینگے ملک کی بقاء وقومی سلامتی سب سے زیادہ عزیز ہے اس پر آنچ نہیں دینگے وسائل پر سب سے زیادہ حق مقامی آبادی کا ہونا چاہیے یہ حق انہیں ہمارے آئین نے بھی دیا ہے خواتین

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے یو این ایچ سی آر (کوئٹہ) کے سربراہ ٹیسفائی بیکلے Tesfaye Bekele ملاقات کر رہے ہیں۔

لورالائی پولیس کی کاروائی
120 گرام ہیروئن برآمد

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج نزیر احمد کرد ضلعی پولیس افسر لورالائی محمد ظفر بزدار کے خصوصی ہدایات پر زیر نگرانی جناب صدر کلیم اللہ کاکڑ انچارج IAC پولیس لورالائی Si عبدالرازق کاکڑ Asi بیت اللہ کاکڑ Asi محمد خان جعفر HC سد زخیل اور CiA کے دیگر نفری نے منشیات فروش شاولی ولد نور محمد قوم نورزے سکنہ پرانا نادرا گلی پھاڑی محلہ لورالائی کے قبضہ سے 120 گرام ہیروئن پاؤڈر برآمد کر کے ملزم کے خلاف کنٹرول آف نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

عوام کے حقوق کی آئینی جنگ لڑنے کیلئے ہر فورم پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں

شعوری تبدیلی سے ہی زوال کی زنجیروں کو توڑا جاسکتا ہے، ایڈووکیٹ عبدالحمید بنگلزئی

بولان (این این آئی) ڈسٹرکٹ بار کونسل مستونگ کے سابق صدر ایڈووکیٹ عبدالحمید بنگلزئی سے بار روم مستونگ میں بولان یونین آف جرنلسٹس کے صدر و ڈھاڈر پریس کلب کے نائب صدر محمد عارف بنگلزئی نے ملاقات کی اس موقع پر بار کونسل کے صدر سردارزادہ خلیل الزمان علیزئی، قبائلی رہنماء نور احمد بنگلزئی سمیت دیگر موجود تھے اس موقع پر بار کونسل کے سابق صدر ایڈووکیٹ عبدالحمید بنگلزئی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے حقوق کی آئینی جنگ لڑنے کیلئے ہر فورم پر خدمات سر انجام دے رہے ہیں جمہوری آئینی حق حاکمیت کیلئے باشعور جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں شعوری تبدیلی سے ہی زوال کی زنجیروں کو توڑا جاسکتا ہے موجودہ وقت علم و ہنر کا ہے ملک وصوبے میں آئینی طرز حکمرانی ہوتی تو حالات آج اس نہج پر نہیں ہوتے ترقی وخوشحالی کیلئے جمہوری طرز گوڈ گورننس کی ضرورت ہے پیچیدہ مسائل سلگتے ہوئے حالات کو ڈائیلاگ سے حل کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری نے ملک وصوبے کی تعمیر ترقی کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں سانحہ آٹھ اگست صوبے کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب وادی کوئٹہ کو خون میں نہلا دیا گیا سانحہ کوئٹہ میں وکلاء برادری سمیت عام شہریوں کو شہید کیا گیا آٹھ اگست کا دن شہیدوں کی خون کی یاد تا کہ کرتا ہے انہوں نے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا

قلات غفلت یا لاپرواہی ایک ہفتے بعد بھی
پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بحال نہ ہوسکی

قلات (این این آئی) قلات غفلت یا لاپرواہی ایک ہفتے بعد بھی پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بحال نہ ہوسکی۔ طلباء وطالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا گزشتہ ایک ہفتے سے انٹرنیٹ نہ ہونے کی وجہ سے طلباء وطالبات کی آن لائن کلاسز کا حرج ہونے لگا قلات میں ایک ہفتے بعد بھی پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ بحال نہیں ہوسکا پی ٹی سی ایل ڈی ایس ایل کی تار گزشتہ بدھ کے روز بارش کے بعد زاوہ ندی میں سیلابی ریلوں کی وجہ فائبر اپٹیکل کٹ گیا تھا فائبر اپٹیکل کے کٹنے سے قلات شہر کے سینکڑوں کنکشن منقطع ہوگئے تھے انٹرنیٹ کی بندش سے صحافیوں اور آن لائن کلاسز لینے والے طلباء وطالبات کو مشکلات کا سامنا ہے۔

سینیٹر محمد اورنگزیب سے ترک وزیر تجارت کی قیادت میں وفد کی ملاقات

پاکستان ترکیہ کیساتھ تجارت، سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے میں پرعزم ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات قائم ہیں، پاکستان ترکیہ کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے میں پرعزم ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعرات کو یہاں ترکیہ کے وزیر تجارت پروفیسر ڈاکٹر عمر بولات کی قیادت میں ترکیہ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خزانہ نے ترکیہ کے وزیر اور ان کے وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور دونوں ممالک کے درمیان مضبوط اور دیرینہ برادرانہ تعلقات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر ممالک کے درمیان دو طرفہ اقتصادی اور تجارتی ترقی کے مزید امکانات موجود ہیں۔ ترکیہ کے وزیر تجارت نے دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور ترک صدر رجب طیب اردوان کی خاص طور پر تجارت اور سرمایہ کاری کو بڑھانے پر توجہ دینے کے حوالے سے مشترکہ عزم کا حوالہ دیا اور کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون میں اضافہ کی استعداد موجود ہے۔ انہوں نے خدمات، صحت، تعلیم، طب اور فیشن سمیت ممکنہ سرمایہ کاری کے لیے کلیدی شعبوں کی نشاندہی بھی کی۔

شریف خاندان شیخ حسینہ کے روش پر چل رہا ہے انجام بھی وہی ہوگا، بیرسٹر سیف

الیکشن ترمیمی ایکٹ، بیرسٹر سیف کا سپریم کورٹ سے از خود نوٹس لینے کا مطالبہ

اقدام سپریم کورٹ فیصلے کیخلاف ورزی، حکومت توہین عدالت کی مرتکب ہوئی ہے

پشاور (انٹرنیوز) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے الیکشن ترمیمی ایکٹ پر سپریم کورٹ سے از خود نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقدام سپریم کورٹ فیصلے کیخلاف ورزی، حکومت توہین عدالت کی مرتکب ہوئی ہے، شریف خاندان شیخ حسینہ کی روش پر چل رہا ہے، ملک کو بنانا ریپبلک بنایا ہوا ہے، انجام بھی وہی ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق ایک بیان میں مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا کہ وفاقی حکومت پی ٹی آئی کی مخصوص نشستوں سے بوکھلاہٹ کا شکار ہے، الیکشن ترمیمی ایکٹ سپریم کورٹ فیصلے کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، مقصد پی ٹی آئی کو مخصوص نشستوں سے محروم رکھنے کی ناکام کوشش ہے، اقدام سے حکومت توہین عدالت کی مرتکب ہوئی، سپریم کورٹ از خود نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قانون بدنیتی پر مبنی اور مفاد عامہ کے خلاف ہے، ایسے ہی اقدامات کے نتیجے میں حسینہ واجد کا دھڑن تختہ ہوگیا، الیکشن ایکٹ میں ترمیم کر کے حکومت اداروں کو لڑانے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ کا ایک دن میں قانون پاس کرنا آئین وقانون کیساتھ مذاق ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ شریف خاندان نے ملک کو بنانا ریپبلک بنایا ہوا ہے، یہ خاندان شیخ حسینہ کی روش پر چل رہا ہے انجام بھی وہی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی سربراہی میں پی ٹی آئی ہی ملک کو موجودہ دلدل سے نکال سکتی ہے۔

عوام کے غیر متزلزل اعتماد کے بغیر جمہوریت کا پنپنا مشکل ہے، وزیراعلیٰ سندھ

حکومتوں کے پاس سوائے ایماندار اور ذمہ دار سرکاری ملازمین پر انحصار کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے

سید مراد علی شاہ کا 35 ویں سینئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کی گریجویشن تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ اگر عوام سرکاری ملازمین کو اپنا ہمدرد نہیں مانتی تو اسے خطرے کی علامت سمجھا جائے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے 35 ویں سینئر مینجمنٹ کورس (گریڈ 19 کے افسران) کے شرکاء کی گریجویشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام 38 افسران کو بشمول 2 خواتین کو ان کے کورس مکمل کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ موجودہ ایس ایم سی گروپ میں وفاقی حکومت کے مختلف کیڈرز اور گروپس کے افسران شامل ہیں، جبکہ این آئی ایم کراچی کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں یقین دلاتا ہوں کہ حکومت سندھ اس ادارے کو اپنا ادارہ سمجھے گی، اور این آئی ایم ادارے سے اپنے روابط کو مزید مضبوط اور تعاون جاری رکھیں گے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت، شرکا کی پیشہ ورانہ ضروریات کی تکمیل پر تمام ضروری تعاون فراہم کرے گی، یقین ہے کہ اس ادارے نے گریڈ 20 عہدوں پر ترقی کیلئے تمام افسران کو علم کی بنیاد کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا ہے، اس کے علاوہ اس ادارے نے تمام افسران کو متعدد مہارتوں، پالیسی مسائل اور خدمات کی فراہمی کے چیلنجوں سے نمٹنے کے قابل بنایا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ یہ کورس آپ کی کارکردگی اور آپ کے کیریئر کی ترقی کے لیے اہم ہے، جبکہ تمام افسران نے پیشہ ورانہ کامیابی کیلئے درکار علم، مہارت حاصل کرنے کیلئے بڑی کوششیں صرف کی ہوں گی، بہت جلد آپ تمام وفاقی و صوبائی حکومتوں کے اہم اور فیصلہ ساز عہدے پر براجمان ہونے والے ہیں۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ یقین ہے کہ نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی (NSPP) کا نصاب تمام مہارتوں اور تحقیق وتجزیہ کے موضوعات پر مشتمل ہے، اس کے علاوہ تمام افسران کو ملکی مسائل جیسے موسمیاتی تبدیلی، معاشی بدحالی، جغرافیائی سیاسی غیر یقینی صورتحال اور عوامی مسائل کے چیلنجز کے قابل بنایا ہوگا۔

سینیٹر محمد اورنگزیب سے میزان بینک کے وفد کی ملاقات

پاکستان کی اقتصادی ترقی، باہمی اہداف کے حصول کیلئے تعاون کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے میزان بینک کے وفد نے ملاقات کی، وفد کی قیادت بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین ریاض ایس اے ادریس کر رہے تھے۔ وفد میں صدر اور سی ای او عرفان صدیقی، ڈپٹی سی ای او سید امیر علی بھی شامل تھے۔ ملاقات میں بینک آف پاکستان کے گورنر اور وزارت خزانہ کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران چیئرمین نے بینک کی مشرق وسطیٰ کے سب سے بڑے بینک کی حیثیت پر روشنی ڈالی جس کی پاکستان بھر میں 1000 شاخوں میں 17000 سے زائد ملازمین کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے منافع اور ترسیلات زر میں اضافہ کی سہولیات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات سے ملک کے درست اقتصادی سمت میں آگے بڑھنے کی عکاسی ہو رہی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں کلی

محکمہ تعلیم سندھ میں 6 ہزار 342 گھوسٹ اساتذہ کا انکشاف

ایف آئی اے سے بیرون ملک جانے والے اساتذہ کا ریکارڈ طلب کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ میں 6 ہزار 342 گھوسٹ اساتذہ کا انکشاف ہوا ہے اور مذکورہ اساتذہ کے خلاف کارروائی کے لیے سمری صوبائی وزیر تعلیم کو بھجوا دی گئی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) مانیٹرنگ نے سیکرٹری تعلیم سندھ کو گھوسٹ اساتذہ کے حوالے سے سمری بھجوادی ہے اور سمری میں کہا گیا ہے کہ متعدد اساتذہ گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں اور اسی طرح ریٹائرڈ ملازمین بھی تنخواہیں اور مراعات لے رہے ہیں۔ وزیر تعلیم سے سمری کے ذریعے سفارش کی گئی کہ تمام اساتذہ کی آئی ڈیز اور تنخواہیں بند کی جائیں اور گھوسٹ اساتذہ کے خلاف کارروائی کی جائے اور سیکریٹری تعلیم نے سمری منظوری کے لیے وزیر تعلیم کو بھجوا دی ہے۔ قبل ازیں مستقل غیر حاضر اساتذہ میں سے متعدد کے بیرون ملک جانے کا انکشاف ہوا تھا، جس کے بعد سندھ کے محکمہ تعلیم نے طویل عرصے سے غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا تھا۔ محکمہ تعلیم نے بتایا تھا کہ قواعد کے خلاف بیرون ملک جانے والے اساتذہ کا وفاقی تحقیقاتی ادارہ) ایف آئی اے (سے ریکارڈ طلب کر لیا

نواز شریف نے مری جاتے لیگی متوالے کے فیملی کیساتھ تصاویر بنوائیں

نواز شریف سے اچانک ملاقات اور ان کے ساتھ تصاویر کھنچوانا معجزہ ہے، لیگی متوالے

مری (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے مری جاتے لیگی متوالے کے فیملی کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم نواز شریف سے مری جاتے ہوئے مداح فیملی نے بارش کے دوران گاڑی روکنے کی درخواست کی جس پر لیگی قائد نے گاڑی روک کر متوالے کی فیملی کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔ لیگی متوالے نے کہا کہ نواز شریف سے اچانک ملاقات اور ان کے ساتھ تصاویر کھنچوانا معجزہ ہے۔

یوتھ آرگنائزیشن پاکستان بلوچستان
چیپٹر کی نئی کابینہ نے حلف اٹھالیا

کوئٹہ (این این آئی) یوتھ آرگنائزیشن پاکستان بلوچستان چیپٹر کی نئی کابینہ نے حلف اٹھالیا۔ یوتھ آرگنائزیشن پاکستان بلوچستان چیپٹر کے زیر اہتمام حلف برداری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت یوتھ آرگنائزیشن پاکستان کے صدر افان خان کاکڑ نے کی جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض اورنگزیب خان کاکڑ نے ادا کئے

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ ملاقات کر رہے ہیں

اوکاڑہ، شہری کے قتل کا مقدمہ
32 سال بعد درج، شریک ملزم گرفتار

اوکاڑہ (این این آئی) اوکاڑہ میں شہری کے قتل کا مقدمہ 32 سال بعد درج کر کے شریک ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کے ضلع اوکاڑہ کے قصبہ 45 جی ڈی میں شہری لال حسین کے قتل کا مقدمہ 32 سال بعد بھائی محمد حسین کی مدعیت میں درج کر لیا گیا۔

ڈاکٹر فیصل خان، ارسلان خان کا چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دفتر کا دورہ

تجارتی حجم بڑھانے سمیت چمن ماسٹر پلان سے متعلق پروجیکٹ حکام کو تجاویز پیش کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر فیصل خان اور پروجیکٹ ڈائریکٹر ارسلان خان نے چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دفتر کا دورہ کیا اس موقع پر فیڈریشن آف پاکستان کے سابق صدر انجینئر دارو خان اچکزئی، فیڈریشن آف پاکستان کے سابق نائب صدر حاجی جمال الدین اچکزئی، چمن میونسپل کارپوریشن کے میئر حاجی حبیب اللہ اچکزئی، چمن چیمبر آف کامرس کے سینئر نائب صدر اویس یار خان، نائب صدر حاجی محمد تسیم خان، ڈپٹی میئر مطیع اللہ خان، چمن چیمبر آف کامرس کے سابق صدور عبدالنافع جان اچکزئی، حاجی رحمت اللہ پہلوان، حاجی حمید اللہ اچکزئی چمن چیمبر کے ایگزیکٹو ممبران حاجی عبدالباری، حاجی آصف، حاجی گل شاہ، حاجی علاؤالدین خان اچکزئی صوفی عثمان خان حاجی سادہ خان، طاہر خان درانی، حاجی طاہر اچکزئی محمود خان اچکزئی، حاجی عبداللہ سمیت کثیر تعداد میں تاجر موجود تھے۔

سعودی فرمانروا نے کابینہ کو فیصلے کرنے کی
اجازت دے دی، شاہی فرمان جاری

ریاض (این این آئی) سعودی فرمانروا شاہ سلمان نے کابینہ کو اپنی اور ولی عہد و وزیراعظم محمد بن سلمان کے بغیر کابینہ اجلاس طلب کرنے کی اجازت دے دی۔ سعودی میڈیا کے مطابق سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے کابینہ کو اپنے اور وزیراعظم و ولی عہد محمد بن سلمان کے بغیر اجلاس طلب کرنے کی اجازت دینے کا شاہی فرمان جاری کر دیا

گھر کا بجلی بل 10 لاکھ روپے آیا ہے، کچھ بیچ کر ہی ادا کرنا پڑے گا، ایمل ولی

حکمران عوام کو آئی پی پیز سے نجات نہیں دلا سکتے تو بنگلا دیش کا حال دیکھ لیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ اے این پی سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ گھر کا 10 لاکھ کا بجلی بل کچھ بیچ کر ہی ادا کرنا پڑے گا، حکمران عوام کو آئی پی پیز سے نجات نہیں دلا سکتے تو بنگلہ دیش کا حال دیکھ لیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سربراہ اے این پی سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ میرے گھر کا بجلی بل 10 لاکھ روپے آیا ہے، کیا کریں کچھ بیچ کر ہی بل ادا کرنا پڑیگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کا سب سے بڑا مسئلہ بجلی کا ہے، حکمران عوام کو آئی پی پیز سے نجات نہیں دلا سکتے تو بنگلا دیش کا حال دیکھ لیں۔

گجرات، بیٹا پیدا نہ ہونے پر امام
مسجد باپ نے 3 ماہ کی بیٹی قتل کر دی

گجرات (این این آئی) گجرات میں امام مسجد باپ نے بیٹا پیدا نہ ہونے پر 3 ماہ کی بیٹی قتل کر دی۔ تفصیلات کے مطابق گجرات میں امام مسجد باپ نے بیٹا پیدا نہ ہونے کے دکھ پر 3 ماہ کی بیٹی نہر میں پھینک دی۔

کوئٹہ کے شہری سانحہ 8 اگست کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے، چوہدری نعیم کریم

سانحہ 8 اگست کے شہداء نے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کر کے ملک کی پاسداری کے لئے جو مثال قائم کی ہے اسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما چوہدری نعیم کریم نے سانحہ 8 اگست کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہری سانحہ 8 اگست کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے اس سانحہ میں ہماری ایک پڑھی لکھی پوری نسل کو ہم سے چھین لیا گیا سانحہ 8 اگست کے شہداء نے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کر کے ملک کی پاسداری کے لئے جو مثال قائم کی ہے اسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، پاکستان کے استحکام، قانون کی بالادستی، جمہوریت کے تحفظ و بحالی اور دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں

گوہر اعجاز کا آئی پی پیز کا ہر صورت فارنزک آڈٹ کرنے کا مطالبہ

آئی پی پیز کے دوست 20 ارب روپے سے زائد کی کپیسٹی چارجز کے دفاع میں سرمایہ کاری متاثر ہونے کی دلیل پیش کر رہے ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سابق نگران وزیر تجارت گوہر اعجاز نے آئی پی پیز کا ہر صورت فارنزک آڈٹ کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی پی پیز کے پلانٹس زائد قیمت پر لگائے گئے اور پلانٹس کو بند رکھ کر کپیسٹی پیمنٹس وصول کی گئیں۔ ایک بیان میں گوہر اعجاز نے کہا کہ آئی پی پیز کے دوست 20 ارب روپے سے زائد کی کپیسٹی چارجز کے دفاع میں کھل کر سامنے آ گئے ہیں اور سرمایہ کاری متاثر ہونے کی دلیل پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز کے پلانٹس زیادہ قیمت پر لگائے گئے، اوور انوائسنگ کی گئی، آئی پی پیز میں تیل کی کھپت اور مہنگا فیول استعمال کرنے بارے غلط بیانی کی گئی جبکہ پلانٹس کو بند رکھ کر کپیسٹی پیمنٹس وصول کیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جگہ سرمایہ کاری کو سکروٹنی سے استثنیٰ نہیں ہے

لاہور، وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق کا سینڈیکیٹ اجلاس کے بعد ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

زیارت، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی کال پر تمام تجارتی وکاروباری مراکز بند ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

میرا ملک میری عزت

اس آدھے گھنٹے کی بارش نے تو دل ہی دہلا کر رکھ دیا تھا۔ خوف آ رہا تھا، حالاں کہ یہ تو اوپر والے کی رحمت ہے، لیکن کیا کریں کہ ہمارے شہر میں زیادہ دیر بارش ہم افورڈ ہی نہیں کر سکتے۔

یہاں کسی کو کیا پڑی ہے، سب کراچی کو لوٹ کر کھا رہے ہیں۔

بلکہ پورے ملک کو کھایا جا رہا ہے۔ ارے ہم کو ہی چن لیتے، کم از کم ہم پورے شہر کے حالات سے تو واقف ہیں) قہقہہ (میں تو سڑکیں پہلے بنواتی، ارے بہت فنڈز ہیں۔ پیسے کم نہیں ہیں۔

پہلے ہی بجلی، گیس سے پریشان ہیں ہم۔ مہنگائی نے کمر توڑ رکھی ہے۔

دو نوکری سے لوٹنے والی خواتین کی عام سی گفتگو، لیکن بڑی گہری اور شاید کسی حد تک سچی بھی، ہم ایک طویل عرصے سے سنتے آئے ہیں کہ پاکستان کی مالی حالت کمزور ہے لیکن اس کمزوری کے راستوں سے ہم گزرتے ہی رہے ہیں اور ہر بار ایک نیا راستہ دکھ، اذیت اور آنسوؤں کے پتھروں سے اٹا نظر آتا ہے۔

آج سے کچھ دن پہلے سوات میں بچوں، بڑوں اور جوانوں کی ایک ساتھ موت دیکھ کر پاکستان میں خوف و غم کی لہر اٹھی تھی۔ سب ہی چیخ اٹھے تھے، کنارے کے اس پار کھڑے ویڈیوز بناتے لوگوں پر بھی خوب تنقید ہوئی، ایک کے بعد ایک بیان تکلیف دہ اور قہر کا ساتھ۔ سوال اٹھتا ہے کہ کیا کبھی یہ اذیت کم ہو سکے گی؟

ہم بڑے بڑے عہد کرنے والوں کو دیکھ چکے ہیں، ایک کے بعد ایک ناموں کی تختیاں بدلتی جاتی ہیں لیکن سب کچھ ویسا ہی رہتا ہے۔ ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرے کندھے تک ذمے داریوں اور الجھنوں کے پوٹ کو دھکیلتے دھکیلتے ہم اس پوٹ کو چٹکی سے پکڑ کر دریا برد ہی تو کر دیتے ہیں کہ ہم اسی قابل ہیں۔ برف جیسے جذبات رکھنے والے۔

ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، جوش بھی ہے، عقل بھی ہے لیکن عہدہ ملتے ہی سب دھندلا پڑ جاتا ہے۔ ابھی چند برسوں پہلے کی بات ہے، بارش نے جو شور بپا کیا تھا، نالوں میں طغیانی اور سڑکیں دریا بن گئی تھیں۔ تب بھی محلوں سے گزرنے والے نالوں نے بھی کئی جانوں کو نگلا تھا۔ ایک عرصے تک سفید اور پیلی حفاظتی پٹیوں نے ایک حفاظتی جنگلوں کے ساتھ کچھ سڑکوں کا محاصرہ کر رکھا تھا اور پھر سب کچھ بیٹھتا گیا۔ گرد بیٹھ گئی اور وقت گزر گیا۔ نالوں میں کچرا بھرتا گیا، ان کو بھرنے کا کام اگر عوام اور سرکاری اداروں کے عہدیداران کرتے ہیں تو ان کی طرف سے غفلت برتنے کا کام بھی عوام اور سرکاری ادارے ہی کرتے ہیں یہاں تک کہ نشئی اور مخصوص مافیا والے ناموں اور اس کے اردگرد کی حفاظتی منڈیروں سے لوہا، سریا تک کھینچ لیتے ہیں اور کون ہے ان نشے میں ڈوبے لوگوں کو روکنے والا۔ اگر انڈیا ہمارا دشمن ہے تو یہ نشئی اور خاص مافیا کیا ہمارے دوست ہیں؟

بات پھر کسی اور جانب چل نکلی ہے۔ غفلت برتنے میں ہم سب آگے آگے رہتے ہیں کہ یہ میرا شہر ہی نہیں ہے، میں تو یہاں کھانے کمانے آیا ہوں، مجھے اس سے کیا، میرا شہر تو دور کہیں ہے۔ وہ دور سندھ، پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختونخوا ہوتا ہے، بس کہانی چلتی رہتی ہے۔

پچھلے چند برسوں میں بھی سنا تھا کہ خزانہ بھر کر فنڈز ملے تھے پھر سب کہاں گئے؟ اب اس سال بھی سنا تو ہے کہ پیسہ بہت ہے، ملک بھر کا حال یہی ہے۔ ایک سیاح خاندان سیر و تفریح کے لیے نکلتا ہے، اپنا پیسہ خرچ کرتا ہے لیکن جب دریا کے بیچ پھنس جاتا ہے تو بس دہائیاں دیتا ہی رہ جاتا ہے۔ ریسکیو والا آیا بھی تو غریب کے پاس ایک رسی بھی نہ تھی بچانے کے واسطے۔ خود ملاحظہ کر لیں، پچھلے دنوں کی ویڈیو۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ پندرہ منٹ نہیں تو ایک آدھ گھنٹے میں ہی ریسکیو کے لیے ہیلی کاپٹر آنا تھا، ایک دو نہیں اٹھارہ انیس انسانوں کی جان کا معاملہ تھا۔ پر جناب! کہاں، ہم ایک دوسرے کو اپنی غربت کی کہانیاں سنا رہے ہیں۔ کیا متعلقہ ڈسٹرکٹ میں واقعی فوری طور پر ایسا کچھ بھی نہ تھا، یا صوبے میں؟ کیا واقعی عوام کی جان فوری طور پر بچانے کے لیے ہمارے خالی خزانے منہ چڑا رہے ہیں؟

ابھی چند دنوں پہلے ہی کی خبر ہے، جب خیبر پختونخوا میں گزشتہ اور حالیہ سال کے دوران اربوں روپے کی بے ضابطگیوں اور کرپشن کا سنگین انکشاف سامنے آیا ہے۔ 147 ارب اٹھارہ کروڑ روپوں کی بے ضابطگی۔ خدا کا خوف۔۔۔۔صرف یہی نہیں، دوسرے چھوٹے صوبے کے متعلق بھی ایسی ہی کرپشن کی رپورٹ نظر سے گزری۔ ٹن بلین ٹری سونامی پروگرام بلوچستان کے حوالے سے 16 ارب 80 کروڑ روپوں کی بے قاعدگیاں۔ ہمارے چھوٹے صوبے کرپشن کے حوالوں سے کچھ پیچھے نہیں، اب بڑوں کو کیا کہیں۔ کسی نے کہا جناب! چھوٹوں کی بات نہ کریں، یہاں فنڈز تو بہت ہوتے ہیں پر کام زیرو فی صد بھی نہیں ہوتے۔ یہ ساری خبریں، سارے دعوے بے بنیاد، سب رپورٹیں جھوٹی ہیں اور حقیقت جو چیخ چیخ کر بتا رہی ہے

تجارت خارجہ نے رواں مالی سال کے ضمن میں کیا کھویا کیا پایا

لیجیے! پاکستان کی تجارت خارجہ نے رواں مالی سال کے ضمن میں کیا کھویا کیا پایا؟ پی بی ایس کے تجارت خارجہ کی رپورٹ میں کچھ یوں سامنے آگئے۔

ملاحظہ فرمائیں۔ بہت سے ماہرین کو امید تھی کہ رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ میں کل برآمدات کی مالیت 30 ارب ڈالر تک جا پہنچے گی لیکن رپورٹ کے مطابق موجودہ 10 ماہ میں کل برآمدات کی مالیت 26 ارب 86

بہت سے ممالک جدید ٹیکنالوجی، سبسڈیز، تجارتی معاہدوں اور اعلیٰ معیاری اور تیز تر ترسیل کے ہتھیاروں سے لیس ہو کر یہ تجارتی جنگ جیت رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان نے محض اپنی برآمدات میں 6.25 فی صد کا اضافہ کر کے دراصل حقیقی اضافہ نہیں کیا۔ اگر افراط زر کو بھی شامل کرتے ہیں، وہ عالمی درآمدات جن کا برآمدات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

شیخ مجیب کے مجسمے کیوں ٹوٹے؟

ہمیشہ بڑے فخر سے بتایا کرتا ہوں کہ اسکول کے زمانے میں سب سے پہلے جس کالم نگار کو پڑھنا شروع کیا وہ عطاالحق قاسمی صاحب تھے۔ جب میں نے کالم لکھنا شروع کیا تو جن سینئرز سے بہت حوصلہ افزائی اور رہنمائی ملی ان میں قاسمی صاحب سرفہرست تھے۔ وہ میرے لئے استاد کا درجہ رکھتے ہیں کل انہوں نے فون پر مجھے پوچھا کہ بنگلہ دیش میں شیخ مجیب الرحمان کے مجسموں پر حملے کیوں کئے جا رہے ہیں؟ کہیں بنگلہ دیش میں دوبارہ فوجی حکومت تو قائم نہیں ہونے والی؟ قاسمی صاحب نے ایک سانس میں بہت سے سوال پوچھ لئے جب میں نے جواب دینا شروع کیا تو انہوں نے اعلان کیا کہ ٹھیک ہے اپنے کالم میں تفصیل بیان کر دینا۔ کالم کا دامن تنگ ہے زیادہ تفصیل میں نہیں جا سکتا لیکن اپنے مہربان استاد کے حکم کی تعمیل میں عرض ہے کہ بنگلہ دیش میں پہلی دفعہ شیخ مجیب الرحمان کے مجسمے پر حملہ نہیں ہوا۔ ایسا پہلے بھی کئی بار ہو چکا ہے شیخ مجیب الرحمان کو بنگلہ دیش میں بنگلہ بندھو یا بابائے قوم کا درجہ دیا جاتا تھا۔ 1975 میں بنگلہ بندھو کے قتل کے بعد نا صرف ان سے بابائے قوم کا اعزاز چھیننے بلکہ بنگلہ دیش کا قومی ترانہ اور قومی پرچم تبدیل کرنے کی بھی کوشش ہوئی۔ 5 اگست 2024 کو میں نے اپنے اس کالم میں عرض کیا تھا کہ شیخ حسینہ واجد سری لنکا کے سابق صدر راجہ پکسا کے انجام کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ راجہ پکسا 2022 میں عوامی دباؤ پر کولمبو سے اپنے خاندان سمیت فرار ہو گیا تھا۔ کچھ عرصہ کے بعد اسے سری لنکا واپسی کی اجازت مل گئی تھی۔ حسینہ واجد 5 اگست کی دوپہر ڈھاکہ سے بھارت فرار ہو گئیں اور ان کے فرار کے چند لمحوں بعد عوام کا ہجوم وزیراعظم ہاؤس میں گھس کر توڑ پھوڑ کر رہا تھا۔ حسینہ واجد کے زوال کے بعد پاکستان میں یہ بحث شروع ہوئی کہ ہمیں بنگلہ دیش کے حالات سے کیا سبق سیکھنا چاہئے؟ کچھ سیاست دانوں نے یہ امید بھی لگا لی ہے کہ جو بنگلہ دیش میں ہوا وہ پاکستان میں بھی ہو جائے گا۔ وہ یہ بھول رہے ہیں کہ بنگلہ دیش میں تین سو سے زیادہ نوجوانوں نے اپنی جانیں قربان کر کے حسینہ واجد کو اقتدار چھوڑنے پر مجبور کیا۔ کیا آپ بنگالیوں کی طرح گولیاں کھانے کیلئے تیار ہیں؟ بنگلہ دیش کے حالات سے سبق ضرور سیکھیں لیکن پاکستان اور بنگلہ دیش میں فرق کو مت بھولیں۔ تحریک پاکستان ڈھاکہ سے شروع ہوئی تھی لاہور یا کراچی سے شروع نہیں ہوئی تھی۔ بنگالیوں نے آل انڈیا مسلم لیگ کو بنگال میں 1937 میں حکومت دلوا دی تھی جبکہ قرارداد پاکستان اس کے تین سال بعد 23 مارچ 1940 کو منظور ہوئی۔ شیخ مجیب الرحمان تحریک پاکستان میں بہت سرگرم تھے۔ بنگالیوں کی کانگریس سے لڑائی کا آغاز بندے ماترم کو قومی ترانہ بنانے پر ہوا تھا۔ جب مسلم

تحریر: ضیاء الحق نجمی

لیگ نے بندے ماترم کو قومی ترانہ بنانے کی کھل کر مخالفت کی تو بنگال میں کانگریس کو پیچھے چھوڑ گئی۔ معاملہ یہاں تک پہنچ گیا کہ 6 جولائی 1938 کو کلکتہ میونسپل کارپوریشن کے اجلاس میں بیگم سکینہ فرخ سلطان نے قرارداد پیش کی کہ اسکول ٹیچرز کی ٹریننگ میں ہندی کے ساتھ اردو کو بھی لازمی مضمون قرار دیا جائے جس پر ہنگامہ ہو گیا۔ بندے ماترم پر بنگالی مسلمان اتنے ناراض تھے کہ مولانا ابوالکلام آزاد کو اکتوبر 1938 میں کلکتہ کے مسلمانوں نے نماز عید کی امامت سے ہٹا دیا اور مولانا آزاد سبحانی کی امامت میں نماز عید ادا کی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب تحریک پاکستان کا اصل مرکز بنگال تھا اور 1946 میں لیاقت علی خان اور مولانا شبیر احمد عثمانی جیسے غیر بنگالیوں کو پاکستان کے نام پر بنگال سے مرکزی اسمبلی کا رکن بنوایا گیا۔ پاکستان بننے کے بعد بنگالیوں کے ساتھ کیا ہوا اور انہوں نے ایک دوسرے کے ساتھ کیا کچھ کیا؟ یہ ایک لمبی کہانی ہے 1958 میں مشرقی پاکستان اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر شاہد علی خان ایوان کے اندر تشدد سے زخمی ہو کر چل بسے۔ ان کی موت کا شیخ مجیب نے بہت فائدہ اٹھایا 1965 میں شیخ مجیب نے ایوب خان کے مقابلے پر محترمہ فاطمہ جناح کا ساتھ دیا۔ فاطمہ جناح کو دھاندلی سے ہرا دیا گیا اور پھر 1970 کا الیکشن آیا شیخ مجیب کو اکثریت مل گئی۔ انہیں اقتدار منتقل کرنے کی بجائے فوجی آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں پاکستان دولخت ہوا، یہ وہ زمانہ ہے جب ایسٹ بنگال رجمنٹ کے میجر ضیا الرحمان نے اپنے کمانڈنگ آفیسر کرنل رشید جنجوعہ کو گولی مار دی اور چٹاگانگ ریڈیو پر قبضہ کر کے 27 مارچ 1971 کو بنگلہ دیش کی آزادی کا اعلان کر دیا۔ میجر ضیا الرحمان نے دو اعلان کئے پہلا اعلان اپنی طرف سے کیا عوامی لیگ والوں نے اعتراض کیا تو دوسرا اعلان شیخ مجیب کے نام پر کیا جو پاکستانی فوج کی حراست میں تھے۔ یہ میجر ضیا اور شیخ مجیب میں غلط فہمیوں کا آغاز تھا۔ میجر ضیا اپنے آپ کو آزادی کا ہیرو سمجھتا تھا لیکن سیاسی دباؤ پر اسے شیخ مجیب کو بنگلہ بندھو تسلیم کرنا پڑا۔ 15 اگست 1975 کو بنگلہ دیشی فوج کے جن افسران نے شیخ مجیب کے خلاف بغاوت کی ان میں لیفٹیننٹ جنرل ضیا الرحمان بھی شامل تھے جو بعد میں بنگلہ دیش کے صدر بن گئے اور پاکستان میں ان کی بہت آؤ بھگت کی جاتی تھی۔ جنرل ضیا الرحمان پی ایم اے کاکول کے تربیت یافتہ تھے پاکستانی فوج میں ان کے بہت تعلقات تھے لہٰذا انہوں نے اپنے کمانڈنگ آفیسر کرنل رشید جنجوعہ کے ساتھ جو کیا اسے بھلا دیا گیا لیکن جنرل کے ایم عارف اس درندگی کو نہ بھولے وہ اپنی کتاب خاکی سائے میں لکھتے ہیں کہ جب ضیا الرحمان بنگلہ دیش کے صدر کی حیثیت سے پاکستان آیا تو میں نے بطور ڈپٹی آرمی چیف اس کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے میں شرکت سے معذرت کر لی کیونکہ میں کرنل جنجوعہ کے قتل کو فراموش نہ کر سکا تھا۔ ضیا الرحمان نے عوامی لیگ کا مقابلہ کرنے کیلئے جماعت اسلامی سے اتحاد کیا انہوں نے بنگلہ دیش کے آئین میں بہت سی تبدیلیاں کیں یہاں تک کہ بنگلہ دیش کا قومی ترانہ بدلنے کی کوشش کی جو رابندر ناتھ ٹیگور کا لکھا ہوا ہے۔ وہ قومی ترانہ اور قومی پرچم بدلنے کے منصوبے بنا رہے تھے کہ انہیں چٹاگانگ میں اپنی فوج کے کچھ افسروں نے 1981 میں قتل کر دیا۔ یہ وہی جگہ تھی جہاں 1971 میں انہوں نے کرنل رشید جنجوعہ کو قتل کیا تھا۔ 1975 سے 1995 تک بنگلہ دیش میں عوامی لیگ زیر عتاب تھی۔ شیخ مجیب کو بنگلہ بندھو کی سرکاری حیثیت نہیں ملتی تھی۔ 1996 میں حسینہ واجد وزیراعظم بنیں تو انہوں نے اپنے والد کی حیثیت کو بحال کرنے کی کوشش کی۔ حسینہ واجد اور خالدہ ضیا کا سیاسی اختلاف دراصل خاندانی دشمنی بن گیا تھا اور نفرت کی سیاست نے بنگلہ دیش میں بہت قتل و غارت کی۔ حسینہ واجد نے اپنے دور اقتدار میں نا صرف ہزاروں سیاسی مخالفین کو جیلوں میں ڈالا بلکہ محفوظ انعام اور مطیع الرحمان جیسے نامور صحافیوں پر بغاوت کے مقدمے بنائے حالانکہ یہ دونوں 1971 میں شیخ مجیب کے ساتھ تھے حسینہ واجد نے 7 جنوری 2024 کو بنگلہ دیش میں ایک فراڈ الیکشن کرایا جس کا تمام اہم اپوزیشن جماعتوں نے بائیکاٹ کیا۔ اس الیکشن نے حسینہ واجد کے خلاف وہ نفرت پیدا کی جس کا نتیجہ ایک عوامی تحریک کی صورت میں نکلا اور مشتعل نوجوانوں نے شیخ مجیب کے مجسمے توڑ دیئے۔ بنگلہ دیشی فوج کے موجودہ سربراہ جنرل وقار حسینہ واجد کے رشتہ دار ہیں اور اپنے آپ کو غیر جانبدار ثابت کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ بنگلہ دیش کے بحران کا حل آزادانہ اور منصفانہ انتخابات ہیں، حسینہ واجد منظر سے ہٹ گئی ہیں لیکن ان کے مخالفین کی غلطیاں عوامی لیگ میں دوبارہ جان ڈال سکتی ہیں۔ ہمیں اپنی سیاست میں سے نفرت اور انتقام کو ختم کرنا ہو گا کیونکہ نفرت اور انتقام کی سیاست کا انجام وہی ہوتا ہے جو حسینہ واجد اور ان کے والد کے مجسموں کا ہوا۔

چور صاحب عیش کرو

آج سے دو ماہ قبل تین مارچ کو ہمارے اسکول میں چوری ہوئی تھی میں نے 27 مارچ کے کالم فنگر پرنٹس کی کہانی میں پولیس اور دوسرے سرکاری اداروں کے درمیان رابطے کی کمی کا ایک پہلو بیان کیا تھا وہ حصہ نادرا کے ریکارڈ میں موجود فنگر پرنٹس ڈیٹا سے متعلق تھا پولیس اور نادرا کے بیچ سات سمندر حائل ہیں لوکل پولیس فنگر پرنٹس لیتی ہے اور یہ فائل بنا کر ڈی پی او آفس بھجوا دیتی ہے ڈی پی او اسے لاہور میں قائم فنگر پرنٹس بیورو بھجوا دیتا ہے بیورو میں 18 لاکھ مجرموں کا ڈیٹا موجود ہے۔

بیورو پہلے ان فنگر پرنٹس کو اپنے ریکارڈ سے میچ کرتا ہے اگر یہ میچ ہو جائیں تو مجرم کی کھوج شروع ہو جاتی ہے اور اگر یہ میچ نہ کریں تو پھر فنگر پرنٹس وزارت داخلہ بھجوا دیے جاتے ہیں وزارت داخلہ ان کے طویل جوہری ٹیسٹوں کے بعد انھیں نادرا بھجوا دیتی ہے اور نادرا جائزے کے بعد انھیں وزارت داخلہ وزارت داخلہ آئی جی آفس اور آئی جی آفس ڈی پی او آفس بھجوا دیتا ہے یہ عمل اگر مسلسل چلتا رہے تو یہ دو سے تین مہینوں کی مسافت ہے اور اگر خدانخواستہ درمیان میں کوئی صاحب چھٹی پر چلا جائے یا اس کے پاس ڈاک کے معائنے کا وقت نہ ہو تو فنگر پرنٹس فائلوں میں فوت ہو جاتے ہیں اور مجرم کسی دوسرے صوبے میں نکل جاتا ہے یا بیرون ملک روانہ ہو جاتا ہے ہمارے چور کے فنگر پرنٹس پورا مہینہ سسٹم کے پائپ لائین میں پڑے رہے لہٰذا مجبوراً مجھے وزارت داخلہ رابطہ کرنا پڑا ان لوگوں کی مہربانی سے پرنٹس نادرا پہنچے۔

میں نے اس کے بعد چیئرمین نادرا کے دفتر سے رابطہ کیا اور ان کی مہربانی سے فنگر پرنٹس ہمسائے گاں کے ایک نوجوان سے میچ کر گئے ہم خوش ہو گئے مگر جب فنگر پرنٹس پندرہ دن کا سفر طے کر کے واپس لالہ موسی پہنچے تو ملزم اس وقت مسجد میں اعتکاف بیٹھا تھا بہر حال پولیس نے اسے گرفتار کر لیا میں نے ایس ایچ او سے درخواست کی ملزم پر تشدد نہیں کرنا آپ پراپر تفتیش کریں اور اس کے بعد قانونی کارروائی کریں ایس ایچ او کی مہربانی انھوں نے میری درخواست مان لی اور اس کے بعد نئی کہانی شروع ہو گئی پولیس کی تفتیش میں ملزم بے گناہ نکلا جس کے بعد صورت حال دل چسپ ہو گئی۔

واردات کے مقام سے ملزم کے فنگر پرنٹس ملے لیکن ملزم بے گناہ تھا اس کے بعد اب مزید دو تفتیشی ذرائع باقی تھے جیو فینسنگ اور پولی گرافک ٹیسٹ میں نے پولیس سے درخواست کی آپ یہ دونوں ٹولز استعمال کریں میری درخواست پر پولیس نے جیو فینسنگ کا پراسیس شروع کر دیا

تحریر: جاوید چوہدری

معلوم ہوا موبائل فون ڈیٹا صرف آئی بی اور آئی ایس آئی کے پاس ہوتا ہے پولیس اس کے لیے آئی بی کو خط لکھتی ہے یہ پراسیس بھی دل چسپ ہے ایس ایچ او متعلقہ ڈی پی او کو خط لکھتا ہے وہ اسے اوپر مزید اوپر اور مزید سے مزید اوپر بھجواتا ہے اور مزید سے مزید اوپر والے آئی بی کو بھجوا دیتے ہیں اور یہ وہاں جا کر فائلوں میں دب جاتا ہے اس دوران اگر کوئی فائل کا پیچھا کر لے تو پھر اوپر سے نیچے کا سفر شروع ہو جاتا ہے یہ عمل بھی دو تین ماہ طویل ہوتا ہے۔ میرے کیس میں فائل پورا مہینہ آئی بی میں پڑی رہی مجبوراً مجھے دوبارہ درمیان میں کودنا پڑا میرے ایک دوست نے ڈی جی آئی بی سے درخواست کی ان کی مہربانی سے ڈیٹا مل گیا لیکن یہ ادھورا بھی تھا اور اس کا سرکاری ذریعہ بھی ایک صاحب سے دوسرے صاحب اور ایک دفتر سے دوسرا تیسرا اور اٹھارہواں دفتر تھا ڈیٹا ادھورا تھا لہٰذا دوسری مرتبہ درخواست کی گئی اس کے بعد پتا چلا ڈیٹا صرف نیٹ ورک تک محدود ہوتا ہے ملزم اگر انٹرنیٹ استعمال کر رہا ہو تو پھر یہ بے کار ہے چناں چہ مہینہ بھر کی کوشش اور تگڑی سفارشوں کے بعد حاصل ہونے والا ڈیٹا فضول نکلا یہ بھی معلوم ہوا چھوٹے تھانوں میں ڈیٹا پڑھنے اور سمجھنے والے اہلکار بھی نہیں ہیں اس کے بعد پولی گرافک ٹیسٹ بچ گیا تھا۔ معلوم ہوا یہ سہولت صرف لاہور میں پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے پاس دستیاب ہے اور یہ درخواست بھی ایس ایچ او سے ڈی پی او اور اس کے بعد ہائیر اتھارٹی سے ہو کر فرانزک ایجنسی تک پہنچتی ہے بہرحال جیسے تیسے ہماری درخواست پنجاب فرانزک ایجنسی تک پہنچ گئی لیکن ہمارے ملزم کے ٹیسٹ کے لیے ڈیڑھ مہینہ بعد کی تاریخ ملی مجھے ایک بار پھر درمیان میں کودنا پڑ گیا سفارش کرائی تو ڈیڑھ مہینہ گیارہ دنوں میں تبدیل ہو گیا جس کے بعد ٹیسٹ ہو گیا لیکن رپورٹ نہیں ملی پندرہ دن رپورٹ کا انتظار کیا یہ نہ آئی تو پھر سفارش رپورٹ پھر بھی نہ آئی مجبوراً ایک بار پھر سفارش کرانی پڑی مجھے بتایا گیا ہم نے رپورٹ ڈی پی او آفس بھجوا دی ہے اس خوش خبری کو بھی ایک ہفتہ گزر چکا ہے لیکن رپورٹ ابھی تک لالہ موسی نہیں پہنچی۔ آپ ذرا سسٹم ملاحظہ کیجیے ایف آئی آر پولیس درج کرتی ہے تفتیش بھی پولیس کی ذمے داری ہے فنگر پرنٹس نادرا کے پاس ہیں اور نادرا کے ڈیٹا تک پولیس کی رسائی نہیں اور اس رسائی کے لیے ہزار صفحات سو پرنٹرز 20 افسر اور پورا محکمہ ڈاک چاہیے اور اس کے بعد بھی اگر مدعی کی اپروچ ہے تو نادرا سے جواب آ جائے گا ورنہ یہ خط پولیس کے کسی اعلیٰ افسر وزارت داخلہ کے سیکشن افسر یا پھر نادرا کی کسی توپ کے میز پر گل سڑ جائے گا موبائل فون ڈیٹا آئی بی کے پاس ہے اور اس کے حصول کے لیے بھی طویل اور تھکا دینے والا پراسیس ہے اور اسے مکمل کرنے کے لیے بھی مدعی کے پاس وقت اور ذرائع ہونے چاہییں فرانزک کے لیے 12 کروڑ لوگوں کے صوبے میں صرف ایک لیب ہے اور اس سے بھی ڈیڑھ دو مہینے کا وقت ملتا ہے اور اگر فرانزک ہو جائے تو رپورٹ کے لیے بھی مہینہ اور تگڑی سفارشیں چاہییں چناں چہ پھر تھرڈ ڈگری کے علاوہ پولیس کے پاس کیا آپشن بچتا ہے۔

دوسرا یہ پراسیس ثابت کرتا ہے ہمارا نظام مظلوم کے بجائے ملزم کو سپورٹ کرتا ہے اور تیسرا حکومت نے پولیسنگ کو ناممکن بنا دیا ہے اور اس وجہ سے ملک میں جرائم میں مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے مجرم بے دھڑک چوری سے لے کر قتل تک کر گزرتے ہیں کیوں؟ کیوں کہ یہ جانتے ہیں پولیس ہمیں پکڑ نہیں سکے گی یہ ملزم یا مجرم کی تلاش کا عمل ہے عدالتی عمل اس کے بعد شروع ہوتا ہے اور اس عمل میں اگر مجرم خوش حال ہے تو پھر آپ اسے کیفر کردار تک نہیں پہنچا سکتے آپ کو اگر یقین نہ آئے تو آپ 9 مئی کے کیسز کو دیکھ لیں ریاست کا دعویٰ ہے تاریخ میں آج تک عسکری عمارتوں اور فوجی نشانیوں پر حملہ نہیں ہوا کسی نے جی ایچ کیو اور کور کمانڈر ہاس پر حملے کی جرات نہیں کی چناں چہ ریاست نے 9 مئی 2023 کے بعد تاریخ کا خوف ناک ترین کریک ڈان کیا لیکن دو سال گزرنے کے باوجود 9 مئی کے ذمے داروں کو سزا تو دور یہ اب تک مقدمات بھی نہیں چلا سکی۔

تحریک انصاف کا بائیکاٹ

پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی اور سرحدوں کی صورتحال پر حکومت اور فوج کی جانب سے ایک مشترکہ سیکیورٹی بریفنگ کا انتظام کیا گیا۔ اس بریفنگ کا مقصد سیاسی جماعتوں اور سیاسی رہنماں کو موجودہ

نے پہلے شرکت کے لیے ارکان کی لسٹ اسپیکر کو بھجوائی لیکن بعد میں جب سوشل میڈیا کا پریشر آیا تو بائیکاٹ کر دیا۔ اس کے بعد یہ بائیکاٹ مسلسل ہو گیا ہے۔ اس لیے اب جب حکومت کو کہا جاتا ہے کہ کسی اہم مسئلہ پر اے پی

ہیں، بجٹ لے رہے ہیں، ٹرانسفر پوسٹنگ کروائی جا رہی ہے۔ غرض کہ ایک نظام حکومت میں جو بھی مراعات لی جا سکتی ہیں وہ تحریک انصاف کے ارکان لے رہے ہیں، فل انجوائے کر رہے ہیں، بطور ارکان پارلیمان جو فری ٹکٹیں ملتی ہیں وہ بھی لے رہے ہیں۔

لیکن جب اسی پارلیمان میں جہاں سے مراعات لی جا

طاقت کا سرچشمہ

اس وقت میرے سامنے ٹی وی چینل پر ایک دیوہیکل مجسمہ دکھایا جا رہا ہے جسکے اوپر کچھ مشتعل لوگ چڑھ کر ہتھوڑے مار کر اسے گرانے کی کوشش کر رہے ہیں، یہ لوگ ہمارے ہی خطے کے اس ملک کے باسی ہیں جو کسی زمانے میں مشرقی پاکستان کہلاتا تھا اور یہ مجسمہ بنگلہ دیش کے بانی شیخ مجیب الرحمان کا ہے جس نے دسمبر 1971 میں قائداعظم کے پاکستان کو دولخت کر کے بنگلہ دیش بنا دیا تھا یعنی بنگالیوں کا وطن۔ تحریک پاکستان کی اہم سرزمین مشرقی بنگال پر بنگلہ دیش کے غیر فطری قیام سے کچھ سوال آج بھی حل طلب ہیں کہ اگر واقعی عوامی جمہوریہ بنگلہ دیش بنگالی عوام کا ملک ہے تو پھر بھارت میں واقع سرزمین بنگال کے دوسرے حصے کو شامل کیوں نہیں کیا گیا اور جو بنگالی نسل کے لوگ سرحد پار بستے ہیں، کیا وہ بنگالیوں کے دیش کی شہریت کے حقدار نہیں؟ خیر، میرے آج کے کالم کا موضوع قائداعظم کا پاکستان توڑنے والے شیخ مجیب الرحمان کی بیٹی شیخ حسینہ واجد کے کئی دہائیوں پر مشتمل طویل اقتدار کا عبرتناک انجام ہے، سابق وزیراعظم شیخ حسینہ جمہوری وزیراعظم کے بھیس میں ایک ایسا آمرانہ کردار تھا جس کی سیاست بھارت کی اشیرباد پر پاکستان دشمنی کے گرد گھومتی تھی۔ دسمبر 1971 میں شیخ مجیب الرحمان نے قائداعظم کا پاکستان توڑ کر اقتدار تو سنبھال لیا لیکن وہ قدرت کے انتقام سے نہ بچ سکا اور چند سال بعد ہی 1975 میں وزیراعظم شیخ مجیب الرحمٰن کو خاندان سمیت قتل کر دیا گیا، اس وقت 27 سالہ حسینہ بیرون ملک تھی جس نے وطن واپسی کے بعد اپنے باپ کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتے ہوئے پاکستان دشمنی میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ حالیہ دنوں میں بنگلہ دیش میں جو بدامنی اور افراتفری کا ماحول پیدا ہوا، اسکا آغاز جولائی میں یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کے احتجاج کی صورت میں ہوا، یونیورسٹی طلبہ کا موقف تھا کہ اس وقت لگ بھگ ایک کروڑ بیس ہزار تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگار ہیں لیکن شیخ حسینہ کی حکومت میں رائج کوٹہ سسٹم کے تحت سرکاری جاب کے حصول میں کامیابی کا معیار میرٹ نہیں بلکہ امیدوار کے باپ دادا کے ماضی پر منحصر ہے کہ اس نے اکہتر میں پاکستان کے خلاف کیا کردار ادا کیا؟ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ طلبہ کے احتجاج پر جاب کوٹہ سسٹم پر انکے تحفظات پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جاتا لیکن شیخ حسینہ نے پاکستان دشمنی کی روش پر چلتے ہوئے احتجاجی اسٹوڈنٹس کو ہی پاکستان کا ایجنٹ قرار دے دیا، شیخ حسینہ نے ہٹ دھرمی کا رویہ اپنایا کہ یہ جو لوگ سڑکوں پر احتجاج کر رہے ہیں، یہ اسٹوڈنٹس کے بھیس میں پاکستان کے رضاکار ہیں اور بنگلہ دیش میں پاکستان کے حامی کسی رحم کے مستحق نہیں۔ یہاں لفظ رضاکار کی وضاحت کرنا ضروری ہے کہ جب 1971 میں قائداعظم کا پاکستان توڑنے کیلئے مکتی باہنی نے پاکستان کے حامیوں پر گوریلا حملے شروع کیے تو اس وقت کے مشرقی پاکستان میں ایسے لوگ بھی موجود تھے جو پاکستان کو متحد رکھنا چاہتے تھے، ان لوگوں کو رضاکار کا نام دیا گیا جو رضاکارانہ طور پر ریاست پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے تھے، تاہم بنگلہ دیش کے قیام کے بعد وہاں لفظ رضاکار کو ایک گالی بنا دیا گیا، شیخ حسینہ کے دور میں جب بھی اپنے کسی سیاسی حریف کو ہدفِ تنقید بنانا ہوتا تو اسے رضاکار یعنی پاکستانی ایجنٹ کا طعنہ دیا جاتا۔ بنگلہ دیش میں حالیہ مظاہروں کی ایسی بہت سی ویڈیو سوشل میڈیا پہ وائرل ہوئیں جن میں اسٹوڈنٹس نعرے لگا رہے ہیں کہ میں کون؟ تم کون؟ رضاکار، رضاکار!۔۔۔اور پھر پوچھا جاتا ہے ہمیں یہ کہہ کون رہا ہے؟ اسکے جواب میں تمام اسٹوڈنٹس یک زبان ہو کر نعرے لگاتے کہ ڈکٹیٹر ڈکٹیٹر اور یوں بنگلہ دیش کے باشعور بہادر نوجوانوں نے شیخ حسینہ کی آمریت کو للکارنا شروع کیا۔ انسانی تاریخ کی یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ انقلاب خون مانگتا ہے، بنگلہ دیش کے اسٹوڈنٹس کی یہ جدوجہد بھی اس لحاظ سے بہت خونیں ثابت ہوئی کہ حالیہ احتجاج میں درجنوں معصوم جانوں نے قربانی پیش کی، مظاہرین پر اندھا دھند گولیاں برسائی گئیں اور طاقت کا بہیمانہ استعمال کیا گیا۔ کیا آج سے چند دن قبل کوئی تصور کر سکتا تھا کہ مظاہرین کو طاقت سے کچلنے کا ارادہ رکھنے والی بنگلہ دیش کے سیاہ و سفید کی مالک شیخ حسینہ ایک ہیلی کاپٹر میں ملک سے فرار ہو جائے گی لیکن ہم سب نے اپنی آنکھوں سے شیخ حسینہ کو قصہ ماضی بنتے ہوئے دیکھا۔ ویدک علم نجوم کے مطابق سال 2024 کرما کا سال ہے، رواں سال کے دوران دنیا کے ہر طاقتور حکمران کو اپنے ماضی کے کرتوتوں کا پھل پانا ہے، میں اس سلسلے میں ماضی کے اپنے ایک کالم میں خبردار کر چکا ہوں کہ سال 2024 میں منعقدہ انتخابات میں دنیا بھر میں اسٹیبلشمنٹ کی نمائندہ قوتوں کو شکست کا سامنا ہے، شیخ حسینہ نے رواں برس جنوری میں منعقدہ الیکشن میں کامیابی حاصل کر لی تھی لیکن وہ طویل حکومت کرنے کے باوجود عوام کی نظروں سے روز بروز گرتی چلی گئیں اور آخرکار کرما کے سال میں اپنے عبرتناک انجام کو جا پہنچیں۔ تاہم بطور تاریخ کے طالب علم میرے لئے یہ کوئی انوکھی بات نہیں بلکہ ازل سے ایسا ہی ہوتا آ رہا ہے کہ جو بھی حکمران عوام کی حمایت سے محروم ہو کر ریاستی طاقت کے زعم میں اپنے ہی لوگوں کو دباتا ہے، وہ پھر قدرت کے انتقام سے نہیں بچ سکتا۔ آج جو کچھ ہمیں بنگلہ دیش میں دیکھنے کو ملا ہے، اس سے دنیا بھر کے حکمرانوں کو یہ سبق حاصل کرنا چاہیے کہ وہ عوام کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح بنائیں اور طاقت کے گھمنڈ میں ایسی کوئی حرکت نہ کریں جس سے عوام کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر بے قابو ہو جائے اور انکے اقتدار کو بہا لے جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ماضی کے مشرقی پاکستان کے باسی اپنے ملک میں نفرتوں کا مزید پرچار نہیں چاہتے، امید کی جانی چاہیے کہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے عوام ماضی کی تلخیوں کو بھلا کر ایک دوسرے کے ساتھ باہمی احترام اور دوطرفہ تعاون کا رشتہ مستحکم کریں گے

کراچی اور بیڈ گورننس

کراچی دنیا کے ان چند بڑے شہروں میں شامل ہے جو بیڈ گورننس کا شکار ہیں۔ سندھ گورنمنٹ نے کراچی بلڈنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ریگولیشنز 2002 میں ترمیم کر کے ریزیڈنس ایریاز میں کمرشل عمارتوں کی تعمیر کی اجازت دیدی ہے۔ اب رہائشی علاقوں میں اسکولز، کالجز، ریسٹورنٹس اور دفاتر وغیرہ قانونی طور پر تعمیر کیے جا سکتے ہیں۔ اس ترمیم کے تحت رہائشی علاقوں میں بلند و بالا عمارتیں تعمیر ہو سکتی ہیں جب کہ گھریلو صنعت کی تعریف میں آنے والے کارخانے بھی لگ سکتے ہیں۔

شہری امور کے ایک ماہر کا کہنا ہے کہ حالیہ دنوں میں کراچی کا درجہ حرارت 2.5c تک پہنچ گیا ہے جب کہ کراچی Per Capital Floor Area پانچ اسکوائر میٹر سے کم ہے جب کہ اقوام متحدہ کے ادارہ یونیسکو کا معیار 20 کے قریب ہے۔ علاقوں میں بے ہنگم کمرشلائزیشن کے بے پناہ نقصانات ہیں۔ اربن پلانرز اور شہری امور کے ماہرین آرکیٹیکٹ اور سول سوسائٹی کے ارکان کو کراچی بلڈنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ریگولیشنز مجریہ 2002 میں اس یکطرفہ ترمیم پر سخت اعتراضات ہیں۔

کراچی میں غیر قانونی تعمیر ہونے والی عمارتوں کے خلاف طویل عرصہ سے جدوجہد کرنے والی غیر سرکاری تنظیم شہری کے ماہرین نے غیر سرکاری ماہرین اور سول سوسائٹی کے اراکین کو گزشتہ ہفتے کراچی پریس کلب میں مدعو کیا۔ ان ماہرین کے جن میں معروف آرکیٹیکٹ عارف حسن، ڈاکٹر نعمان احمد، قانونی ماہرین امبر علی بھائی اور ڈاکٹر اریبہ اشفاق وغیرہ شامل تھے نے مشترکہ طور پر ان قوانین کو کراچی کے لیے خطرناک قرار دیا۔ اس ملک کے شہر ٹاؤن پلانرز اور مظلوموں کے دکھوں کو محسوس کرنے والے آرکیٹیکٹ عارف حسن نے اس ترمیمی قانون کے نقصانات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کئی ممالک میں یہ قانون موجود ہے کہ ایک خاندان صرف ایک پلاٹ کا حقدار ہو گا۔

ایسا قانون اس ملک میں بننا ضروری ہے، اس مقصد کے لیے ملک بھر میں لینڈ ریفارمز وقت کی ضرورت ہے۔

عارف حسن کا بیانیہ ہے کہ اگر شہری علاقوں میں کمرشل اداروں کا قیام ضروری ہو تو پھر ایک منظم انداز میں کمرشل اداروں کے قیام کی اجازت ہونی چاہیے۔ وہ کہتے ہیں کہ شہری علاقوں میں منصوبہ بندی کے کمرشل اداروں کی

تحریر: خزیمہ انصاری

سرگرمیاں صرف شہری مسائل کو ہی نہیں بڑھاتیں بلکہ اب تو ماحولیات کی تباہی کا بھی باعث بن رہی ہیں۔ انھوں نے اپنے تجربات کی بنا پر کہا کہ شہریوں کو سہولت فراہم کرنے والے سرکاری اداروں کا سارا زور عوام سے رقم ہتھیانے پر رہ گیا ہے۔

شہری علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام کے لیے کراچی کے مستقبل کے بارے میں فکرمند شہریوں نے ایک غیر سرکاری تنظیم جو شہری کے نام سے قائم کی ہے کی قیادت ایک معروف وکیل امبر علی بھائی کر رہی ہے۔ امبر علی بھائی شہر میں نافذ ہونے والے قوانین کا بغور جائزہ لینے کے ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس شہر کی بدقسمتی یہ ہے کہ سندھ پلاننگ کنٹرول آرڈیننس 1979 اور اس کے ملحقہ قوانین کی تیاری میں عوام کی رائے نہیں لی گئی۔ کراچی میں تعمیرات کو کنٹرول کرنے والے ادارہ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (S.B.C.A) کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے امبر نے بتایا کہ یہ ادارہ اگرچہ ٹاؤن پلاننگ کا ذمے دار ہے مگر ایس بی سی اے سینٹرلائزڈ کنٹرول Centralized Control میں ہے اور اس ادارے کی سرگرمیوں میں شفافیت کا فقدان ہے۔ این ای ڈی یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر اور عوامی آرکیٹیکٹ ڈاکٹر نعمان احمد نے اس ترمیم قانون کو شہر کے لیے نقصان دہ قرار دیا اور کہا کہ شہری علاقوں میں کمرشل استعمال کے لیے عمارتوں میں جو تبدیلیاں کی جاتی ہیں۔ اس سے پانی، بجلی اور سیوریج کی نکاسی کے علاوہ ماحولیات میں بھی مسائل پیدا ہوتے ہیں، کمرشل سرگرمیوں کی وجہ سے گاڑیوں کی آمد و رفت بڑھ جائے گی، یوں پیٹرول اور ڈیزل سے فضا میں خطرناک اجزا شامل ہو جاتے ہیں، لوڈشیڈنگ کے دوران ہیوی جنریٹر چلنے سے آواز اور دھوئیں کی آلودگی پیدا ہو گی۔

کراچی میں گزشتہ سال بلند عمارتوں میں آتش زدگی کے خاصے حادثات ہوئے۔ بیشتر عمارتوں میں تو آگ بجھانے کے آلات اور ہنگامی صورتحال میں عمارتوں سے باہر نکلنے کے راستے ہی موجود نہیں تھے۔ دوسری طرف بلدیہ کراچی کے فائر بریگیڈ جدید گاڑیوں اور آگ بجھانے والے جدید آلات سے محروم ہیں۔ کراچی میں فٹ پاتھ ناپید ہو چکے ہیں، اگر صرف پوش علاقوں کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ فٹ پاتھ پر چائے کے ہوٹل قائم ہیں۔ ان ہوٹلوں نے فٹ پاتھ کی تمام جگہوں پر قبضہ رکھا ہے۔

پھر ہوٹل والے چولہے جو سلینڈر سے توانائی حاصل کرتے ہیں وہ بھی فٹ پاتھ پر ہی رکھتے ہیں جس کے نتیجے میں ایک طرف تو فٹ پاتھ پر چلنے کی جگہ نہیں بچتی تو دوسری طرف خطرناک حادثہ انتظار کر رہا ہوتا ہے مگر معاملہ صرف چائے کے ہوٹلوں تک محدود نہیں بلکہ شہر کے بہت سے علاقوں میں جن میں پرانا شہر بھی شامل ہے، فٹ پاتھ پر ایرانی پیٹرول اور ڈیزل بھی دستیاب ہوتا ہے۔ اب تو کئی علاقوں میں سلینڈر کی دکانیں بھی فٹ پاتھ پر بن گئی ہیں۔ ایک وقت تھا کہ بہادر آباد، طارق روڈ، خالد بن ولید روڈ، یونیورسٹی روڈ اور نیپا سے ملیر کینٹ جانے والی شاہراہ کا شمار کھلے اور صاف ستھرے ماحول والی سڑکوں میں ہوتا تھا مگر اب ان علاقوں میں کمرشل سرگرمیوں کی بنا پر یہ سڑکیں انتہائی گنجان سڑکوں میں تبدیل ہو گئی ہیں۔

زلزلہ کے بارے میں تحقیق کرنے والے ماہر ڈاکٹر پروفیسر عارف زبیر کا کہنا ہے کہ یہ علاقے زلزلہ کی فالٹ لائن پر ہیں، اگر کبھی ترکی جیسا زلزلہ آیا تو تباہی کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ سول انجینئر اور ابلاغ عامہ کے محقق ڈاکٹر سعید عثمانی اس قانون کے نقصانات بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ٹاؤن پلاننگ کے جدید اصولوں کے تحت شہری علاقوں میں مذہبی عبادت گاہوں، دکانوں، پارکوں اور ہوٹلوں کے لیے علیحدہ سے قطع اراضی مختص کیا جاتا ہے مگر سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی میں چمک کی بالادستی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ شاپنگ ایریاز میں تو پارکنگ کا مسئلہ پہلے سے موجود ہے

وزیراعظم کی سفارتکاری

پاکستان کی درخواست پر اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کا دوسرا اجلاس ہوا ہے۔ اجلاس میں پاکستان نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے حوالے سے اقوام متحدہ کے سیکیورٹی کونسل کے ارکان کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر کشمیر کے مسئلہ اور پہلگام حملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کی پاکستانی پیشکش کا بھی اعادہ کیا گیا۔ پاکستان کی درخواست پر بلائے گئے، اس خصوصی اجلاس سے بھارت کو بہت پریشانی تھی۔ بھارت نے اس اجلاس کو رکوانے کی بھی کوشش کی۔ لیکن کسی بھی مستقل رکن نے اس اجلاس کو روکنے کی بھارت کی درخواست کو قبول نہیں کیا۔ یہ اجلاس بھی پاکستان کی سفارتکاری کامیابیوں میں سے ایک ہے۔

وزیراعظم پاکستان مسلسل اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سے بھی بات کر رہے ہیں۔ ان سے رابطے میں ہیں۔ اسی لیے ہمیں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی گفتگو بھی پاکستانی موقف کے قریب نظر آتی ہے۔ اقوام متحدہ کا پلیٹ فارم پاکستان کی کامیاب سفارکاری کی وجہ سے پاکستان کے حق میں نظر آ رہا ہے۔ جب سے پہلگام ہوا ہے، پاکستان نے بہت جارحانہ سفارتکاری کی ہے۔ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور ان کی ٹیم نے براہ راست اور بالواسطہ پوری دنیا سے بات کی ہے۔

پاکستان کا موقف دنیا کے ہر رکن تک پہنچایا ہے۔ اور آج اس کے نتائج بھی ہمارے سامنے ہیں، بھارت کو عالمی دنیا سے پہلگام سے وہ حمایت نہیں ملی ہے، جیسی اس کو پہلے مل جاتی تھی۔ دنیا آج پہلگام کی غیر جانبدرانہ اور شفاف تحقیقات کے پاکستانی موقف کے ساتھ کھڑی نظر آ رہی ہے۔ جو بہر حال پاکستان کی سفارتی سطح پر ایک بڑی کامیابی ہے۔ جس کی وجہ سے آج بھارت سفارتی محاذ پر دفاعی پوزیشن میں نظر آ رہا ہے۔

حالیہ پاک بھارت کشیدگی اور پہلگام کے واقعہ کے بعد

ابتدائی طور پر کچھ دوستوں کی رائے تھی کہ پاکستان کیوں غیر جانبدارانہ شفاف تحقیقات کا مطالبہ کر رہا ہے۔ یہ بھارت کا فرض ہے۔ لیکن اس ایک مطالبہ نے بھارت کے سارے بیانیہ کو زمین بوس کر دیا ہے۔ اور بھارت نے جس ملک سے بھی بات کی اس نے پاکستان کے اس

تحریر: سعید مغل

موقف کو دھرایا۔ اور بھارت کو کہا کہ وہ پہلے غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کروائے۔ پھر آگے بات ہو گی۔ آپ دیکھیں جب وزیراعظم شہباز شریف نے برطانیہ سے بات کی تو انھوں نے برطانیہ کو تحقیقات میں شامل ہونے کی پیشکش کر دی۔ یہی بات انھوں نے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ سے ملاقات میں بھی کی۔

اسی وجہ سے ہمیں برطانیہ کے موقف میں بھارت کی وہ حمایت نظر نہیں آئی جو ماضی میں آتی رہی ہے۔ حکومتِ پاکستان نے پہلے دن سے پہلگام حملے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا۔ اس کو سب نے سراہا ہے۔

یہ اقدام بھارت کی الزام تراشیوں اور یکطرفہ بیانیے کے خلاف ایک مضبوط سفارتی حکمتِ عملی ہے۔ شہباز شریف کی فل اسپیڈ ڈپلومیسی بھارت کے جھوٹے بیانیے کو عالمی سطح پر بے نقاب کر رہی ہے۔ اسی طرح بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ کی معطلی کے بعد بھی پاکستان کی سفارتکاری کافی اہم رہی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے عالمی رہنماں سے رابطے کیے۔ انھیں پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا۔ سندھ طاس کے قانونی نکات اور اس کی اہمیت سے عوامی رہنماں کو آگاہ کیا گیا۔ یوں بھارت کو سندھ طاس معاہدہ کی معطلی پر کوئی عالمی حمائت نہیں ملی

روبیو سے بات چیت بھی بہت اہم رہی۔ وزیراعظم سے گفتگو کے بعد ہمیں امریکی موقف میں کافی تبدیلی نظر آئی۔ امریکا نے بھارت کے جارحانہ عزائم کی حمایت نہیں کی۔ جس سے بھارت کو بڑا جھٹکا لگا۔ ورنہ اس سے پہلے ماضی میں ہم نے امریکا کا جھکا بھارت کی طرف دیکھا ہے۔ بالخصوص امریکی نائب صدر کے دورہ پر پہلگام کا فالس فلیگ آپریشن دراصل امریکا کی حمائت کے لیے ہی تھا۔ بھارت چاہتا تھا کہ امریکا کی اسے حمایت حاصل ہو جائے۔ لیکن ایسا نہیں ہو سکا ہے۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ امریکا میں مقیم تحریک انصاف کے حامیوں نے اس موقع پر بھی بھارت کی مدد کی۔ انھوں نے پاکستان اور بالخصوص آرمی چیف کے خلاف پراپیگنڈا کیا۔ لیکن پھر بھی امریکا کے ساتھ پاکستان کی سفارتکاری کامیاب رہی ہے۔ وزیراعظم نے پاکستان میں تعینات غیر ملکی سفیروں سے ملاقاتیں کیں، جن میں ترکی، سعودی عرب، برطانیہ، یو اے ای، کویت اور چین شامل ہیں۔ یہ ملاقاتیں بھی بہت اہم رہی ہیں۔ ان ممالک کے سفیروں کو بروقت پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا گیا۔ جس کی وجہ سے ان ممالک نے جب ردعمل دیا تو اس میں پاکستانی موقف کی تائید شامل تھی۔ ترکی نے بھی پاکستان کی حمایت کی ہے۔ بھارت کو ترکی کی پاکستان کی حمایت کی بہت تکلیف نظر آئی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا دورہ پاکستان بھی بہت اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ ایران خطہ کا اہم ملک ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کی بھی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی ہے۔ اس میں بھی پاکستانی موقف سے انھیں آگاہ کیا گیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے بھارت بھی جانا ہے۔ لیکن بھارت جانے سے پہلے ان کا دورہ پاکستان کافی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ درست ہے کہ جنگ تو جنگی محاذ پر ہی لڑی جاتی ہے۔ جس کے لیے ہماری افواج تیار ہیں۔ پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج نے اپنی جنگی تیاریوں سے دنیا کو واضح پیغام دیا ہے کہ ہم جنگ کے لیے تیار ہیں۔ بھارت کے فضائی حملوں کو ناکام بھی بنایا گیا ہے۔

بھارت کی بڑھتی ہوئی تنہائی

کامیاب سفارتکاری اور خود احتسابی

مشرق وسطیٰ میں فوجی اقدامات کا مقصد خطے میں کشیدگی کو کم کرنا ہے' وائٹ ہاؤس

مقصد حملوں کو روکنا، دفاع کرنا اور علاقائی تنازعات سے بچنا ہے، امریکا اور اسرائیل ہر ممکن تیاری کر رہے ہیں' جوناتھن فنر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں فوجی اقدامات کا مقصد خطے میں کشیدگی کو کم کرنا ہے۔ وائٹ ہاؤس کے ڈپٹی نیشنل سکیورٹی کے ایڈوائزر جوناتھن فنر نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں فوجی اقدامات کا مقصد حملوں کو روکنا، دفاع کرنا اور علاقائی تنازعات سے بچنا ہے، امریکا اور اسرائیل ہر ممکن تیاری کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپریل میں علاقائی تصادم کا امکان بہت قریب پہنچ گیا تھا، امریکا چاہتا ہے دوبارہ ایسی صورت پیدا ہوتی ہے تو اس کیلئے تیاری کی جائے۔ دوسری جانب امریکی ویب سائٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ آج ایران کی جانب سے اسرائیلی حملوں کے خلاف جوابی کارروائی کا امکان ہے۔ امریکی اور اسرائیلی عہدیداروں کے حوالے سے امریکی ویب سائٹ کا کہنا ہے کہ آج (پیر کے روز) ایران اور اس کی پراکسیز اسرائیل پر حملہ کرسکتے ہیں۔ ویب سائٹ کے مطابق امریکی حکام کا خیال ہے کہ ایران کا حملہ 13 اپریل جیسا لیکن پہلے سے زیادہ وسیع پیمانے پر ہوگا اور ایران اس بار لبنان سے حزب اللہ کو بھی اپنے ساتھ شامل کرسکتا ہے۔ واضح رہے کہ ایران میں حماس سربراہ اسماعیل ہنیہ کی اور لبنان میں اسرائیلی حملے میں مزاحمتی تنظیم حزب اللہ کے رہنما کی شہادت کے بعد کشیدگی میں اضافے کے بعد امریکی فوج نے جنگی بحری جہاز مشرق وسطیٰ بھیجنے کیساتھ خطے میں زمینی میزائل ڈیفنس سسٹمز میں بھی اضافہ کردیا ہے

بھارتی فوج مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کررہی ہیں

کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے میونسپل کمیٹی پتوکی آفس میں منعقدہ تقریب سے مقررین کا اظہار خیال

پتوکی (این این آئی) کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے میونسپل کمیٹی پتوکی آفس میں تقریب منعقد ہوئی اور میونسپل کمیٹی پتوکی آفس سے کچہری چوک تک کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے احتجاجی ریلی نکالی گئی میونسپل کمیٹی پتوکی آفس میں منعقدہ تقریب سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں بند کرنا ہوں گی مسئلہ کشمیر گزشتہ 76 سال سے حل طلب ہے، بھارتی فوج مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہی ہیں اور اس سے کشمیریوں کے سیاسی اور مذہبی حقوق غصب کر رکھے ہیں پوری پاکستانی قوم کشمیری عوام کیساتھ کھڑی ہے، بھارت کا کشمیر پر غاصبانہ قبضہ زیادہ دیر تک نہیں چلے گا بھارت کو 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدامات کو واپس لینا ہوگا پاکستان حکومت اور عوام کشمیری بھائیوں کے حق خود ارادیت کی جدوجہد میں انکے شانہ بشانہ ہیں اور مودی کے مظالم اور بربریت کو تمام بین الاقوامی فورمز پر بے نقاب کرتے رہیں گے مقبوضہ کشمیر میں کرفیو کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو پست نہیں کرسکتا مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کا نامکمل ایجنڈہ ہے اقوام متحدہ کی کئی قراردادیں اس پر موجود ہیں

لاہور، پی ٹی آئی رہنما مسرت جمشید اور جمشید اقبال عدالتی پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیاء کا دیرینہ تنازعہ ہے جو تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے، راجہ محمد فاروق حیدر

پوری قوم نے یوم استحصال کے موقع پر بھارتی اقدامات کیخلاف بھرپور احتجاج کر کے دنیا کو بتا دیا بھارت نے زبردستی مقبوضہ کشمیر پر قبضہ کر رکھا ہے

اسلام آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے سابق وزیر اعظم اور مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیاء کا دیرینہ تنازعہ ہے جو تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا ہے۔ یوم استحصال کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں انہوں نے کہا کہ پوری قوم نے یوم استحصال کے موقع پر بھارتی اقدامات کے خلاف بھرپور احتجاج کر کے دنیا کو بتا دیا کہ بھارت نے زبردستی مقبوضہ کشمیر پر قبضہ کر رکھا ہے اور اسکی شیطان فوج کشمیریوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر کے اٹوٹ تعلق کو دنیا کی کوئی طاقت کمزور نہیں کرسکتی، بھارت نے 5 اگست 2019 کو غیر قانونی طور پر مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی مگر کشمیریوں نے بھارتی اقدامات کو مسترد کر دیا، ہمارا اہل پاکستان کے ساتھ لا الہ الا اللہ کا رشتہ ہے، ہمیں ملکر بھارت کی ہندوتوا اور چانکیہ پالیسی کو شکست دینا ہوگی، پاکستان اور کشمیر اٹوٹ رشتے میں بندھے ہیں، شہداء کشمیر کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوئے راجہ فاروق حیدر خان نے کہا کہ پاکستانی قوم کی جانب سے کشمیریوں کے ساتھ بے مثال اظہار یکجہتی پر ان کا شکریہ، پاکستان دنیا میں ہمارا واحد وکیل اور اسکے عوام ہمارے محسن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے حالیہ انتخابات میں مقبوضہ کشمیر میں مودی کو کھربوں روپے لگا کر بھی عبرتناک شکست ہوئی، 5 اگست کے بھارتی اقدامات کو تمام ریجنز میں بسنے والے مختلف مذاہب کے کشمیریوں نے مسترد کر دیا۔ کشمیریوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، انشاءاللہ مقبوضہ کشمیر آزاد ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ہوں اور مجھے اس پر فخر ہے، انشاءاللہ کشمیری الحاق پاکستان کی منزل حاصل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے 370 اور 35 اے کو ختم کر کے سوچا تھا کہ وہ کشمیریوں کو دبا لے گا

حافظ آباد، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب ڈپٹی کمشنر آفس میں سیلاب سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

عمران نیازی نے ٹرمپ کی خواہش پر کشمیر بھارت کے حوالے کیا، چوہدری برجیس طاہر

اقوام متحدہ کشمیر اور فلسطین کے معاملہ میں مردہ گھوڑے سے بھی بدتر ہے، سابق وفاقی وزیر

ننکانہ صاحب (این این آئی) عمران خان نے ٹرمپ کی خواہش پر کشمیر کو پلیٹ میں رکھ کر بھارت کے حوالے کیا، مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن سابق گورنر و وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کہا کہ عمران خان نے امریکہ کے صدر ٹرمپ کی خواہش پر کشمیر کو پلیٹ میں رکھ کر بھارت کے حوالے کیا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسلم اکثریت والا حصہ پاکستان اور ہندو اکثریت والا بھارت کا تسلیم ہوا، مگر اس پر آج تک عمل درآمد نہ ہو سکا کشمیریوں نے تحریک آزادی کی جدوجہد میں لاکھوں جانوں کی قربانیاں دیں، عورتیں بیوہ اور بچے یتیم ہو گئے، تمام قربانیوں کو نظر انداز کر کے قائد اعظم محمد علی جناح کی شہ رگ کشمیر کو آج کے دن بھارت کے حوالے کر دیا گیا، عمران نیازی نے امریکہ کے دورے سے واپسی پر ایئرپورٹ پر کہا کہ میں دوبارہ ورلڈ کپ جیت کر آیا ہوں، وہ ورلڈ کپ بغیر کسی لڑائی، جدوجہد اور کسی کو پتہ چلے بغیر ٹرمپ کی خواہش پر پلیٹ میں رکھ کر کشمیر کو مودی کے حوالے کر دیا گیا جو آج بھارت کا صوبہ ہے، باوجود اس کے بھارت کو ہمت نہیں کہ کشمیر میں الیکشن کرا سکیں، 5 اگست استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سراپا احتجاج ہیں، انہوں نے کہا کہ دنیا کی تاریخ میں مسلمانوں کے قتل عام پر پہلے کشمیر اور اب فلسطین کے معاملات پر اقوام متحدہ کا کردار مردہ گھوڑے سے بھی بدتر ہے، امریکہ میں جانوروں اور پرندوں کے بھی حقوق ہیں

1989 سے اب تک مقبوضہ کشمیر میں 96320 شہریوں کو بھارتی قابض فوج اور پولیس نے شہید کر دیا

11,264 خواتین کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قابض فوج اور پولیس کے درندوں نے زیادتی کا نشانہ بنایا

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی غیر قانونی قبضے اور مظالم کا سلسلہ 75 سال سے جاری ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے شہریوں نے بھارتی حکومت کی جانب سے 5 اگست 2019 کو مارے جانے والے شب خون کو مسترد کر دیا۔ 1989 سے اب تک مقبوضہ کشمیر میں 96320 شہریوں کو بھارتی قابض فوج اور پولیس نے شہید کیا ہے۔ ایک لاکھ 71 ہزار سے زائد کشمیری باشندوں کو بھارتی قابض فوج اور پولیس نے غیر قانونی اور بلا جواز طور پر گرفتار کیا ہے۔ 22974 خواتین کو بیوہ کیا جا چکا ہے۔ 11,264 خواتین کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قابض فوج اور پولیس کے درندوں نے زیادتی کا نشانہ بنایا ہے۔ اگست 2019 سے اب تک 887 افراد شہید کیے جا چکے ہیں اور 25,000 سے زائد شہریوں کو پابند سلاسل کیا جا چکا ہے۔ 2019 سے اب تک 19000 کے قریب غیر قانونی چھاپے مارے جا چکے ہیں اور 1300 حریت پسند سرکاری ملازمین کو غیر قانونی طور پر برطرف کیا جا چکا ہے۔ بھارتی قابض فوج نے 60,000 کشمیری خاندانوں کی لسٹ بنائی گئی ہے جن پر زندگی تنگ کرنے کا گھناؤنا منصوبہ تیار کیا جا چکا ہے۔ مودی سرکار نے اپنی مکارانہ و سفاکانہ پولیس کے تحت مقبوضہ کشمیر میں 32 لاکھ غیر مقامی ووٹرز کا غیر قانونی اندراج کیا جس سے مقامی افراد میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کا حکومتی منصوبہ رکھتی ہے جس غرض سے ووٹر لسٹوں میں رد و بدل کیا گیا ہے۔ میر واعظ مولوی عمر فاروق اور دیگر کشمیری حریت رہنماؤں کو گھروں سے نکلنے نہیں دیا جا رہا۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی جانب سے 60 ہزار کنال زمین غیر قانونی طور پر ہتھیائی جا چکی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے شہریوں کو غیر قانونی طور پر دو لاکھ ایکڑ زمین سے محروم کیا جا چکا ہے۔ جموں میں 16 ایکڑ رقبے پر غیر قانونی مندر تعمیر کیا جا رہا ہے۔ بھارتی فوج اور پولیس مقبوضہ کشمیر میں ویلج ڈیفنس گارڈز کے نام پر آر ایس ایس کے دہشت گردوں کو مسلح کر رہی ہیں۔ مودی سرکار مقبوضہ کشمیر میں شراب کا دھندا پھیلانا چاہتی ہے۔ منشیات کے اڈے قائم کروائے جا رہے ہیں۔ انڈین سول سروس میں کشمیر کا کوٹا 50 فیصد سے 33 فیصد پر لایا جا چکا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں تعینات 20 پرنسپل سیکرٹریز میں سے 16 ہندو ہیں۔ 890 قوانین میں غیر قانونی ترامیم سے بھارتی فاشسٹ حکومت مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی نسل کشی کا ارادہ رکھتی ہے۔

کراچی میں اسٹریٹ کرائمز میں 11 فیصد اضافہ ہوا ہے، انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان

صرف کراچی میں ایک سال کے دوران 59 ہزار سے زائد موٹر سائیکلز اور 2336 کاریں چوری یا چھین لی گئیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان نے حالیہ سالانہ رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ کراچی میں اسٹریٹ کرائمز میں 11 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان نے کراچی میں اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایچ آر سی پی نے انسانی حقوق کی حالت پر اپنی حالیہ سالانہ رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ کراچی میں اسٹریٹ کرائم میں 11 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جو باعث تشویش ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی میں سال 2023 کے دوران اسٹریٹ کرائمز کی 90 ہزار سے زائد وارداتیں ہوئیں جب کہ 2022 میں یہ تعداد 80 ہزار تھی۔ یوں ایک سال میں یہ اضافہ 11 فی صد ریکارڈ کیا گیا۔ ایچ آر سی پی رپورٹ میں مزید تفصیلات بتاتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اسی مدت کے دوران ڈکیتیوں اور دیگر اسٹریٹ کرائمز کے دوران 134 شہریوں کو قتل جب کہ سینکڑوں کو زخمی بھی کیا

نیو کراچی ٹاؤن میں سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی کارکردگی سوالیہ نشان

سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ نے نیو کراچی ٹاؤن کو کچرے کے ڈھیر میں تبدیل کر دیا ہے

کراچی (این این آئی) نیو کراچی ٹاؤن میں سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی کارکردگی سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ تمام تر مراعات حاصل کرنے کے باوجود کارکردگی صفر ہے۔ علاقوں سے کچرا اُٹھانا اور اس کچرے کو ڈمپنگ پوائنٹ پر منتقل کرنے میں غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ شہری آبادی کے درمیان جگہ جگہ ڈمپنگ پوائنٹ بنا دیئے گئے ہیں جہاں علاقے کے تمام کچرے کو جمع کیا جاتا ہے جس سے بدبو اور تعفن اُٹھ رہا ہے اور اہلیان نیو کراچی ٹاؤن اس بدبو اور غلاظت کے درمیان زندہ رہنے پر مجبور ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ آفس سے متصل ڈمپنگ پوائنٹ پر موجود کچرے اور غلاظت کا معائنہ کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن محمد مشتاق خان و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن ایک گنجان آبادی ہے اور سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی نا اہلی ہے کہ اس نے آبادیوں کے درمیان ڈمپنگ پوائنٹ بنائے ہیں جس کی وجہ سے عوام کا جینا محال ہو گیا ہے تو دوسری طرف کچرے اور غلاظت کی وجہ سے بیماریاں جنم لے رہی ہیں اگر نیو کراچی ٹاؤن میں کسی بیماری کی وباء پھیل گئی تو اس کا ذمہ دار کون ہوگا۔ دنیا میں کہیں ایسا نہیں ہوتا کہ شہری آبادیوں کے درمیان کچرے کو جمع کیا جائے یہ سراسر عوام کے ساتھ زیادتی ہے۔ میں اس سلسلے میں طارق نظامی صاحب اور سندھ حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اس پر فوری نوٹس لیں اور نیو کراچی ٹاؤن کے تمام علاقوں کی روزانہ کی بنیاد پر صفائی کو یقینی بنائیں، آبادی کے درمیان ڈمپنگ پوائنٹس پر اس طرح کچرا جمع نہیں ہونا چاہیے۔ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کو پابند کیا جائے کہ کچرے کو علاقوں میں جمع کرنے کے بجائے براہِ راست کچرے کو فوری لینڈ فل سائیڈ (جام چاکرو) منتقل کیا جائے یہ آپ کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس بات کو برداشت نہیں کر سکتے کہ اتنی بڑی آبادی کے چاروں طرف غلاظت پھیلی رہے اور لوگ اس غلاظت کے درمیان زندگی گزاریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے ذمہ داران گزشتہ ایک سال سے ہمیں یہ کہ رہے ہیں کہ ہماری مشینری پورٹ پر پھنسی ہوئی ہے عجیب بات یہ ہے کہ حکومت سندھ کے ماتحت ادارہ یہ بات کر رہا ہے۔ میں بڑی ذمہ داری کہ ساتھ یہ بات کر رہا ہوں کہ سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ نیو کراچی ٹاؤن کی 13 یونین کونسلوں میں کام نہیں کر پا رہا

لاہور، آئی جی پنجاب عثمان انور پولیس کالج چوہنگ میں یادگار شیلڈ وصول کر رہے ہیں

کراچی انتظامیہ کی جانب سے یوم استحصال ریلی کا انعقاد، سندھ حکومت کی کشمیریوں سے اظہار یکجہتی

کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ غیر قانونی اور اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کے فیصلوں کی صریحاً خلاف ورزی ہے، ناصر حسین شاہ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے بھارت کے غیر قانونی اقدام کے خلاف یوم استحصال منایا اس موقع پر کراچی انتظامیہ کی جانب سے صوبائی وزیر توانائی ناصر حسین شاہ کی قیادت میں پیپلز چورنگی سے مزار قائد تک کشمیریوں کے ساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کرتے ہوئے یوم استحصال ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں وزیر اعلیٰ سندھ کے اسپیشل اسسٹنٹ وقار مہدی، راجویر سنگھ، کمشنر کراچی سید حسن نقوی، مختلف محکموں کے سیکرٹریز، تمام ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، کمشنر کراچی اور تمام ضلعی انتظامیہ کا عملہ، محکمہ تعلیم کے افسران، اساتذہ اور اسکول کے بچوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مزار قائد پر واک کے اختتام کے بعد شرکاء سے صوبائی وزیر ناصر حسین شاہ اور کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے خطاب کیا۔ ناصر حسین شاہ نے کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے بھارت کے اقدام کو غیر قانونی اور اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کے فیصلوں کی صریحاً خلاف ورزی قرار دیا

ایف بی آر این ٹی این لینے کے عمل کو آسان کرے' لاہور ٹیکس بار

لاکھوں افراد پراسس کر رہے ہیں لیکن ایف بی آر کا سسٹم پاسورڈ جاری نہیں کر رہا

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو این ٹی این لینے کے عمل کو آسان، لاکھوں افراد این ٹی این لینے کے لیے پراسس کر رہے ہیں لیکن ایف بی آر کا سسٹم پاسورڈ جاری نہیں کر رہا۔ لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر شہباز صدیق، نائب صدر انیب اختر انصاری، جنرل سیکرٹری میاں محمد زاہد، فنانس سیکرٹری محمد حسن یوسف اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے کہا کہ ٹیکس پریکٹیشنرز اور ٹیکس دہندگان ایف بی آر کے سسٹم کے حوالے سے شکایات کر رہے ہیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ ایف بی آر ڈیجیٹلائزیشن ضرور کرے مگر چلتے سسٹم میں رکاوٹ پیدا نہ کرے۔ حکومت ٹیکس نیٹ اور ٹیکس بیس کو بڑھانے کے لیے سخت سے سخت اقدامات اٹھا رہی ہے لیکن ایف بی آر خود رکاوٹ پیدا کر رہا ہے

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بائیں ہاتھ سے کام کرنے والوں کا عالمی دن 13 اگست کو منایا جائے گا

جہانیاں (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بائیں ہاتھ سے کام کرنے والوں کا عالمی دن 13 اگست کو منایا جائے گا۔ لیفٹ ہینڈرز ڈے یعنی بائیں ہاتھ والوں کا دن منانے کا مقصد ایسے افراد کی انفرادیت کا اعتراف کرنا اور ان کو درپیش چھوٹے چھوٹے مسائل کا احساس کرنا ہے۔ ماہرین کے مطابق دنیا کی کل آبادی میں سے 10 فیصد افراد بائیں ہاتھ سے کام کرتے ہیں۔ ایک سائنسی تحقیق کے مطابق بائیں ہاتھ والے افراد زیادہ ذہین ہوتے ہیں۔ دنیا کی تاریخ میں کئی معروف افراد بائیں ہاتھ والے گزرے ہیں۔ جیسے کہ مشہور سائنسدان آئن اسٹائن، مشہور مصور لیونارڈو ڈاونچی، ریڈیم ایجاد کرنے والی نوبل انعام یافتہ سائنسدان میری کیوری، مشہور فلسفی ارسطو، چاند کو سر کرنے والا پہلا خلا نورد نیل آرم اسٹرونگ، فورڈ موٹر کمپنی کے مالک ہنری فورڈ، برطانوی شاہی خاندان کی ملکہ وکٹوریہ اور معروف امریکی مصنفہ ہیلن کیلر جو بیچلرز کی ڈگری حاصل کرنے والی دنیا کی پہلی نابینا خاتون تھیں۔

بھارت جان بوجھ کر مقبوضہ کشمیر میں ہندوؤں کو بڑی تعداد میں آباد کر رہا ہے، سردار عامر الطاف خان

مظفر آباد (این این آئی) وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن و مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سردار عامر الطاف خان نے کہا ہے کہ بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے نہ صرف کشمیریوں کے ساتھ ظلم کیا ہے بلکہ اقوام متحدہ کی قراردادوں بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کی جانب سے 5 اگست 2019 کو آرٹیکل 370 اور 35 اے کے خاتمے کے بعد مقبوضہ وادی میں جو اقدامات کیے گئے

چین نے 2025-2030 کیلئے صحت مند ماحول کو فروغ دینے کا منصوبہ جاری کر دیا

بیجنگ (این این آئی) چین نے 2025 سے 2030 کے دوران عوامی صحت کے تحفظ کیلئے ماحولیاتی حالات کو بہتر بنانے کے مقصد سے ایک جامع ایکشن پلان جاری کر دیا ہے، چینی میڈیا کے مطابق یہ منصوبہ چین کی نیشنل ایڈمنسٹریشن آف ڈیزیز پریوینشن اینڈ کنٹرول) این اے ڈی پی سی (اور دیگر محکموں کی جانب سے مشترکہ طور پر جاری کیا گیا ہے جس میں ماحول کو سرسبز، محفوظ اور رہائش کے قابل بنانے کیلئے 16 واضح اقدامات شامل کیے گئے ہیں۔ حالیہ برسوں میں چین نے صحت مند ماحول کی تعمیر میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے جس میں ویسٹ سورٹنگ اور ری سائیکلنگ، فضائی آلودگی کے انسداد کیلئے سخت اقدامات اور صحت عامہ کے ہنگامی واقعات سے نمٹنے کی صلاحیت میں بہتری شامل ہے

سپریم کورٹ متنازع مبارک ثانی کیس کا دوبارہ جائزہ لے' متحدہ علماء کونسل

سپریم کورٹ معروف علماء کے دیئے گئے تحریری بیان کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے زیر اہتمام دینی جماعتوں اور علمائے کرام کا مشترکہ اجلاس گزشتہ روز جامع مسجد آسٹریلیا میکلوڈ روڈ لاہور میں منعقد ہوا جس میں مبارک ثانی کیس کے حوالہ سے سپریم کورٹ کے 24 جولائی 2024 کے فیصلہ کا قرآن و سنت اور آئین و قانون کی روشنی میں تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متحدہ علما کونسل کے صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل مولانا سردار محمد خان لغاری، ڈاکٹر فرید پراچہ، مولانا عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر حافظ محمد سلیم، پروفیسر غضنفر عزیز، طاہر سلطان کھوکھر ایڈووکیٹ، غلام مصطفیٰ چوہدری ایڈووکیٹ، مولانا عبدالرف فاروقی، ڈاکٹر محمد امین و دیگر علمائے کرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی، اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ متحدہ علماء کونسل پاکستان اس امر پر افسوس کا اظہار کرتی ہے کہ عوام، دینی جماعتوں اور علمائے کرام کی طرف سے مبارک ثانی کیس کے 6 فروری 2024 کے فیصلہ کے بارے میں جن تحفظات کا اظہار کیا گیا تھا، 24 جولائی 2024 کے فیصلہ میں ان کو دور نہیں کیا گیا۔ حالیہ فیصلہ میں سپریم کورٹ نے قادیانیوں کے حوالہ سے اگرچہ آئینی و قانونی پوزیشن کو نہ صرف تسلیم کیا ہے بلکہ ایک سے زیادہ دفعہ ان کے حوالے سے اپنے موقف کا بھی اظہار کیا ہے اور وفاقی شرعی عدالت اور سپریم کورٹ کے 5 رکنی بینچ کے 1993 کے فیصلوں کا حوالہ بھی دیا گیا، لیکن اس کے باوجود مبارک ثانی کیس کے فیصلہ کے تینوں حصوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، جیسا کہ سپریم کورٹ نے تحریف قرآن کے ایشو جو کہ اس مقدمہ کی بنیاد ہے، خود ساختہ تکنیکی بنیادوں پر مبارک ثانی کو ریلیف دیتے ہوئے برقرار رکھا گیا ہے اور از خود یقین کر لیا ہے کہ قرآن کریم کی کوئی بے حرمتی نہیں ہوئی، اسی طرح سپریم کورٹ نے اپنے فیصلہ کے پیراگراف 42 میں قادیانیوں کو سر عام تبلیغ کی مشروط اجازت دی ہے اور چار دیواری کے اندر ان کے گھروں، عبادت گاہوں اور نجی اداروں کو معقول قید کیساتھ گھر کی خلوت کا حق دیا گیا ہے، حالانکہ امتناع قادیانیت قانون میں قادیانیوں پر مکمل مذہبی پابندی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ اجلاس چیف جسٹس سے ایک مرتبہ پھر اپیل کرتا ہے

لبنان کے دارالحکومت بیروت کی بندرگاہ پر دھماکوں کو 4 سال مکمل

اگست 2020 کو بیروت کی بندرگاہ پر دھماکے میں 200 سے زیادہ افراد ہلاک، ہزاروں زخمی ہوئے

بیروت (این این آئی) لبنان کے دارالحکومت بیروت کی بندرگاہ پر دھماکوں کو 4 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق 4 اگست 2020 کو بیروت کی بندرگاہ پر دھماکے ہوئے جس میں 200 سے زیادہ افراد ہلاک اور ہزاروں زخمی ہوئے جبکہ 50 ہزار مکانات تباہ ہو گئے تھے، بیروت دھماکوں میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ 15 بلین امریکی ڈالر لگایا گیا۔ 2020 کے بیروت پورٹ دھماکوں کے متاثرین کے اہل خانہ نے گزشتہ روز بیروت کے مرکز میں 2 مارچ کیے اور بندرگاہ کے سامنے جمع ہوئے۔ اس موقع پر کئی خاندانوں نے تقاریر کیں جن میں تحقیقات مکمل کرنے، مقدمے میں فرد جرم عائد کرنے اور دھماکوں کے ذمہ داروں کو نامزد کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر یادگاری تقریبات کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں سیاست دانوں، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں، سول سوسائٹی کی تنظیموں کے اراکین اور سینکڑوں لبنانی شہریوں نے شرکت کی، متاثرین کی تصویریں اٹھائیں اور اس میں ملوث افراد کے خلاف احتساب کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے لگائے

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا لائف سٹائل فرنیچر ایکسپو کی اختتامی تقریب پر منتظمین کے ہمراہ گروپ فوٹو

05 اگست 2019 ریاست جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، سمعیہ ساجد

مسلم کانفرنس خواتین ونگ ضلع مظفر آباد کی جانب سے یوم استحصال کشمیر کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

مظفر آباد (این این آئی) صدر مسلم کانفرنس سردار عتیق احمد خان کی ہدایت پر مسلم کانفرنس خواتین ونگ ضلع مظفر آباد کی جانب سے یوم استحصال کشمیر کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی مرکزی چیئر پرسن مسلم کانفرنس خواتین ونگ محترمہ سمعیہ ساجد تھی جبکہ تقریب کی میزبانی سینئر نائب صدر خواتین ونگ ضلع مظفر آباد محترمہ سیدہ معصوم ظہور کر رہی تھی۔ تقریب آمد کے موقع پر سینئر نائب صدر خواتین ونگ ضلع مظفر آباد محترمہ سیدہ معصوم ظہور نے اپنی ساتھیوں کے ہمراہ مہمان خصوصی مرکزی چیئر پرسن خواتین ونگ محترمہ سمعیہ ساجد اور انکے ہمراہ آنے والی وائس چیئر پرسن خواتین ونگ ضلع باغ و ممبر ضلع کونسل باغ محترمہ نسرین اختر راجہ، جنرل سیکرٹری خواتین ونگ سٹی مظفر آباد محترمہ مریم مبشر جہانداد کا استقبال کیا۔ یوم استحصال کشمیر کی تقریب سے خطاب کرتے سمعیہ ساجد نے کہا ہے کہ 05 اگست 2019 ریاست جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کے دعویدار بھارت نے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35A کا خاتمہ کر کے ریاست جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے ثابت کر دیا ہے

لاہور، وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری عظمت محمود پنجاب ہیلتھ انیشیٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارتی مظالم اور کشمیر کی آزاد حیثیت کے خاتمے کے خلاف عالمی برادری فوری نوٹس لے، کمشنر سرگودھا ڈویژن

سرگودھا ڈویژن بھر میں یوم استحصال کشمیر پورے قومی جذبہ سے مناتے ہوئے سیمینارز اور ریلیوں کا سلسلہ جاری رہا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں یوم استحصال کشمیر پورے قومی جذبہ سے مناتے ہوئے سیمینارز اور ریلیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر محمد اجمل بھٹی کی قیادت میں آرٹس کونسل سے ریلی میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان، ایس پی انوسٹی گیشن فرحان احمد، ایس پی ہیڈکوارٹر ضیاء اللہ خان اور ڈاکٹر پروفیسر ہارون الرشید تبسم سمیت انتظامی افسران و سرکاری ملازمین، طلباء و طالبات سمیت ہر شعبہ زندگی کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ریلی آرٹس کونسل کمپلیکس سے شروع ہوئی جو ڈی پی او چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ جنہوں نے پاکستانی اور کشمیری پرچم، بینرز و کتبے اٹھا رکھے تھے جن پر بھارتی حکومت کے خلاف احتجاجی نعرے درج تھے۔ شرکاء ریلی نے بھارت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ جبکہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر محمد اجمل بھٹی کا کہنا تھا کہ بھارتی مظالم اور کشمیر کی آزاد حیثیت کے خاتمے کے خلاف عالمی برادری فوری نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے غیر قانونی طور پر مقبوضہ کشمیر کو بھارت کا حصہ بنایا ہے۔ پاکستان کے عوام اور حکومت کشمیریوں کے حق خود اختیاری کے حصول کے لیے ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں نوجوانوں کا عالمی دن (انٹرنیشنل یوتھ ڈے) 12 اگست کو منایا جائے گا

جہانیاں (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں نوجوانوں کا عالمی دن (انٹرنیشنل یوتھ ڈے) 12 اگست کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد نوجوانوں کی تعمیری صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور ان میں مثبت سرگرمیوں کے رجحان کی حوصلہ افزائی کرنا ہے اس دن کی مناسبت سے جہانیاں سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف ورکشاپس، ثقافتی شوز، سیمینارز اور دیگر تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں مقررین ملکی تعمیر و ترقی میں نوجوانوں کے کردار کی اہمیت اور ان کے مسائل پر روشنی ڈالیں گے۔

لاہور، چین کے قونصل جنرل ژاؤ شیرن ریڈیو پاکستان میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مظفر آباد، شہر اقتدار میں خطرناک کیمیکل مافیا سرگرم ہونے کے انکشافات نے تہلکہ مچا دی

مظفر آباد (این این آئی) شہر اقتدار میں خطرناک کیمیکل مافیا سرگرم ہونے کے انکشافات نے تہلکہ مچا دی۔ دودھ دہی ڈیری مصنوعات کے بعد صابن صرف میں بھی خطرناک کیمیکل استعمال کرنے کا انکشاف۔ صرف ایکسل، ایریل اور دیگر بھانت بھانت کے صرف کپڑے دھونے والے صابن استعمال کرنے سے گھریلو خواتین سمیت دھوبیوں کے ہاتھ جلنے کے واقعات میں اضافہ ہونے لگا۔ گزشتہ روز میڈیا سروے میں گھریلو خواتین اور گنجان آباد کاروباری مراکز میں قائم لانڈری کی دکانوں پر کام کرنے والے دھوبیوں نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے

پنجاب میں کانگو کی روک تھام کے لئے محکمہ صحت نے جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل

ورکنگ گروپ کے ماہرین کانگو کے پھیلاؤ، روک تھام پر پہلوؤں کا جائزہ لیکر تفصیلی رپورٹ پیش کریں گے' خواجہ عمران نذیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ صوبہ میں کانگو کی روک تھام کے لئے محکمہ صحت نے جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل دیدیا ہے، جوائنٹ ورکنگ گروپ میں صحت، لائیوسٹاک اور یونیورسٹی آف ویٹرنری سائنسز کے ماہرین شامل ہیں، ماہرین کانگو کی روک تھام کے لئے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیکر اپنی تجاویز پنجاب حکومت کو پیش کریں گے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے یہ بات پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ گلبرگ میں ڈینگی، متعدی امراض اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا ساتواں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر صحت نے اجلاس کے دوران راولپنڈی، اٹک، چکوال، میانوالی، خوشاب، سرگودھا، مظفر گڑھ، ڈی جی خان اور راجن پور کے اضلاع میں ڈینگی، کانگو، ہیضہ اور خسرہ کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری صحت علی جان خان نے متعدی اور وبائی امراض پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سپیشل برانچ، پی آئی ٹی بی و دیگر محکمہ جات کے افسران نے بھی بریفنگ دی۔ خواجہ عمران نذیر نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کہ وہ مویشیوں کی بین الصوبائی چیک پوسٹوں پر مانیٹرنگ اور ڈس انفیکشن کا عمل یقینی بنائیں۔ منڈیوں میں داخل ہوتے وقت تمام مویشیوں کی بھی ڈس انفیکشن کی جائے۔ خواجہ عمران نذیر نے ڈی سی صاحبان کو ہدایت کرتے ہوئے کہا

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Roads CWPP&H Department District Kalat invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mention in the bidding documents for the works mentioned below. The estimated cost and other information of works are as under: percentage tender based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Baluchistan amended up-to-date from interested contractors /firms for the work listed below under BPPRA Rules.& Tender complete details please visit http://www.bppra.gob.pk.

Bid Security @ 2% and Tender Fee A/C # C02716 1000/- for each work

S. No	Name of Work	Estimated Cost	Bid submission / Tender opening Date
1	KILLI KHAIL CONSTRUCTION OF BT ROAD OF 365 METER DISTRICT KALAT. TSE-2627081152323	6,965,174/-	21/08/2026
2	CONSTRUCTION OF B/T ROAD KOHING DISTRICT KALAT. TSE-2627081152193	29850746/-	21/08/2026
3	CONSTRUCTION OF BT ROAD OF KILLI MUGHALZAI II DISTRICT KALAT. TSE-2627081152213	29850746/-	21/08/2026
4	CONSTRUCTION OF B/T ROAD KILLI GHANI ABAD KHALIQABAD, DISTRICT KALAT. TSE-2627081152153	34825871/-	21/08/2026
5	CONSTRUCTION OF BT ROAD N25 TO MUGHALZAI CHOWK VIA GRID STATION DISTRICT KALAT. TSE-2627081152263	59701493/-	21/08/2026

DEADLINE OF SUBMISSION: Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in two separates envelopes clearly marked with Work title& type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend. The Second sealed envelope containing "financial bids"of technically responsive /qualified bidders will be opened on the same date. **Bids Validity: Ninety days Place:** The place of issuance, submission, inquiries and opening will be - **The office of the Executive Engineer Roads CWPP&H Department District Kalat & Submission Time deadline 10:00 A.m Date 21 August 2026 & Opening Time deadline 11:00 A.m Date 21 August 2026.**

EXECUTIVE ENGINEER ROADS CWPP&H DEPARTMENT KALAT.

DPRQ/PRQ No.616/05-08-2026

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District Kech (Turbat) invites sealed percentage tender based on Composite schedule of rates 2026, Government of Balochistan (G.O.B) amended up-to-date from interested Government Contractors/Firm who renewal for the year 2027, for the work listed below: - The Tender Fee Rs: 1000/- Deposited in shape of Green Chall in Head of account (02716) **Earnest Money 2%, and Time limit 12 Months**

S. No	Name of Work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF CLASSROOMS FOR GOVERNMENT GIRLS SCHOOL QADIR BAKHSH MUHALLAH TURBAT **TSE-2627081152943**	9,027,202
2	CONSTRUCTION OF CLASSROOMS IN PRIMARY SECTION OF GOVERNMENT GIRLS HIGH SCHOOL CHASAR TURBAT **TSE-2627081152973**	9,027,202

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Assignments of One Similar Nature and Complexity Turnover of at least 500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Taxpayer List The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Submission of the required Bidding document Fee Balochistan Revenue Authority Registration is required Registration with Pakistan Engineering Council C-6 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 20th **August,2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The tenders must be submitted at the latest by 20th **August,2026** till **12:00 PM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM Address:** Office of Executive Engineer-Building CWPP&H Department Turbat.
Phone no: 0852413280
Email: executiveengineer21kech@gmail.com

Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department District Kech

DPRQ/PRQNo.632/5-8-2026

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Irrigation Division Awaran invites sealed bids/tenders from eligible contractors/firms based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Balochistan, for execution of the following works for the Year 2026. The details are given below: T/Fee 1000/-

S.#	NAME OF WORK	TSE NUMBER	ESTIMATED COST	EARNEST MONEY 2% IN SHAPE OF DEPOSIT AT CALL
1	FLOOD PROTECTION BUND NAAL KAUR BAGARI ZILAG, JHAO	TSE-2627081154053	12,000,000.00	240,000.00
2	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL FOR SYAHGAZI-1, AWARAN	TSE-2627081153973	17,330,000.00	346,600.00
3	FLOOD PROTECTION WALL FOR CRICKET GROUND AT NIABAT, AWARAN	TSE-2627081153943	15,260,000.00	305,200.00
4	FLOOD PROTECTION WALL AT EALHI BUX ALI, ZEERAK ALI GARAI PIRANDER, AWARAN	TSE-2627081153873	9,200,000.00	184,000.00
5	FLOOD PROTECTION WALL GABION WALL JEBRI COLONY MASHKAY, AWARAN	TSE-2627081153833	10,000,000.00	200,000.00
6	FLOOD PROTECTION BUND KUCH ANUNDRA, AWARAN	TSE-2627081153783	10,160,000.00	203,200.00
7	FLOOD PROTECTION BUND MIR YAQOUB QAMBARANI PEERANDAR, AWARAN	TSE-2627081153763	10,000,000.00	200,000.00
8	FLOOD PROTECTION BUND JUHI NONDRA ANUNDRA, AWARAN	TSE-2627081153703	10,160,000.00	203,200.00
9	FLOOD PROTECTION WALL MUSHTAREKA SARFARAZ BAZAR CHORUK NOKJO, AWARAN	TSE-2627081153623	11,310,000.00	226,200.00
10	REPAIR OF OLD PROTECTIVE BUND AND CONSTRUCTION OF NEW PROTECTIVE BUND FROM M-8 TO BHQ GISHKAUR, AWARAN	TSE-2627081153503	7,000,000.00	140,000.00
11	FLOOD PROTECTION WALL AMEER BAKHSH KHANA ZELAG, AWARAN	TSE-2627081153393	16,560,000.00	331,200.00
12	PROTECTION WALL AT WAHID MAZAAR, REHMAT ESSA AZUM GOTH, PIRANDER, AWARAN	TSE-2627081153233	9,200,000.00	184,000.00
13	FLOOD PROTECTION WALL FOR ZAKIR KACH PIRANDAR, AWARAN	TSE-2627081153103	30,000,000.00	600,000.00

The procurement shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules, 2014.2. Eligibility of Bidders: Eligibility criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents.3. Bidding Procedure: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure for all 13 TSEs listed above.4. Tender Documents: The NIT and bidding documents can be downloaded from the BPPRA website free of cost and may also be obtained from the office of the undersigned upon payment of the prescribed tender fee.5. Last Date of Bid Submission: 20 August 2026 at 10:00 AM.6. Tender Opening: All tenders will be opened on the same day at 11:00 AM.7. Address: Irrigation Office, Main Awaran Road, Awaran.8. Phone No: 033377175159.
Email: zafar.pandrani@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION AWARAN

DPRQ/PRQ No.620/5-08-2026

www.dpr.gob.pk. | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

SPORTS سپورٹس

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

بلوایو، جنوبی افریقہ کے بولر کوڈی یوسف زمبابوے کے کھلاڑی کو ٹیسٹ میچ کے دوران آؤٹ کرنے کے بعد ساتھی کھلاڑیوں سے داد وصول رہے ہیں

پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز کپ ختم کردیا

ڈومیسٹک کرکٹ سیزن سے چیمپئنز کپ کے لیے شعیب ملک، سرفراز احمد، وقار یونس، ثقلین مشتاق اور مصباح الحق کو بطور مینٹور 5 ٹیموں کی ذمے داری سپرد کی گئی تھی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 26-2025 سے چیمپئنز کپ کو ختم کردیا۔ ڈومیسٹک کرکٹ سیزن میں چیمپئنز کپ کو گزشتہ برس متعارف کروایا گیا تھا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے کچھ عرصہ قبل مینٹورز اور چیمپئنز کپ کی ٹیموں کا جائزہ لینے کے بعد چیمپئنز کپ اور مینٹور کو ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ شعیب ملک نے مینٹور کے عہدے سے استعفیٰ بھی دے دیا تھا۔ یاد رہے کہ چیمپئنز کپ کی 5 ٹیموں کے لیے 5 مینٹورز کی خدمات حاصل کی گئی تھیں۔ چیمپئنز کپ کے لیے شعیب ملک، سرفراز احمد، وقار یونس، ثقلین مشتاق اور مصباح الحق کو بطور مینٹور 5 ٹیموں کی ذمے داری سپرد کی گئی تھی۔

پی این ایف نے ایشین یوتھ نیٹ بال چیمپئن شپ جیت لی

کہ چیمپئن شپ میں فتح سے پاکستان کا نام روشن ہوا ہے، محمد طارق حسن و ثمین خان

کراچی (این این آئی) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن (PNF) نے ایشین یوتھ نیٹ بال چیمپئن شپ 2025 میں پاکستانی ٹیم کامیاب ہو کر وطن واپس پہنچ گئی۔ واضح رہے قومی نیٹ بال ٹیم نے، 27 جون سے 4 جولائی 2025 تک، جیونجو ہواسن جمنازیم، جیونجو-سی، کوریا میں میچ کھیلے۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن نے 12 رکنی ٹیم میں شامل کھلاڑیوں پر مشتمل پریسا عباس، امانی فواد غریب، علینہ مایا غریب، لیہ رضا شاہ، علیشہ عامر نوید، اسراء عمر ملک، حلیمہ سکینہ صفدر، سرینہ نسیم حسین، سمایا صفیہ احمد، سمیہ کوثر صفدر، جیسمن الزبتھ فاروق، فراح شیری روز راشد تھی۔ جبکہ مدثر رزاق کو منیجر اور امانڈا آر لین کو ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا تھا۔ کراچی ایئرپورٹ پر پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے نومنتخب صدر و پاکستان مسلم لیگ ق کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد طارق حسن۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر ملک محمد سمین دیگر عہدیداران سمیت کھلاڑیوں کے اہل خانہ نے پرتپاک استقبال کیا۔ پھولوں کے گلدستے پیش اور پاکستان زندہ باد کے نعرے بلند کئے۔ اس موقع پر محمد طارق حسن و ثمین خان نے قومی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ چیمپئن شپ میں فتح سے پاکستان کا نام روشن ہوا ہے جس پر کھلاڑیوں سمیت منیجر۔ کوچ اور پورا عملہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

یونگین، فٹ بال میچ میں ساؤتھ کوریا اور چائنا کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

ڈچ انٹرنیشنل یوتھ ریگاٹا، پاکستان کے فرید عارف اور ریان ملک نے گولڈ میڈل جیت لیا

ایمسٹرڈیم (این این آئی) پاکستان کے فرید عارف اور ریان ملک نے اوپن مینز ڈبل اسکل ریس میں گولڈ میڈل جیت لیا۔ پاکستان کے فرید محمد عارف اور ریان ملک نے کے بی سی پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈچ انٹرنیشنل یوتھ ریگاٹا کے پہلے دن شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور اوپن مینز ڈبل اسکل ریس میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ یہ باوقار مقابلہ ایمسٹرڈیم میں منعقد ہوا جس میں 8 ممالک کے 800 سے زائد نوجوان کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ اس مقابلے میں شرکت کرنے والے ممالک میں پاکستان، نیدرلینڈز، بیلجیئم، جرمنی، برطانیہ، فرانس، یوکرین اور امریکا شامل ہیں۔ پاکستان کے فرید اور ریان نے بہترین ہم آہنگی اور غیر معمولی برداشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے بین الاقوامی حریفوں کو پیچھے چھوڑا۔ ان دونوں کی برتری اتنی واضح تھی کہ فنش لائن پر دوسری کشتیاں نظر ہی نہیں آرہی تھیں۔

ویان ٹرپل سنچری بنانے والے دوسرے جنوبی افریقی کھلاڑی بن گئے

مولڈر، برائن لارا کے 21 سالہ عالمی ریکارڈ 400 اسکور سے 33 رنز کی دوری پر رہیں

اسلام آباد (راشد محمود) اپنے 21ویں ٹیسٹ میں پہلی بار جنوبی افریقہ کی کپتانی کرنے والے ویان مولڈر نے زمبابوے کے خلاف بلاوایو میں 334 گیندوں پر ناقابل شکست 367 رنز بنا کر پانچویں سب سے زیادہ انفرادی ٹیسٹ سکور قائم کیا۔ لیکن مولڈر، برائن لارا کے 21 سالہ عالمی ریکارڈ 400 کے اسکور سے صرف 33 رنز کی دوری پر، 2004 میں سینٹ جانز سے، دوسرے دن کے دوسرے دن جنوبی افریقہ کے ساتھ 5 وکٹ پر 626 رنز پر لنچ پر اعلان کر دیا۔ راستے میں، مولڈر 2012 میں ہاشم آملہ (311) کے بعد- ٹرپل سنچری بنانے والے 29ویں ٹیسٹ کرکٹر اور صرف دوسرے جنوبی افریقی بن گئے۔ پہلے دن کا اختتام 264 پر ہوا، مولڈر نے دوسرے دن کے پہلے گھنٹے میں 297 گیندوں پر اپنی ٹرپل سنچری بنائی مولڈر نے اپنے اگلے 67 رنز صرف 37 گیندوں میں نمبر 7 کائل ویرین کی کمپنی میں بنائے۔ واضح رہے کہ ایک بار جب جنوبی افریقن بلے باز مولڈر لنچ سے پہلے لین ہٹن کے 364 اور گارفیلڈ سوبرز کے 365 سے آگے نکل گئے، تو وہ صرف مہیلا جے وردھنے (374)، لارا (375)، میتھیو ہیڈن (380) اور لارا (400) کے ساتھ ٹاپ فائیو میں تھے۔

آئی سی سی نے سنجوگ گپتا کو نیا چیف ایگزیکٹو افسر مقرر کردیا

سنجوگ گپتا آئی سی سی کے 7ویں سی ای او ہونگے اور وہ جیف ایلرڈائس کی جگہ لیں گے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پیر کو بھارت کے معروف اسپورٹس براڈ کاسٹر کے سینئر عہدیدار سنجوگ گپتا کو اپنا نیا چیف ایگزیکٹو افسر (سی ای او) مقرر کر دیا ہے۔ خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سنجوگ گپتا آئی سی سی کے 7ویں سی ای او ہوں گے اور وہ جیف ایلرڈائس کی جگہ لیں گے، جنہوں نے 4 سالہ مدت کے بعد جنوری میں استعفیٰ دے دیا تھا۔ سنجوگ گپتا اس سے قبل جیو اسٹار کے اسپورٹس اور لائیو ایونٹس کے چیف ایگزیکٹو کے طور پر کام کر رہے تھے۔ آئی سی سی کے چیئرمین جے شاہ نے کہا کہ گپتا کھیلوں کی حکمت عملی اور تجارتی پہلوؤں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

لندن، ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ میں آندرے روبلو میچ کے دوران شاٹ کھیل رہے ہیں

کارلوس الکاراز اور ٹیلر فریٹز کی پیش قدمی جاری

ومبلڈن اوپن ٹینس مینز سنگلز کے کوارٹر فائنل میں داخل ہوگئے

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) سپین کے شہرت یافتہ ٹینس سٹار، سیکنڈ سیڈ اور دفاعی چیمپئن کارلوس الکاراز، امریکا کے ٹینس کھلاڑی ٹیلر فریٹز، روسی ٹینس سٹار کیرن خچانوف اور انگلینڈ کے کیمرون نوری اپنی پیش قدمی کو جاری رکھتے ہوئے ومبلڈن اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے جبکہ کے روس کے ٹینس کھلاڑی آندرے روبلوف اور پولینڈ کے ٹینس کھلاڑی کامل ماچزاک مینز سنگلز کے ٹاپ 16 راؤنڈ میں شکست کے بعد میگا ایونٹ سے باہر ہوگئے۔ ہسپانوی ٹینس سٹار اور دفاعی چیمپئن کارلوس الکاراز نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے چوتھے راؤنڈ میں روسی حریف کھلاڑی آندرے روبلوف کو مات دے کر کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ سال کے تیسرے گرینڈ سلام ومبلڈن اوپن ٹینس کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کا موقع مل رہے ہیں۔ پانچ گرینڈ سلام ٹائٹلز کے چیمپئن اور میگا ایونٹ کے دفاعی چیمپئن 22 سالہ ہسپانوی ٹینس سٹار کارلوس الکاراز نے چوتھے راؤنڈ میچ میں عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے روسی حریف کھلاڑی آندرے روبلوف کو 7-6(7-5)، 3-6، 6-4 اور 6-4 سے شکست دے کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کر دیا بلکہ کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کر لیا۔ امریکا کے ٹینس کھلاڑی ٹیلر فریٹز نے آسٹریلوی حریف کھلاڑی جورڈن تھامسن کے خلاف پہلے سیٹ میں 1-6 سے کامیابی حاصل کی، دوسرے سیٹ میں 0-3 کے ساتھ برتری تھی کہ آسٹریلوی حریف کھلاڑی مقابلے سے دستبردار ہوگئے اور ٹیلر فریٹز نے کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ روسی ٹینس کھلاڑی کیرن خچانوف نے بھی ٹاپ 16 لائن عبور کرلی، انہوں نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے پولینڈ کے حریف کھلاڑی کامل ماچزاک کو سٹریٹ سیٹس میں 4-6، 2-6 اور 3-6 سے ہرا کر ٹاپ ایٹ راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ چوتھے راؤنڈ کے ایک اور میچ میں برطانوی ٹینس کھلاڑی کیمرون نوری نے بھی ٹاپ ایٹ راؤنڈ تک رسائی حاصل کرلی، انہوں نے چلی کے حریف کھلاڑی نکولس جیری فلول کو ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ میں سخت مقابلے کے بعد 3-6، 6-7(4-7)، 7-6(9-7)، 7-6(7-5) اور 3-6 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل راؤنڈ تک رسائی حاصل کی۔



منیپولس، ٹامپا بے ریز اور منی سوٹا ٹوئنز کے مابین بیس بال میچ کا منظر

ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپئن شپ میں دو پاکستانی کھلاڑیوں نے گولڈ میڈل جیت لیے

کولبو (این این آئی) سری لنکا میں جاری ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپئن شپ میں پاکستان کے دو کھلاڑیوں نے گولڈ میڈل جیت لیے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ساؤتھ ایشین کراٹے چیمپئن شپ میں پاکستان نے میدان مارلیا، پہلے انڈر 10 کیٹیگری میں حذیفہ ارشد نے کیڈٹ انفرادی کاتا میں گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ اس کے بعد آئینہ نوئیل نے پاکستان کے لیے گولڈ میڈل جیت لیا، آئینہ نوئیل نے انڈر 12 پلس 40 کے جی کلاس میں گولڈ میڈل جیتا۔ ان فتوحات کے بعد دو گولڈ، ایک سلور اور سات برانز کے ساتھ ٹورنامنٹ میں پاکستانی کھلاڑیوں کے حاصل کردہ میڈلز کی تعداد 10 ہوگئی ہے۔ سری لنکا کے دارالحکومت ولمبو میں جاری ایونٹ میں بھارت، سری لنکا، بنگلہ دیش، نیپال اور بھوٹان شامل ہیں۔

ویسٹ انڈیز نے پاکستان کیخلاف ٹی20 اور ون ڈے سیریز کے شیڈول کا اعلان کردیا

جمیکا (این این آئی) ویسٹ انڈیز کرکٹ بورڈ نے پاکستان کے خلاف 3 ٹی20 اور 3 ہی ون ڈے میچز پر مشتمل سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹی 20 سیریز کے تینوں میچز بالترتیب 31 جولائی، 2 اور 3 اگست کو امریکی ریاست فلوریڈا میں کھیلے جائیں گے۔ ٹی20 سیریز کے اختتام پر قومی ٹیم ون ڈے سیریز کے لیے ٹرینیڈاڈ کا رُخ کرے گی جہاں دونوں ٹیموں کے مابین 3 ون ڈے میچز 8، 10 اور 12 اگست کو شیڈول ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے ویسٹ انڈیز کرکٹ بورڈ کو ون ڈے سیریز ختم کر کے ٹی 20 میچز میں اضافے کی تجویز دی تھی تاہم میزبان کرکٹ بورڈ نے سیریز کو ختم کرنے سے انکار کردیا تھا۔

فیفا عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کی سیمی فائنل لائن اپ مکمل

فلومی نسے چیلسی، پیرس سینٹ جرمین اور ریال میڈرڈ نے سیمی فائنل راؤنڈ کوالیفائی کرلیا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) فٹ بال کی عالمی تنظیم فیفا کے زیر اہتمام امریکا میں جاری کلب ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کی سیمی فائنل لائن اپ مکمل ہوگئی ہے۔ فلومی نسے کلب، چیلسی، پیرس سینٹ جرمین کلب اور ریال میڈرڈ کلب کی ٹیمیں سیمی فائنل راؤنڈ میں کوالیفائی کرلیا۔ کلب ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کا سیمی فائنل راؤنڈ 8 جولائی سے شروع ہوگا۔ عالمی کلب فٹ بال ٹورنامنٹ کے میچز کا سلسلہ امریکا میں جاری ہے جس میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ میگا ایونٹ کا پہلا سیمی فائنل میچ 8 جولائی کو کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا سیمی فائنل میچ 9 جولائی کو کھیلا جائے گا۔ ٹاپ فور راؤنڈ کا پہلا سیمی فائنل میچ فلومینسے کلب اور چیلسی کی کلب فٹ بال ٹیموں کے درمیان میٹ لائف سٹیڈیم، ایسٹ رودرفورڈ کے مقام پر کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا اور آخری سیمی فائنل میچ پیرس سینٹ جرمین کلب اور ریال میڈرڈ کی کلب فٹ بال ٹیموں کے درمیان میچ میٹ لائف سٹیڈیم، ایسٹ رودرفورڈ میں کھیلا جائے گا۔ 14 جون سے شروع ہونے والا کلب فٹ بال ورلڈ کپ کا 21 واں ایڈیشن 13 جولائی کو

ورلڈ کلب ٹی ٹوئنٹی چیمپئن شپ میں لاہور قلندرز کی عدم شرکت کی خبریں من گھڑت ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) ورلڈ کلب ٹی ٹوئنٹی چیمپئن شپ میں پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی چیمپئن ٹیم لاہور قلندرز کی عدم شرکت کی خبریں من گھڑت ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈومیسٹک ٹی ٹوئنٹی لیگز کی چیمپئن ٹیموں کے درمیان ایسے کسی ایونٹ کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، انگلینڈ اجلاس میں اس ایونٹ بارے کوئی بات ہی نہیں ہوئی۔ اجلاس میں نہ تو پی ایس ایل اور نہ ہی آئی پی ایل نمائندوں نے شرکت کی، ورلڈ کلب ٹی ٹوئنٹی چیمپئن شپ ہی نہیں ہو رہی تو پاکستان کو نکالنے کی بات قبل از وقت ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ورلڈ کلب ٹی ٹوئنٹی چیمپئن شپ کے بارے آئی سی سی نے فیصلہ کرنا ہے، کسی ملک کے کرکٹ بورڈ کے اجلاس میں ایسی کوئی بات نہیں ہوئی۔

SHOWBIZ شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

عزت دینے سے عزت ملتی ہے، زرنش کی نادیہ خان پر تنقید

اپنی باری آئی تو برداشت نہیں لیکن خود جو مرضی اور جہاں مرضی بیٹھ کر کہتی رہیں، اداکارہ

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ زرنش خان نے ساتھی اداکارہ و میزبان نادیہ خان کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر انسٹا اسٹوری میں نادیہ خان کے ہانیہ اور دلجیت سے متعلق بیان کو ری شیئر کرتے ہوئے زرنش نے انہیں تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ عزت دینے سے عزت ملتی ہے۔ زرنش خان نے نادیہ خان کے مذکورہ بیان پر ردعمل دیتے ہوئے لکھا کہ کم از کم اب آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ دیگر لوگ کیسا محسوس کرتے ہیں، جب آپ ان کے بارے میں برا بھلا کہتی ہیں۔ انہوں نے لکھا، آپ کو کیا حق ہے کہ آپ کسی کے بارے میں ریمارکس پاس کرائیں، ان کا مذاق اڑائیں یا ان پر تنقید کریں؟ زرنش خان نے کہا کہ اپنی باری آئی تو برداشت نہیں لیکن خود جو مرضی اور جہاں مرضی بیٹھ کر کہتی رہیں، یہ اچھا ہے۔ عزت دینے سے عزت ملتی ہے، تھوڑا آپ اپنی زبان پر قابو کریں تا کہ باقی کسی کو موقع نہ ملے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیغام صرف ان کے لیے نہیں، بلکہ ہماری عوام کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہمیں اپنے کام سے کام رکھنے کی ضرورت ہے۔

ذاتی حملے کرنے پر نادیہ خان فنکاروں پر پھٹ پڑیں

اب ان پر ذاتی حملے کرنے کی کوشش کی تو انہیں عدالت میں پیش ہونا پڑے گا، اداکارہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کی نامور میزبان و اداکارہ نادیہ خان نے انہیں تنقید کا نشانہ بنانے والے اداکاروں اور اینکرز کو قانونی کارروائی کی دھمکی دے دی۔ اداکارہ نادیہ کان نے اپنے یوٹیوب چینل پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کہا کہ اگر اب کسی نے ان پر ذاتی حملے کرنے کی کوشش کی تو انہیں عدالت میں پیش ہونا پڑے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر اخلاقیات کو پیسے اور شہرت کیلئے بیچا جائے تو پھر قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا۔ نادیہ خان نے کہا کہ نہ صرف کرمنل ڈیفیمیشن بلکہ سول ڈیفیمیشن اور پیکا قوانین کے تحت بھی کیس دائر کروں گی جس کے بعد ان افراد کو برسوں تک عدالت کے چکر لگانے پڑیں گے، یہ ان کی آخری وارننگ ہے اور آئندہ اگر کوئی ذاتی حملہ کیا گیا تو اس کے نتائج سنگین ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب بہت ہو چکا ہے، اگر کسی نے ذاتی نوعیت کا تبصرہ کیا تو اسے قانونی سطح پر جواب دینا ہوگا۔

امیر گیلانی کی اہلیہ ماورا حسین کے ساتھ سالگرہ منانے کی تصاویر وائرل

لاہور (این این آئی) اداکار امیر گیلانی نے اپنی سالگرہ اہلیہ ماورا حسین کے ساتھ منائی جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے امیر گیلانی نے پوسٹ شیئر کی جس میں برتھ ڈے بوائے امیر گیلانی سالگرہ کے کیک کیساتھ پوز دیتے دکھائی دیے، جس کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ انہوں نے کیپشن میں لکھا کہ بہترین کے ساتھ مبارک۔ ماورا نے ایک خوبصورت پیغام لکھا کہ ہیپی برتھ ڈے، میں آپ سے پیار کرتی ہوں۔ امیر گیلانی نے ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ ماورا حسین کو اپنی زندگی میں پا کر خوش قسمت سمجھتے ہیں۔ سالگرہ کے موقع پر ماورا نے ایک شاندار سلک فراک پہنا جبکہ امیر گیلانی نے ڈینم پینٹ کے ساتھ جوڑی والی پیلے رنگ کی ٹی شرٹ کا انتخاب کیا۔

ٹک ٹاکر کاشف ضمیر نے ہتھیاروں کی نمائش پر عوام سے معافی مانگ لی

لاہور (این این آئی) معروف ٹک ٹاکر کاشف ضمیر نے ہتھیاروں کی نمائش پر گرفتاری کے بعد کان پکڑ کر معافی مانگتے ہوئے ویڈیو بیان جاری کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور سے تعلق رکھنے والے ٹک ٹاکر کاشف ضمیر نے ویڈیو بیان میں اعتراف کیا کہ ان کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی جس میں وہ اسلحے سے لیس گارڈز کے ساتھ سڑکوں پر گشت کرتے دکھائی دیے، جس سے عوام میں خوف و ہراس پھیلا۔ کاشف ضمیر نے اپنے بیان میں اس عمل کو "بیوقوفی" قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی اس حرکت سے لوگوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ آئندہ وہ نہ تو کسی قسم کی اسلحہ نمائش کریں گے اور نہ ہی ڈالے کلچر کو فروغ دیں گے۔ ٹک ٹاکر نے اس حرکت پر تہہ دل سے معذرت کی اور عوام سے معافی طلب کی۔

فنٹاسٹک فور کے مشہور اداکار جولیان میک موہن 56 سال کی عمر میں انتقال کر گئے

سڈنی (این این آئی) فنٹاسٹک فور کے مشہور اداکار جولیان میک موہن 56 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلوی اداکار جولیان میک موہن، جو نِپ/ٹک، چارمڈ اور فنٹاسٹک فور جیسی مشہور فلموں اور ٹی وی شوز میں اپنے کرداروں کی وجہ سے جانے جاتے تھے، طویل عرصے تک کینسر سے لڑنے کے بعد 2 جولائی 2025 کو 56 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ میک موہن آسٹریلیا کے سابق وزیر اعظم سر ولیم میک موہن کے بیٹے تھے۔ ان کی اہلیہ کیلی میک موہن نے 4 جولائی کو اس المناک خبر کی تصدیق کی۔ انہوں نے بتایا کہ جولیان 2 جولائی کو فلوریڈا کے شہر کلیئر واٹر میں اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ کینسر کی مخصوص قسم کے بارے میں تفصیلات شیئر نہیں کی گئیں۔

بشریٰ انصاری نے ہانیہ عامر کی صلاحیتوں کی جم کر تعریف کردی

پہلگام والا واقعہ بھی جان بوجھ کر فلمی تعاون کی مخالفت میں کروایا گیا، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈراما انڈسٹری کی سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے ہانیہ عامر کی صلاحیتوں کی جم کر تعریف کردی۔ بشریٰ انصاری نے اپنے یوٹیوب چینل پر ایک ویلاگ اپلوڈ کیا جس میں انہیں ہانیہ عامر کی صلاحیتوں کے گن گاتے سنا گیا۔ بشریٰ انصاری نے سردار جی 3 کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ میں بہت خوش ہوں کہ ہانیہ عامر اور دلجیت دوسانجھ کی فلم پاکستان میں کامیابی سے چل رہی ہے، ماشاءاللہ، اللہ نے ہانیہ کو اتنی کم عمر میں بہت کامیابی عطا کی ہے۔ سینئر اداکارہ کے مطابق ہانیہ عامر نہایت باصلاحیت اداکارہ ہے اور شدید محنت کرتی ہے چاہے گرمی ہو، سردی ہو یا کوئی بھی مشکل حالات، وہ اپنے کام کو سنجیدگی سے لیتی ہے، موسم یا حالات اسے نہیں روک سکتے، وہ مکمل طور پر اپنے کام سے مخلص اور پرعزم ہیں۔ انہوں نے ہانیہ عامر کو پروفیشنل اداکارہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ بات پیسے کی نہیں، بلکہ کمٹمنٹ اور پروفیشنلزم کی ہے، اور ہانیہ واقعی ایک پروفیشنل اداکارہ ہے۔ بشریٰ انصاری نے سردار جی 3 کی ریلیز کے بعد جنم لینے والے تنازعات پر اپنے بھارتی فینز سے درخواست کرتے ہوئے کہا کہ، میں اپنے بھارتی مداحوں سے کہنا چاہتی ہوں کہ بچگانہ رویہ اختیار نہ کریں، جب اس نے فلم سائن کی تب سب کچھ ٹھیک تھا۔ فلم کی ریلیز کے بعد ملنے والے منفی ردعمل پر بات کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ ایک نوجوان لڑکی سے آپ کو خطرہ محسوس ہوا؟ ہانیہ کے فلم میں کاسٹ ہو جانے پر اتنا منفی ردعمل کیوں دیا؟۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح کا رویہ فواد خان کے ساتھ بھی اختیار کیا گیا تھا، اصول ہونے چاہئیں بات منطق سے کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ پہلگام والا واقعہ بھی جان بوجھ کر ان فلمی تعاون کی مخالفت میں کروایا گیا، کیونکہ مودی جی نہیں چاہتے کہ بھارت اور پاکستان مل کر کچھ کریں۔ بشریٰ انصاری نے ویلاگ میں متنازع شخصیت جاوید اختر کو بھی نہیں بخشا اور کہہ کہا کہ اور جاوید اختر صاحب، میں آپ سے کہنا چاہتی ہوں، ہم لتا منگیشکر جی کو کیسے نہ بلاتے؟ شاید ہم انہیں افورڈ نہیں کر سکتے تھے، لیکن وہ ہمیشہ ایک لیجنڈ رہی ہیں، ایسی باتیں نہیں ہونی چاہئیں۔

فلم 'دیمک' اور نایاب نے ایس سی او فلم فیسٹیول میں ایوارڈز حاصل کرلیے

فلم دیمک میں فیصل قریشی، سونیا حسین اور ثمینہ پیرزادہ نے مرکزی کردار نبھائے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی حال ہی میں ریلیز ہونے والی بلاک بسٹر فلم 'دیمک' نے شنگھائی کارپوریشن آرگنائزیشن فلم فیسٹیول 2025ء میں بیسٹ ایڈیٹنگ اور فلم نایاب نے اسپیشل جیوری ایوارڈ اپنے نام کرلیا۔ ایس سی او فلم فیسٹیول چینی ضلع یانگ ژو میں پانچ روز تک جاری رہا۔ فلم دیمک کے ہدایتکار رافع راشدی اور اداکارہ سونیا حسین نے بیسٹ ایڈیٹنگ ایوارڈ وصول کیا جبکہ فلم نایاب کے ہدایتکار عمیر ناصر علی اور اداکار اسامہ خان نے اسپیشل جیوری ایوارڈ وصول کیا۔ فلم فیسٹیول میں پاکستانی وفد میں پاکستان فلم پروڈیوسرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین شہزاد رفیق (جیوری ممبر)، فلم ڈسٹری بیوٹر ندیم مانڈوی والا، عرفان ملک، وزیر مملکت برائے تعلیم وجیہہ قمر، ڈائریکٹر جنرل ڈی ای ایم پی ثمینہ فرزین، پاکستان ایمبیسی چائینہ منظور علی، فلم نایاب کے ڈائریکٹر عمیر ناصر علی، پروڈیوسر روبینہ عمیر، نعمان خان، اداکار اسامہ خان شامل تھے۔ یاد رہے کہ فلم دیمک میں فیصل قریشی، سونیا حسین اور ثمینہ پیرزادہ نے مرکزی کردار نبھائے ہیں جبکہ فلم نایاب میں اداکارہ یمنیٰ زیدی اور اسامہ خان نے مرکزی کردار ادا کیے۔

ماہرہ خان کو نیٹ فلیکس پر پاکستانی سیریز جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو کی ریلیز کا بے صبری سے انتظار

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی دلکش اداکارہ ماہرہ خان نے اپنی واچ لسٹ کے سب سے موسٹ اویٹڈ پروجیکٹ کے بارے میں اہم انکشاف کردیا۔ اپنی فلم لو گرو کی شاندار کامیابی کے بعد اداکارہ ماہرہ خان نے انٹرویو میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی نجی زندگی، پروفیشنل لائف اور آنے والے پروجیکٹس پر کھل کر بات کی۔ تاہم انٹرویو سے اداکارہ ماہرہ خان کی جانب سے اپنی پروجیکٹ جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو کے حوالے سے کی جانے والی گفتگو مداحوں کی توجہ سمیٹنے میں کامیاب ہوگئی۔ اپنے انٹرویو میں اداکارہ ماہرہ خان نے مداحوں سے انکشاف کیا کہ وہ نیٹ فلیکس پر ریلیز ہونے والی اپنی پہلی پاکستانی سیریز جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو کی ریلیز کا بے صبری سے انتظار کر رہی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں ماہرہ خان نے فینز کو اپڈیٹ دیتے ہوئے بتایا کہ نیٹ فلیکس کی پہلی پاکستانی اور بجٹل ویب سیریز جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو کی شوٹنگ مکمل ہو چکی ہے اب بس سیریز کی ریلیز کیلئے گرین سگنل کا انتظار ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام اداکاروں اور کریو ممبرز نے اس پراجیکٹ پر بڑی محنت اور جذبے کے ساتھ کام کیا ہے اور اب مجھ سمیت سبھی اس ویب سیریز کی ریلیز کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری ٹیم جو بچے ہیں سنگ سمیٹ لو کی ریلیز کا انتظار کر رہی ہے تا کہ وہ دیکھ سکیں کہ دنیا کو پاکستانیوں کا بہترین کام کیسا لگتا ہے۔

بھارت کا مشہور اور تاریخی فلمی اسٹوڈیو 183 کروڑ بھارتی روپے میں فروخت کردیا گیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کا مشہور اور تاریخی فلمستان اسٹوڈیو 183 کروڑ بھارتی روپے میں فروخت کردیا گیا۔ فلمستان اسٹوڈیو کو 1943 میں اداکار اشوک کمار اور ششدر مکھرجی نے مل کر ممبئی میں بنایا تھا، ششدر مکھرجی اداکارہ کاجول اور رانی مکرجی کے دادا تھے۔ اس فلم اسٹوڈیو میں اپنے زمانے کی مشہور فلموں کی شوٹنگ ہوئی ہیں اور اس کا شمار ممبئی کے بڑے اسٹوڈیوز میں ہوتا تھا۔ فلمستان میں فلم 'چل چل رے نوجوان'، 'شکاری'، 'دو بھائی'، 'ندیا کے پار'، 'جگریتی'، 'ناگن'، 'تم سا نہیں دیکھا'، 'انارکلی'، 'شہید'، 'دل والے دلہنیا لے جائیں گے' سمیت کئی فلموں، ٹی وی ڈراموں اور اشتہارات کی شوٹنگ ہوئی۔ تاہم اب یہ 4 ایکڑ پر پھیلے اسٹوڈیو کو 183 کروڑ بھارتی روپے میں فروخت کردیا گیا اور مقامی رئیل اسٹیٹ کمپنی نے یہ زمین خرید لی ہے۔ رپورٹس کے مطابق اسٹوڈیو کی جگہ 50 منزلہ لگژری اپارٹمنٹس بنائیں جائیں گے اور اس منصوبے کی مالیت 3000 کروڑ بھارتی روپے لگائی گئی ہے۔ دوسری جانب ال انڈین سائن ورکرز ایسوسی ایشن نے فلمستان اسٹوڈیو کو فروخت کرنے پر ناراضی کا اظہار کیا ہے اور مہاراشٹرا کے وزیراعلیٰ سے ڈیل کینسل کرنے اور اسٹوڈیو نہ توڑنے کی اپیل کی ہے۔

مہ جبین سے شادی کمسن بیٹے کی خاطر کی، منور فاروقی

مہ جبین کا معاملہ بھی میری ہی طرح ہے انکی ایک دس سال کی بیٹی ہے، کامیڈین

ممبئی (این این آئی) بگ باس 17 کے فاتح اور معروف بھارتی کامیڈین منور فاروقی نے بتایا ہے کہ مہ جبین سے شادی کمسن بیٹے کی خاطر کی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مہ جبین کوٹ والا سے شادی کا فیصلہ اپنے سات سالہ بیٹے میکائل کی وجہ سے کیا۔ اچانک شادی کے سوال پر انہوں منور فاروقی نے کہا کہ جس خاتون سے شادی ہو رہی تھی ان سے اسکی تاریخ صرف ایک ماہ قبل طے پائی تھی، لوگ میری زندگی کے بارے میں کافی کچھ جاننا چاہتے ہیں لیکن میں اس قسم کی باتیں نہیں بتا سکتا۔ منور فاروقی نے کہا کہ جب میں بگ باس سے فارغ ہوا تو کاموں میں مصروف رہا اس وقت میرا بیٹا میری بہن کے ساتھ رہ رہا تھا، پھر وہ ایک ہفتے میرے ساتھ رہا جب وہ جانے لگا تو میرا دل نہیں مان رہا تھا تب میں نے محسوس کیا کہ اسے میری ضرورت ہے، اس موقع پر میں نے سوچا کہ ایسا کیا کروں کہ وہ میرے ساتھ ہی رہے، پھر میں نے شادی کا فیصلہ کیا، مہ جبین کا معاملہ بھی میری ہی طرح ہے انکی ایک دس سال کی بیٹی ہے، جس کے بعد میں نے ان سے شادی کے بارے میں بات کی۔

خدارا 200 یونٹ والی بدمعاشی ختم کریں، نعمان اعجاز

کبھی سورج کو اور کبھی اپنے بچوں کو مگر کہیں سے کوئی ریلیف نظر نہیں آتا، اداکار

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سینئر اداکار نعمان اعجاز نے بڑھتی ہوئی بجلی کی قیمتوں اور یونٹس کے نظام پر شدید ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ 200 یونٹ والی بدمعاشی کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ ملک بھر میں گرمی کی شدت میں اضافہ اور ساتھ ہی بجلی کی لوڈشیڈنگ و بلوں میں بے تحاشا اضافہ عوام کو پریشان کیے ہوئے ہے، ایسے میں اب شوبز ستارے بھی عوام کی آواز میں آواز ملانے لگے ہیں۔ نعمان اعجاز نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں طنزیہ انداز میں کہا کہ ایک عام شہری کبھی میٹر کو گھورتا ہے، کبھی سورج کو اور کبھی اپنے بچوں کو مگر کہیں سے کوئی ریلیف نظر نہیں آتا۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ خدارا 200 یونٹس کے نظام کو ختم کریں، یہ ظلم ہے۔ نعمان اعجاز کی پوسٹ سے بہت سے صارفین نے ان کے خیالات سے اتفاق کرتے ہوئے لکھا کہ وہ بھی ہر مہینے کے بل دیکھ کر ذہنی دباؤ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ایک صارف نے لکھا کہ یہ 200 یونٹ کی حد صرف عوام کو پھنسانے کے لیے ہے، کوئی رعایت نہیں، صرف سزا۔

بقیہ نمبر 1

عوام کی اس جائز جدوجہد کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتی ہیں، جس کا مقصد بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اپنے ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت کا حصول ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر پر بھارتی سکیورٹی فورسز کا مسلسل غیر قانونی قبضہ، فوجی محاصرہ، انسانی حقوق کی سنگین اور وسیع پیمانے پر خلاف ورزیاں اور علاقے کی آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششیں شدید تشویش کا باعث ہیں۔ ایسے اقدامات، اشتعال انگیز بیانات اور جارحانہ طرزِ عمل نہ صرف خطے میں عدم استحکام کو بڑھاتے ہیں بلکہ انسانی مصائب میں بھی اضافہ کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ حقیقت بالکل واضح ہے کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار مسئلہ جموں و کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل پر ہے، جو کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ پاکستان کے عوام اور مسلح افواج بھارت کے غیر قانونی طور پر زیر تسلط جموں و کشمیر کے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں اور کشمیری عوام کی آزادی کی جائز اور برحق جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہنے کے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 2

اس کے نواحی علاقوں پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے بڑے پیمانے پر حملے کیے، جن میں کم از کم 21 افراد ہلاک اور 45 سے زائد زخمی ہوگئے، جبکہ متعدد عمارتیں تباہ ہونے سے ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرینی فضائیہ نے بتایا کہ روس نے حملوں کے دوران 24 بیلسٹک میزائل، چار اینٹی شپ میزائل اور 115 ڈرون داغے۔ فضائی دفاعی نظام نے 98 ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ کیا، تاہم متعدد میزائل اور ڈرون اپنے اہداف تک پہنچنے میں کامیاب رہے۔ حملوں میں رہائشی عمارتوں، ریلوے اسٹیشن، گوداموں اور دیگر شہری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ کئی مقامات پر شدید آگ بھڑک اٹھی۔ متعدد رہائشی عمارتیں منہدم ہونے سے درجنوں افراد ملبے تلے دب گئے، جنہیں نکالنے کے لیے امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور فائر بریگیڈ آگ بجھانے میں مصروف ہے۔ کیف کے میئر کے مطابق دارالحکومت میں 3 افراد ہلاک اور 16 زخمی ہوئے، جبکہ کیف کے گرد و نواح میں 18 افراد جان کی بازی ہار گئے اور 29 زخمی ہوئے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ ملبے تلے مزید افراد موجود ہو سکتے ہیں، جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا امکان ہے۔ ان حملوں کو رواں برس کیف پر ہونے والے مہلک ترین حملوں میں شمار کیا جا رہا ہے۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے حملوں کے بعد کہا کہ اگر اتحادی ممالک بروقت بیلسٹک میزائل روکنے والے انٹرسیپٹر فراہم کرتے تو کئی قیمتی جانیں بچائی جا سکتی تھیں، انہوں نے نیٹو رکن ممالک کا نام لیے بغیر فضائی دفاعی نظام کی فراہمی میں تاخیر پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس کے باعث یوکرین کو بھاری جانی اور مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ دوسری جانب روسی وزارت دفاع نے دعویٰ کیا کہ حملوں میں کیف اور اس کے اطراف موجود ایسے لاجسٹک مراکز اور سپلائی ڈپو کو نشانہ بنایا گیا جہاں ہتھیار، فوجی ساز و سامان اور ڈرون محفوظ کیے جا رہے تھے، روس نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ بحیرہ اسود میں اوڈیسا کی بندرگاہ کے قریب تین کارگو جہازوں کو نشانہ بنایا گیا جو مبینہ طور پر فوجی سامان لے جا رہے تھے۔ ادھر یوکرین نے بھی روسی علاقوں پر ڈرون حملے جاری رکھے۔ روس کے علاقے تولا کے گورنر کے مطابق ایک یوکرینی ڈرون ای کامرس کمپنی کے گودام سے ٹکرا گیا، جس کے نتیجے میں آگ لگ گئی اور ایک شخص زخمی ہو گیا، تاہم کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی۔ یاد رہے کہ یوکرین کئی ماہ سے امریکا سے مزید پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام اور ان کے انٹرسیپٹر میزائل فراہم کرنے کا مطالبہ کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 3

سعودی عرب کا شیڈول طے پا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم (آج) شام اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ 2 روزہ دورے پر سعودی عرب روانہ ہوں گے۔ دورے کے دوران وزیراعظم سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے اہم ملاقات کریں گے، جس میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی مجموعی صورتحال پر غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں امریکہ، ایران جنگ اور امن مذاکرات سے متعلق بھی تبادلہ خیال ہوگا۔

بقیہ نمبر 4

جات جمع کرانے کے طریقہ کار میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ کر لیا، حج سکیم کے تحت اب 14 بینکوں کی بجائے صرف ایک بینک کے ذریعے ادائیگیاں وصول کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق حج 2027ء کے سرکاری اور نجی حج اخراجات کی ادائیگی کیلئے حبیب بینک کا انتخاب کیا گیا ہے، عازمین حج کو رقم جمع کرانے کیلئے بینک برانچ جانے کی ضرورت نہیں ہوگی، بلکہ وہ گھر بیٹھے آن لائن بھی ادائیگی کر سکیں گے، جبکہ برانچ کے ذریعے ادائیگی کی سہولت بھی صرف حبیب بینک پر دستیاب ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وزارت مذہبی امور اور حبیب بینک کے درمیان جلد باضابطہ معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے، جس کے بعد سرکاری حج سکیم کے تمام مالی معاملات اسی بینک کے سپرد ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق سرکاری حج سکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی اگست کے وسط سے شروع ہونے کا امکان ہے، جبکہ درخواستوں کی باقاعدہ شیڈول بھی جلد جاری کیا جائے گا۔ 2027ء کے کوٹہ کے تحت ایک لاکھ 79 ہزار 210 پاکستانی فریضہ حج ادا کریں گے، سرکاری سکیم کیلئے 60 فیصد اور نجی سکیم کیلئے 40 فیصد کوٹہ مقرر ہے، سرکاری حج سکیم کے تحت ایک لاکھ 7 ہزار 832 عازمین فریضہ حج ادا کریں گے، نجی سکیم کے کوٹے کے تحت 71 ہزار 888 عازمین حجاز مقدس جائیں گے۔

بقیہ نمبر 5

نے ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز میں امریکا، عمان اور ایران کے درمیان 60 روز کے عارضی انتظام پر اتفاق ہوا ہے، معاہدے کے تحت خلیجی ملکوں کی جانب جانے والے بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایرانی پانیوں کا راستہ اختیار کریں گے، جبکہ آبنائے ہرمز سے بحیرہ عرب جانے والے بحری جہاز عمانی پانیوں سے سفر کریں گے۔ 60 دن کی اس مدت کے دوران کوئی فیس نہیں لی جائے گی، فریقین 30 دن کے اندر آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں ہٹانے پر کام کریں گے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا نے واضح کیا کہ مذاکرات صرف مسقط اور تہران کے درمیان ہو رہے ہیں، واشنگٹن کا ان مذاکرات سے کوئی تعلق نہیں، اگر امریکا کی جانب سے خلاف ورزیاں جاری رہیں تو ایران اور عمان کے درمیان معاہدہ طے پانے کے باوجود آبنائے ہرمز فوری طور پر نہیں کھولی جائے گی۔ آبنائے ہرمز سے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت اور ایران سے یومیہ تقریباً 21 ملین بیرل تیل دیگر ممالک کو پہنچایا جاتا ہے، ان ملکوں میں پاکستان، چین، جاپان، جنوبی کوریا، یورپ، شمالی امریکا اور دنیا کے دیگر ممالک شامل ہیں۔ اس آبی گزرگاہ سے دنیا کے 20 فیصد تیل اور 30 فیصد گیس کی ترسیل ہوتی ہے، یہاں سے روزانہ تقریباً 90 اور سال بھر میں 33 ہزار بحری جہاز گزرتے ہیں۔ آبنائے ہرمز مشرق وسطیٰ کے خام تیل پیدا کرنے والے ممالک کو ایشیا، یورپ، شمالی امریکا اور دیگر دنیا سے جوڑتی ہے، اس سمندری پٹی کے ایک طرف امریکا کے اتحادی عرب ممالک تو دوسری طرف ایران ہے۔ 33 کلومیٹر چوڑی اس سمندری پٹی سے دو شپنگ لینز جاتی ہیں، ہر لین کی چوڑائی 3 کلومیٹر ہے، جہاں سے بڑے آئل ٹینکرز گزرتے ہیں۔ مجموعی عالمی تیل کی رسد کا پانچواں حصہ یعنی 20 فیصد اسی راستے سے جاتا ہے۔ آبنائے ہرمز سے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت اور ایران سے یومیہ تقریباً 21 ملین بیرل تیل دیگر ممالک کو پہنچایا جاتا ہے، دنیا میں سب سے زیادہ ایل این جی برآمد کرنے والا ملک قطر بھی اپنی برآمدات کے لیے اسی گزرگاہ پر انحصار کرتا ہے۔ آبنائے ہرمز کے ایک طرف خلیج فارس اور دوسری طرف خلیج عمان ہے، خلیج فارس کے اندر 8 ممالک ایران، عراق، کویت، سعودی عرب، بحرین، قطر، یو اے ای اور عمان موجود ہیں۔ دنیا کی دوسری بڑی معیشت چین معیشت کی روانی کے لیے خلیج سے اپنی ضرورت کا آدھا تیل منگواتا ہے، جبکہ جاپان یہاں سے 95 فیصد اور جنوبی کوریا 71 فیصد تیل اسی راستے سے درآمد کرتے ہیں۔ آبنائے ہرمز سے یہ تینوں ممالک خلیجی ممالک کو گاڑیاں اور الیکٹرانک سامان کی ترسیل بھی کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6

ڈار نے عمان میں یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ملاقات کی۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عمان میں یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر الجزائر کے وزیر خارجہ احمد عطاف سے ملاقات کی۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور الجزائر کے درمیان دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا اور تجارت، سرمایہ کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات کا جائزہ لیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اپنے باقاعدہ رابطوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ دوطرفہ اور کثیر جہتی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے قریبی رابطے برقرار رکھیں گے۔ علاقائی اور بین الاقوامی پیشرفت بالخصوص مقبوضہ مشرقی یروشلم کی صورتحال اور ایران سے متعلق حالیہ پیشرفت پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ احمد عطاف نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے مسلسل تعمیری کردار اور سفارتی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 7

کے یکطرفہ اقدامات نہ تاریخ کو بدل سکتے ہیں نہ کشمیری عوام کی آواز کو دبا سکتے ہیں اور نہ ہی ان کی حق خودارادیت کی جدوجہد کو ختم کر سکتے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 5 اگست 2019 کا بھارتی اقدام بین الاقوامی قانون، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں پر سنگین حملہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام مسلسل ظلم و جبر کے باوجود اپنے حق خودارادیت کے لیے ثابت قدم ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل پر ہے جو صرف کشمیری عوام کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گی جبکہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنائے۔ بلاول بھٹو زرداری نے دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ یوم استحصال کشمیر بھرپور عزم اور اپنے کشمیری بھائیوں سے مکمل یکجہتی کے ساتھ منائیں۔ کشمیری عوام کی قربانیاں اس وقت تک آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ بنی رہیں گی جب تک انہیں انصاف نہیں مل جاتا۔

بقیہ نمبر 8

مطابق بولے محسن نقوی کہتے ہیں کہ سسٹم گر گیا ہے وہ کس سسٹم کی بات کر رہے ہیں؟۔ انہوں نے محسن نقوی کے بیان کو بے معنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا کوئی سیاق و سباق نہیں۔

بقیہ نمبر 9

رپائیدار حل کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، یعنی حق خودارادیت فراہم کیے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی ان کی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کشمیری عوام نے بے مثال قربانیاں دے کر آزادی کی جدوجہد کو زندہ رکھا ہے اور ان کی یہ قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

بقیہ نمبر 10

استحصال پر اپنے پیغام میں عطا تارڑ نے کہا کہ 5 اگست بھارت کے غیر قانونی اقدامات کی سیاہ یاد ہے، اس روز بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے 5 اگست 2019 کے اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں جبر، محاصرے اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کے ہتھکنڈوں کے باوجود کشمیری عوام کے جذبہ حریت کو شکست نہیں دے سکا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کو ہر قیمت پر تسلیم ہونا چاہیے، مسئلہ جموں و کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق استصواب رائے ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت پاکستان مسئلہ کشمیر کو ہر اہم بین الاقوامی فورم پر بھرپور انداز میں اجاگر کر رہی ہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت کشمیر کاز پر ثابت قدم ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کشمیر کے معاملے پر یکساں موقف رکھتی ہے، بھارت کو حقائق تسلیم کرتے ہوئے کشمیری عوام کی خواہشات کا احترام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا پرامن حل خطے میں امن و استحکام کی ضمانت ہے، پاکستان انصاف پر مبنی امن کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا اور حق خودارادیت کے حصول تک کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا۔

بقیہ نمبر 11

قانون، اقوام متحدہ کے منشور اور سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی خلاف ورزی ہیں، جن کے باعث مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کی کوششیں بھی پیچیدہ ہوئیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان یوم استحصال کشمیر اس عزم کے ساتھ منا رہا ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں اور پاکستان ان کے بنیادی حقوق کے لیے اپنی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ نائب وزیراعظم نے عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق اور اپنی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے بھارت سے مطالبہ کیا کہ وہ ایسے تمام غیر قانونی اقدامات سے باز رہے جو جموں و کشمیر کی متنازع حیثیت کو تبدیل کرنے کے مترادف ہیں اور تنازع کے پرامن حل کے لیے سازگار ماحول پیدا کرے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام اسی وقت ممکن ہے جب جموں و کشمیر کا تنازع کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا اور ان کی جائز جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کشمیری عوام کی ثابت قدمی، جرات اور قربانیوں کو خراجِ تحسین بھی پیش کیا۔

بقیہ نمبر 12

دوبارہ تجارتی جہازوں کے لیے کھولنے کے مجوزہ معاہدے پر جاری مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس مجوزہ معاہدے کے تحت خلیج فارس میں داخل ہونے والے تجارتی جہاز ایران کے زیر انتظام بحری راستے سے گزریں گے جبکہ خلیج سے باہر آنے والے جہاز عمان کے زیر انتظام راستے کو استعمال کریں گے۔ دونوں ممالک بحری سلامتی، رہنمائی اور سمندری ماحول کے تحفظ کی خدمات کے عوض سروس فیس وصول کریں گے تاہم حکام نے کہا ہے کہ مذاکرات ابھی جاری ہیں اور حتمی معاہدے کی شکل میں تبدیلی بھی آ سکتی ہے۔ ایک علاقائی ذرائع نے بتایا کہ اس مجوزہ معاہدے کو ایران کی بندرگاہوں پر عائد امریکی بحری ناکہ بندی کے خاتمے سے بھی منسلک کیا گیا ہے اگر امریکا نے ناکہ بندی ختم کرنے پر آمادہ ہوتا ہے تو معاہدے کو حتمی شکل دی جا سکتی ہے۔ قبل ازیں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ بھی اس بات کی تصدیق کر چکے ہیں کہ ایران اور عمان کے ساتھ ہونے والے مذاکرات میں پیش رفت ہوئی ہے تاہم ابھی کوئی حتمی معاہدہ طے نہیں پایا۔ دوسری جانب عالمی شپنگ کمپنیوں نے امن مذاکرات کے باوجود محتاط رویہ برقرار رکھا ہوا ہے۔ بحری ٹریفک کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کی تعداد معمول سے کم ہے جبکہ حالیہ حملوں اور سکیورٹی خدشات کے باعث کئی جہاز اب بھی متبادل راستے اختیار کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ آبنائے ہرمز دنیا کی سب سے اہم سمندری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے جہاں سے عالمی خام تیل اور مائع قدرتی گیس کی تقریباً 20 فیصد ترسیل ہوتی ہے۔ اس لیے اگر ایران، عمان اور دیگر متعلقہ فریق کسی قابل قبول معاہدے پر پہنچ جاتے ہیں تو نہ صرف عالمی تجارت بحال ہوگی بلکہ تیل کی قیمتوں میں بھی مزید استحکام آنے کا امکان ہے

بقیہ نمبر 13

اوپر چلا گیا۔ کاروباری دن میں 100 انڈیکس نے ایک لاکھ 80 ہزار 202 کی بلند ترین سطح بنائی البتہ کاروبار کا اختتام 2 ہزار 931 پوائنٹس اضافے سے ایک لاکھ 80 ہزار 14 پر کیا۔ کاروباری دن میں 100 انڈیکس ایک ہزار 690 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا۔ شیئرز بازار میں 74 کروڑ شیئرز کے سودے 35 ارب روپے میں طے ہوئے اور مارکیٹ کیپٹلائزیشن 257 ارب روپے اضافے کے بعد 20 ہزار 90 ارب روپے ہوگئی ہے

بقیہ نمبر 14

نہیں، حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی آزاد کشمیر بلاول بھٹو زرداری کو مس گائیڈ کر رہی ہے، بلاول بھٹو شفاف انتخابات کو سیاسی مقاصد کیلئے متنازع بنا کر جلتی پر پٹرول ڈالنے کا کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے جو حالات ہیں پیپلز پارٹی جلتی پر پٹرول ڈالنے کا کام کر رہی ہے، آزاد کشمیر کے انتخابات کو متنازع بنانا پاکستان اور کشمیر کاز سے زیادتی ہے۔ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو بھی اس پر اعتراض نہیں کیا، تاہم نئے انتظامی یونٹس کا قیام سیاسی عمل اور مشاورت کے ذریعے ہی ممکن ہے، نئے صوبوں کا قیام کسی ایک جماعت یا صوبے کا مسئلہ نہیں، سیاسی عمل کے ذریعے ہی نئے انتظامی یونٹ بنائے جا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

جون کے مقابلے میں 0.2 فیصد کمی ہوئی جبکہ برآمدات میں اضافے سے تجارتی خسارہ 15 فیصد سے زائد کم ہو گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق برآمدی شعبے کی کارکردگی میں بہتری کے مثبت آثار ہیں اور اس حوالے سے جولائی کے اعداد و شمار مالی سال 2027 کا حوصلہ افزا آغاز ہے۔ مزید بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے وفاقی بجٹ کی برآمدات اور نجی شعبہ پر مبنی پالیسی کے ابتدائی مثبت اشاریے ہیں۔

بقیہ نمبر 16

نارا سلان، صدیق خان ترین اور عمر بیگ کے نام شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 17

کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے جلسے، جلوس، ریلیاں سیمینارز اور احتجاجی مظاہرے منعقد کیے گئے۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اسلام آباد میں وزارت خارجہ سے ڈی چوک تک مرکزی ریلی نکالی گئی، کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور سمیت ملک کے دیگر چھوٹے بڑے شہروں میں بھی ریلیاں اور مظاہرے کر کے کشمیریوں سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر پوری قوم یکسو ہے۔

بقیہ نمبر 18

گیا۔ پولیس نے کہا کہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں، حملے کی نوعیت اور دیگر پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 19

کی ہے کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے، بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے مؤثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے، نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں، ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ بدھ کو وزیراعظم کی زیر صدارت بجلی کی تقسیم کار کمپنیز کی نجکاری اور نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کی پیش رفت پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے ترسیلی کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے لیے اب تک کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احمد خان چیمہ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی اور متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے ترسیلی کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے لیے اب تک کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے خصوصی ہدایت کی کہ بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کے لیے مؤثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کمیشن میں جاری ادارہ جاتی اصلاحات اور تنظیم نو کا کام ایک ماہ میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کمیشن کی افرادی قوت میں عالمی معیار کے مالیاتی، قانونی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین شامل کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی معیار کی افرادی قوت اور ماہرین نجکاری کمیشن کی استعداد کار اور اداروں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے مؤثر اقدامات کو یقینی بنائیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کے مراحل کی سہولت کے لیے درکار تمام قانونی انتظامات اور مالیاتی ریگولیشن فریم ورک کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں صارفین کے مفاد کو ترجیح دی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری میں شامل اداروں میں مستقبل میں صارفین کی شکایت کے ازالے کا جامع اور مؤثر انتظامی ڈھانچہ یقینی بنایا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نجکاری کے پہلے مرحلے میں شامل ترسیلی کمپنیز آئیسکو، گیپکو، فیسکو میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی کے لیے اندرون و بیرون ملک روڈ شوز مکمل کر لیے گئے ہیں۔ بتایا گیا کہ ترکیہ، سعودی عرب اور جاپان میں روڈ شوز اور سرمایہ کاروں سے نجکاری کے تناظر میں روابط کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

مزید اضافہ روکنے کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ناگزیر ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ عمان میں مصر، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ پر مشتمل آر-4 گروپ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جہاں وزرا نے فلسطین کے عوام کے حقوق بشمول حق خودارادیت اور 4 جون 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، جس کا دارالحکومت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق مشرقی بیت المقدس ہو۔ بیان میں کہا گیا کہ چاروں وزرائے خارجہ نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ فلسطینی مسئلے کا منصفانہ، جامع اور مستقل حل مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول کے لیے لازمی ہے۔ دفتر خارجہ نے بتایا کہ آر-4 گروپ وزرائے خارجہ نے خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال کا بھی جائزہ لیا اور خطے کے استحکام کے فروغ کے لیے چاروں ممالک کے درمیان مسلسل مشاورت اور قریبی رابطوں کی اہمیت کا بھی اعادہ کیا۔ بیان میں مزید بتایا گیا کہ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ خطے میں استحکام کو فروغ دینے اور کشیدگی میں مزید اضافہ روکنے کے لیے بات چیت اور سفارت کاری بدستور ناگزیر ہے

بقیہ نمبر 21

ر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی نے صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، فیصل خان جمالی اور پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند کی مشترکہ قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آرٹیکل 370 مقبوضہ جموں و کشمیر کو خصوصی آئینی حیثیت، اپنا آئین، اپنا پرچم اور داخلی خودمختاری فراہم کرتا تھا جبکہ آرٹیکل 35(A) ریاست کے مستقل باشندوں کو سرکاری ملازمت، جائیداد اور سکونت کے خصوصی حقوق دیتا تھا۔ ان دفعات کے خاتمے کے ذریعے بھارت نے کشمیری عوام کی شناخت، آئینی حیثیت اور بنیادی حقوق سلب کرنے کی کوشش کی ہے

بقیہ نمبر 22

کر دی۔ امریکی وزارت خزانہ کے مطابق ایران سے وابستہ بعض فضائی اداروں پر دہشت گردی کے انسداد سے متعلق عائد پابندیاں واپس لے لی گئی ہیں، یہ پابندیاں ان اداروں پر پاسداران انقلاب سے مبینہ تعلق کے الزام میں عائد کی گئی تھیں۔ پابندیاں ختم کیے جانے کی خبر کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی دیکھنے میں آئی، امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) (خام تیل 75.06 ڈالر فی بیرل جبکہ برینٹ خام تیل 78.83 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ ماہرین کے مطابق پابندیوں میں نرمی کی خبر نے عالمی توانائی منڈی میں رسد سے متعلق توقعات کو تقویت دی، جس کے نتیجے میں خام تیل کی قیمتوں پر مزید دباؤ دیکھنے میں آیا۔

بقیہ نمبر 23

گے تاکہ قیدیوں کو فراہم کی جانے والی صحت، تعلیم، صفائی، خوراک اور دیگر بنیادی سہولیات کا جامع جائزہ لیا جا سکے۔ معائنے کے دوران نشاندہی کی جانے والی خامیوں کے ازالے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں گے، جبکہ معائنہ رپورٹس سات ورکنگ دنوں کے اندر متعلقہ حکام کو پیش کرنا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے یہ اقدام وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے جیل اصلاحات کے وژن کے مطابق جیلوں کو محض سزا کے مراکز کے بجائے اصلاح، بحالی اور انسانی وقار کے تقاضوں سے ہم آہنگ اداروں میں تبدیل کرنے کی کوششوں کا اہم حصہ ہے۔ اس سے قیدیوں کی فلاح و بہبود، بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ، جیل انتظامیہ میں شفافیت، احتساب اور مؤثر نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے میں مدد ملے گی حکومت بلوچستان کی جانب سے کیے گئے یہ انتظامی اقدامات صوبے میں جیل اصلاحات کے عمل کو مؤثر بنانے اور اصلاحی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 24

ایکسپوژر کی حد 3 ارب روپے سے بڑھا کر 10 ارب روپے کر دی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے بینکنگ پالیسی اینڈ ریگولیشنز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کے مطابق یہ فیصلہ موجودہ معاشی ماحول میں آنے والی تبدیلیوں اور بینکاری صنعت سے موصول ہونے والی آرا کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ مرکزی بینک نے بتایا کہ نئی حد 30 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہوگی جس کے بعد بینک اور ترقیاتی مالیاتی ادارے غیر ریٹیڈ بڑے نجی کارپوریٹ قرض گیر اداروں کو مقررہ نئی حد کے مطابق قرض فراہم کر سکیں گے۔ سرکلر کے مطابق غیر ریٹیڈ بڑے کارپوریٹ قرض گیر اداروں کے لیے ایکسپوژر کی نئی حد کو باسل II (Basel-II) فریم ورک کے تحت کریڈٹ رسک (اسٹینڈرڈائزڈ اپروچ) سے متعلق نظر ثانی شدہ ہدایات کا بھی حصہ بنایا جائے گا جو ستمبر 2025 میں جاری کی گئیں اور جن پر بینک اور ترقیاتی مالیاتی ادارے مرحلہ وار عمل درآمد کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 25

نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محمد سلیم طاہر کی وفات سے پاکستان ٹیلی وژن اور ادبی حلقے ایک باصلاحیت، مخلص اور باوقار شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ مرحوم نے نشریات اور ادب کے شعبے میں اپنی خدمات کے ذریعے ہمیشہ اچھا نام کمایا اور اپنے کام سے دیرپا نقوش چھوڑے۔ انہوں نے کہا کہ محمد سلیم طاہر کی فنی، ادبی اور تخلیقی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت کرے اور اہل خانہ کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

بقیہ نمبر 26

ای سی سی) کے اجلاس میں سرکاری شعبے کی مالی معاونت سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے پاکستان ٹیلی وژن کارپوریشن (پی ٹی وی سی) کے لیے مالی سال 2026-27 کے دوران ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ (ٹی ایس جی) کے اجرا سے متعلق سمری پر غور کیا گیا۔ ای سی سی نے تفصیلی غور کے بعد پی ٹی وی سی کے آپریشنل اور ضروری اخراجات پورے کرنے کے لیے سہ ماہی بنیادوں پر ہر سہ ماہی میں 3 ارب 25 کروڑ روپے کیفنڈز جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ کمیٹی نے وزارت اطلاعات و نشریات کو ہدایت دی کہ دو ماہ کے اندر پی ٹی وی سی کی مالی خودکفالت سے متعلق جامع منصوبے کے ساتھ یہ معاملہ دوبارہ ای سی سی کے سامنے پیش کیا جائے۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی نے وزارت مواصلات کی جانب سے پیش کی گئی ایک اور سمری پر غور کرتے ہوئے سیالکوٹ (سمبڑیال) تا کھاریاں موٹروے (ایم-12) منصوبے کی تعمیر کے لیے بلڈ آپریٹ اینڈ ٹرانسفر (بی او ٹی) کی بنیادوں پر 27 ارب 62 کروڑ روپے مالیت کی خودمختار ضمانتیں (سوورن گارنٹیز) جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں اس منصوبے کے لیے پہلے سے جاری 6 ارب 94 کروڑ 40 لاکھ روپے کے آپریشنل وی جی ایف کو رول اوور کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ان ضمانتوں سے رعایت یافتہ کمپنی کو منظور شدہ نئے مالیاتی ڈھانچے کے مطابق پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) منصوبے کی مالی تکمیل میں سہولت حاصل ہوگی۔

بقیہ نمبر 27

ریاستی جبر، ظلم اور انسانی حقوق کی پامالیاں ان کے عزم و حوصلے کو متزلزل نہیں کر سکیں، اور نہ ہی دنیا کی کوئی طاقت ان کے جذب حریت کو شکست دے سکتی ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے اصولی موقف اور وژن کے مطابق مسئلہ کشمیر کو ہر قومی، علاقائی اور بین الاقوامی فورم پر بھرپور انداز میں اجاگر کرتی رہے گی اور کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پوری قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے اور ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت اس وقت تک جاری رہے گی جب تک انہیں اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنا حق خودارادیت حاصل نہیں ہو جاتا۔ میر علی حسن زہری نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) اور انسانی حقوق کے عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں، غیر قانونی گرفتاریوں، آبادی کے تناسب میں تبدیلی اور اظہار رائے پر عائد پابندیوں کا فوری نوٹس لیں اور کشمیری عوام کو ان کا قانونی و جمہوری حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، ترقی اور استحکام کا قیام مسئلہ کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل سے مشروط ہے۔ آخر میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر صرف کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کا دن نہیں بلکہ اس عزم کی تجدید کا دن بھی ہے کہ پاکستان اور پاکستانی قوم ہر حال میں کشمیری عوام کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی، ان کی آواز ہر عالمی فورم تک پہنچائے گی اور ان کی جائز جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی

بقیہ نمبر 28

ل چڑھائے اور وطن کے عظیم شہدا کی بے مثال قربانیوں کے اعتراف میں فاتحہ خوانی کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ 4 اگست قومی تاریخ کا ایک انتہائی اہم اور تاریخی دن ہے۔ انہوں نے تمام پولیس شہدا کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ صفوت غیور کی عظیم شہادت تمام سکیورٹی فورسز کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس کے 59 باصلاحیت افسران سمیت تمام شہدا کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ہماری موٹروے پولیس پورے قوم کے لیے ایک تابندہ مثال ہے، پیٹرولنگ افسران کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے انہوں نے اعلان کیا کہ ٹول پلازوں کے قریب جدید پولیس اسٹیشنز، پارکنگ ایریاز اور ایمبولینس سروسز قائم کی جا رہی ہیں۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی مالیاتی خودکفالت اور ادارہ جاتی ترقی پر روشنی ڈالتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بتایا کہ این ایچ اے کا ریونیو 2024 کے 66 ارب روپے سے بڑھ کر 2026 میں 127 ارب روپے سے تجاوز کر گیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مکمل مالیاتی خودکفالت کے باعث پاکستان بغیر کسی بیرونی امداد یا انحصار کے اپنے اندرونی وسائل سے شاہراہوں اور موٹرویز کا جال بچھا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر، پنجاب، سندھ اور بلوچستان تک پھیلے ہوئے جاری اور مستقبل کے اہم انفراسٹرکچر منصوبوں کا خاکہ پیش کیا۔ مری ایکسپریس وے کی مظفرآباد تک توسیع سے عوام کو بین الاقوامی سطح کی سفری سہولیات میسر آئیں گی جبکہ MNJC موٹروے شاہراہِ قراقرم کا بہترین متبادل ثابت ہوگی جس سے چین کے ساتھ اسٹریٹجک روابط مزید مضبوط ہوں گے۔ مزید برآں، سیالکوٹ۔ کھاریاں۔ راولپنڈی شاہراہ سے اسلام آباد تا لاہور سفر میں 100 کلومیٹر اور ایک گھنٹے سے زائد وقت کی بچت ہوگی۔ کراچی میں M-10 اور لیاری ایکسپریس وے کراچی پورٹ سے تجارتی نقل و حمل کو آسان بنا رہے ہیں، جبکہ M-6 موٹروے پر جلد ہی کام شروع ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں، کرتار پور اور ننکانہ صاحب کو جوڑنے کے لیے "گرونانک ایکسپریس وے" پر کام جاری ہے جس سے دنیا بھر کی سکھ کمیونٹی کے لیے مذہبی سیاحت اور بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ ملے گا۔ گلگت کی سیاحتی سڑکوں پر بھی کام تیزی سے جاری ہے، جبکہ N-25 شاہراہ کو اگلے سال تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بلوچستان میں M-8 موٹروے منصوبوں سے علاقائی روابط اور ایران کے ساتھ سرحدی تجارت کو نمایاں تقویت ملے گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی موٹروے پولیس سلطان احمد چوہدری نے شہدا کو عظیم قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور محکمے کے عزم کو دہراتے ہوئے کہا کہ موٹروے پولیس شہدا کے خاندانوں کے ساتھ ہمیشہ شانہ بشانہ کھڑی رہے گی اور انہیں کبھی اکیلا نہیں چھوڑے گی۔

بقیہ نمبر 29

یلیف الاؤنسز کی شرح مقرر کر دی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق ایڈہاک ریلیف الاؤنس کی شرح مزید بڑھنے کے بجائے اسی سطح پر فریز رہیں گی، ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2023 پہلے ہی 30 جون 2023 کی سطح پر منجمد ہے، نئے ملازمین کو بھی الاؤنس بنیادی اسکیل 2022 کے مطابق ملے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق خصوصی تنخواہیں اور متعلقہ الاؤنسز بھی 30 جون 2026 کی سطح پر منجمد ہیں، گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 35 فیصد الاؤنس دیا جائے گا۔ گریڈ 17 سے 22 کے ملازمین کو 30 فیصد ایڈہاک ریلیف الاؤنس دیا جائے گا یہ ایڈہاک ریلیف الاؤنس آئندہ احکامات تک اسی شرح پر منجمد رہے گا۔ آفس میمورنڈم کے مطابق سرکاری ملازمین کو ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2024 بھی بنیادی پے سکیل 2022 کی بنیاد پر ملے گا، گریڈ 1 سے 16 کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 25 فیصد دیا جائے گا۔ گریڈ 17 سے 22 کے ملازمین کو 20 فیصد تک الاؤنس دیا جائے گا، یہ الاؤنس بھی 30 جون 2026 کی سطح پر منجمد رہے گا۔ یکم جولائی 2026ء سے بھرتی ملازمین کو الاؤنس 2024 کے بنیادی پے اسکیل کے مطابق ہوگا۔

بقیہ نمبر 30

بھی الیکشن کمیشن کی طلب کردہ وضاحت دینے کے پابند ہوں گے اور الیکشن کمیشن وضاحت جمع کرانے کے لیے مقررہ مدت بھی طے کرے گا۔ دستاویز کے مطابق مجوزہ ترمیم رول 137 میں نئی سب شق کے اضافے کی صورت میں پیش کی گئی۔ الیکشن کمیشن نے مجوزہ ترمیم پر عوام سے اعتراضات اور تجاویز طلب کر لیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق اعتراضات اور تجاویز 15 اگست 2026 تک الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں جمع کروائی جا سکیں گی۔ موصولہ اعتراضات اور تجاویز پر سماعت کے بعد الیکشن کمیشن فیصلہ کرے گا

بقیہ نمبر 31

القاعدہ، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں ممالک نے سرحدی سیکیورٹی مضبوط بنانے اور دہشت گرد سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے پر تبادلہ خیال کیا۔ پاکستان اور امریکا نے خطے میں امن، خوش حالی کے لیے انسداد دہشت گردی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 32

عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم اور ان کی جدوجہد آزادی کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ان کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو دبایا نہیں جا سکتا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کشمیر کا ہر دکھ پاکستان کا دکھ ہے اور پوری قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور بھارت کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عملدرآمد کا پابند بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ وفاقی وزیر صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق منصفانہ حل تک اپنی جدوجہد اور حمایت برقرار رکھے گا۔

بقیہ نمبر 33

اینڈ ایمپل ہسبنڈری ضلع ٹھٹھہ نے سندھ حکومت کے صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک رئیس محمد علی خان ملکانی اور صوبائی وزیر حاجی علی حسن زرداری کی خصوصی ہدایات پر مون سون سیزن کے دوران مویشیوں کو مختلف متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے پری مون سون رِن فلڈ ویکسی نیشن اور حفاظتی ٹیکہ جات کی مہم تیز کر دی ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک اینڈ ایمپل ہسبنڈری ٹھٹھہ ڈاکٹر فیاض وگن نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یکم اپریل سے جاری ویکسی نیشن مہم کے ساتھ حالیہ بارشوں کے پیش نظر ضلع بھر میں ہنگامی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ مویشی پال حضرات کی سہولت کے لیے مری اسٹاپ، بسم اللہ چوک جھرک، ٹھٹھہ اور فلر پلانٹ گھارو میں چار کیمپ جبکہ دو موبائل ٹیمیں بھی تشکیل دی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جھرک، ٹھٹھہ، گھارو، میر پور ساکرو، ورغلام اللہ، گاڑھو اور گھوڑا باری کے سرکاری اسپتالوں میں ایمرجنسی سینٹر قائم کیے گئے ہیں، جہاں مویشیوں کو مفت علاج، ویکسی نیشن اور حفاظتی ٹیکے لگانے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈاکٹر فیاض وگن کے مطابق گل گھوٹو، پلیٹ، پھیپھڑوں، پتی کی بیماری اور PPR سمیت مختلف خطرناک امراض سے بچاؤ کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں کے بعد تھر پارکر، میر پور خاص، بدین، سجاول، ٹنڈو محمد خان اور دیگر اضلاع سے لاکھوں کی تعداد میں مویشی جھرک اور دولہ دریا خان بیل کے راستے ضلع ٹھٹھہ کو ہستانی پٹی کا رخ کرتے ہیں، جس سے بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ انہوں نے مویشی پال حضرات سے اپیل کی کہ وہ اپنے جانوروں کو قریبی کیمپ، اسپتال، موبائل ٹیم یا محکمہ لائیو اسٹاک کے عملے کے پاس لے جا کر مفت ویکسین اور حفاظتی ٹیکے ضرور لگوائیں تاکہ قیمتی مویشیوں کو بیماریوں اور ممکنہ مالی نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ نمبر 34

شہید حب حیات نفس چیک پوسٹ کے انچارج عبدالقدوس محمد حسنی کی منشیات کے خلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں گزشتہ روز انچارج ناکہ پل شہید حیات نفس چیک پوسٹ عبدالقدوس محمد حسنی نے اپنے ٹیم کے ہمراہ دوران چیکنگ حب سے کراچی جانے والے رکشہ سے 1750 گرام مہلک نشہ آئس برآمد کر کے ملزم اکبر کو گرفتار کر لیا۔ ملزم حب سے کراچی منشیات اسمگل کر رہے تھے بروقت کارروائی کر کے منشیات کی اسمگلنگ کو ناکام بنا دی

بقیہ نمبر 35

کے روز شام چار بجے پیپلز پارٹی کا ضلعی جنرل باڈی اجلاس منعقد ہونا تھا جسے پیپلز پارٹی وندر کے جیالے رحیم بخش انگاریہ کی اہلیہ کے انتقال پر منسوخ کر دیا گیا ہے شریف پالاری پیپلز پارٹی وندر کے جیالے رحیم بخش انگاریہ کی اہلیہ کے انتقال پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ پاک مرحومہ کو جنت الفردوس کا اعلیٰ مقام عطا فرمائے

بقیہ نمبر 36

یت کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی اسسٹنٹ کمشنر آفس حب سے برآمد ہوئی ریلی میں چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حب جاوید جمالی، تحصیلدار حب محبوب چنال، کونسلر اکبر ملازئی، کونسلر ممتاز لہڑی، جے یو آئی کے صوبائی رہنما مولوی یعقوب ساسولی سمیت سرکاری افسران، اساتذہ، طلباؤں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے مین RCD شاہراہ کا گشت کیا اور پاکستان و پاک فوج زندہ باد اور کشمیر بن کر رہے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے لگائے ریلی مونددرہ چوک سے ہوتی ہوئی لسبیلہ پریس کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر ریلی کے شرکاء سے اسسٹنٹ کمشنر حب مہم خان لچکی، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حب جاوید جمالی، جے یو آئی کے صوبائی رہنما مولوی یعقوب ساسولی، مولوی محمد اسلم مینگل اور SHO حب سٹی نعیم خلجی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 5 اگست وہ سیاہ دن ہے جب ہندوستان نے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کا غیر قانونی اقدام اٹھایا اور ہندوستانی فوج کشمیر میں زبردستی داخل ہو کر خواتین، بچوں، بزرگوں اور نوجوانوں پر ظلم ڈھایا اور ظلم و بربریت کی ایک مثال قائم کر دی انہوں نے اقوام متحدہ سے کشمیر میں بھارتی ظلم و بربریت کا نوٹس لینے اور کشمیر کی دوبارہ وہی حیثیت بحال کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام اور پاک فوج کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں کیونکہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں کشمیر بن کر رہے گا پاکستان انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے جس کا منصفانہ حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے مطابق ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 37

کے گاں اور اراضی کس ضلع میں واقع ہیں، جس کے باعث وہ بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں اور اپنی زمینوں کے تحفظ سے محروم ہیں۔ کوہستان کے سماجی رہنماں ڈاکٹر کشمیر پالاری، شاہ محمد جانگ، محمد انور جاکھرو، محمد بخش مری اور دیگر نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی حد بندی کے غیر واضح ہونے سے نہ صرف مقامی افراد پریشان ہیں بلکہ انہیں یہ خدشہ بھی لاحق ہے کہ کہیں ان کی زمینیں دوسرے ضلع میں شامل کر کے قبضہ مافیا کے حوالے نہ کر دی جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2022 میں وزیراعلیٰ سندھ نے اس معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے سندھ سیکرٹریٹ سے ایک سروے ٹیم بھی بھیجی تھی، جس نے پورا دن سروے کیا، تاہم ان کے بقول لینڈ مافیا کے اثر و رسوخ اور مبینہ رشوت کے باعث اس سروے کے نتائج سامنے نہ آ سکے، جس سے مقامی لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا۔ رہنماں نے کہا کہ کوہستانی پٹی میں متعدد ونڈ پاور کمپنیاں قائم ہونے کے باوجود مقامی نوجوان روزگار سے محروم ہیں، جبکہ علاقے کے مکین آج بھی بنیادی انسانی سہولیات سے محروم ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ ملک میں توانائی پیدا کرنے والے بڑے صوبوں میں شامل ہے، لیکن جھمپیر، جنگشاہی اور گھارو جیسے علاقوں کے عوام اب بھی "توانائی کی غربت" کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے توانائی کے شعبے میں انصاف کے بغیر منصفانہ ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے سندھ حکومت، ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں سے مطالبہ کیا کہ ٹھٹھہ اور جامشورو کی ضلعی حدود کے تنازع کو فوری طور پر حل کیا جائے، مقامی آبادی کی زمینوں اور قدیمی دیہات کا تحفظ یقینی بنایا جائے، لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی کی جائے، روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں اور کوہستان کے عوام کو بنیادی سہولیات مہیا کر کے ان کے تحفظات دور کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 38

اقبال نے کہا کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کی ماں کا صبر، نوجوانوں کی بے مثال جدوجہد اور بچوں کا عزم اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ ظلم اور جبر کسی قوم کے جذب آزادی کو شکست نہیں دے سکتے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کے بنیادی حقوق، انصاف اور حق خودارادیت کی بھرپور وکالت جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 39

بدین کے امیر انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی نے ضلع بھر میں تاجروں، سیاسی، سماجی، علمی، ادبی اور کاروباری شخصیات سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ جماعت اسلامی کے مطابق مختلف تاجر تنظیموں نے دھرنے اور ہڑتال کی حمایت کرتے ہوئے کاروبار بند رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی نے شہریوں سے پرامن دھرنے میں بھرپور شرکت کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ یہ احتجاج عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ یہ دھرنا بدین کی سیاسی تاریخ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف مؤثر عوامی آواز بنے گا۔

بقیہ نمبر 40

تے ہوئے تارکین وطن کی کشتی کے انجن میں آگ لگی۔ کشتی پیر کی شب فرانس سے روانہ ہوئی تھی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کشتی سے ریسکیو کیے گئے افراد کو بولون سر میر کی بندرگاہ پر لے جایا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق برطانوی وزیراعظم اینڈی برنہم نے ایک روز قبل ہی کشتیوں کے ذریعے آنے والوں کی تعداد میں کمی لانے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔

بقیہ نمبر 41

ٹی ای جعفر آباد ادم خان رند ایڈووکیٹ کو دیگر ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا گیا

بقیہ نمبر 42

قانون کے مطابق قید کاٹ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ دوسرے قیدیوں کی طرح ہی قانونی سلوک کیا جا رہا ہے، ان کے ساتھ کوئی امتیازی یا غیر مساوی برتاؤ نہیں کیا جا رہا، البتہ ان کے بہتر کلاس قیدی ہونے کی وجہ سے کچھ اضافی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، سابق وزیراعظم اور سیاسی جماعت کے سربراہ کی حیثیت سے ان کے لیے سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عام قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی کی رہائش گاہ تک رسائی نہیں دی جاتی، بانی کو جو سہولیات حاصل ہیں ان سے بھی ظاہر ہوتا ہے یہ قیدِ تنہائی نہیں، بانی پی ٹی آئی کا سیل 7 کمپاؤنڈز پر مشتمل ہے جن میں وہ دن بھر آزادانہ چل پھر سکتے ہیں

بقیہ نمبر 43

محمد سلیمان ابراہیم روگھو نے حاصل کی اس کے بعد میر اسحاق زہری نے ایجنڈے کے مطابق اجلاس شروع کیا اور تمام ممبران کو بتایا کہ نائب صدر اور جوائنٹ سیکرٹری کے لیے دو ممبران کا انتخاب کیا جائے گا تمام ممبران نے ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن لسبیلہ کی کابینہ کو یہ اختیار دیا آپ جو فیصلہ کریں گے ہمیں منظور ہے آخر کار یہ فیصلہ ہوا کہ جوائنٹ سیکرٹری کے لیے سلیمان ابراہیم روگھو اور نائب صدر کے لیے عبدالحکیم کو منتخب کیا گیا اجلاس میں ڈیرہ مراد جمالی ریجن کے صدر ظفر جدگال بشیر احمد آسکانی جاوید حسن شیخ رحمت اللہ بلوچ عبدالحکیم بلوچ امام بخش افضال احمد عبدالحکیم محمد صابر وڈیرہ عبدالکریم عبدالخالق مشتاق شاہ اور دیگر نے شرکت کی آخر میں میر اسحاق زہری نے تمام ممبران کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 44

ی فورم پر کشمیری عوام کی جائز آواز بن کران کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے یکطرفہ بھارتی اقدامات نے خطے میں اعتماد، امن اور استحکام کو شدید نقصان پہنچایا، جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں سے طے شدہ ہے جسے یکطرفہ اقدامات کے ذریعے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی اور ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کے حصول کے لیے ثابت قدم ہیں، ان کی قربانیاں، استقامت اور آزادی کی جدوجہد تاریخ کا روشن باب ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں آبادیاتی تبدیلیوں، سیاسی پابندیوں اور بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی برادری کی خاموشی تشویشناک ہے، دنیا کو چاہیے کہ وہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ اور بین الاقوامی قوانین پر عملدرآمد کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی جائز آواز بن کران کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا، یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ہم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کو یقین دلاتے ہیں کہ پاکستان ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑا ہے اور اس کا ہر شہری کشمیری عوام کے جائز حقوق، عزت اور آزادی کی جدوجہد میں ان کے ساتھ ہے۔

بقیہ نمبر 45

لیس کو راستہ دیا جائے گا۔ اس حوالے سے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ممتاز حسین سہتو خیر پور، صوبائی امیر کاشف سعید شیخ لاڑکانہ، صوبائی نائب امراء منظر ظفر کراچی، پروفیسر نظام الدین میمن کوٹری، حافظ نصر اللہ چنا کشمور، محمد افضال سانگھڑ، جنرل سیکرٹری محمد یوسف حیدر آباد، ڈپٹی جنرل سیکرٹریز علامہ حزب اللہ جکھرو سکھر، امداد اللہ بجارانی شکارپور، سہیل شارق میر پور خاص، عبدالقدوس احمدانی ٹھٹھہ، آفتاب احمد ملک تھرپارکر، الطاف احمد ملاح بدین، نواب مجاہد بلوچ ٹنڈو محمد خان اپنے اضلاع میں احتجاج کی قیادت کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ نے ملاقات کرنے والے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی کے حالیہ بیان حکومتی ناکامی کا اعتراف ہے۔ لیکن یہی حقیقت ہے کہ جب تک عدل و انصاف کا نظام، محرومیوں کا خاتمہ اور بلدیاتی نظام اور اختیارات یونین کونسل کی سطح پر منتقل نہیں کیے جاتے تو عوام کے اندر اس طرح کے سوالات جنم لیتے رہیں گے۔ بناء دیگر کا کھیل ختم آئین کی عملداری قانون کی حکمرانی اور عوام کو اپنی مرضی کی قیادت منتخب کرنے کا حق دینے سے ہی ملک بحرانوں سے نجات حاصل کر سکتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی اپیل پر پٹرول پر لیوی بھتہ اور مہنگائی کے خلاف سات اگست کو پورے ملک کی طرح باب الاسلام سندھ میں بھی جام کریں گے، عوام ظلم و ناانصافی کے نظام کے خلاف جاری جماعت اسلامی کی تحریک کا ساتھ دیں گے، خاموشی موت اور مزاحمت میں ہی زندگی ہے۔

بقیہ نمبر 46

ٹیکس جہاں تاجر کاروباری برادری کو درپیش مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین ایف بی آر نے ٹیکس نظام کو آسان اور کاروبار دوست بنانے کے عزم کا اظہار کیا اور سیلز ٹیکس ریفنڈز جلد ادا کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے جائز کاروباری اداروں کو ہراساں نہ کرنے کی سخت ہدایات جاری کیں اور ٹیکس دہندگان کے ساتھ منصفانہ اور شفاف رویہ اختیار کرنے کی تاکید کی۔ چیئرمین ایف بی آر نے کاروباری برادری کے مسائل پر موقع پر ہی متعلقہ ہدایات جاری کیں، ایف بی آر اور کاروباری برادری کے درمیان مستقل رابطوں پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر مسائل کے حل کے لیے ایف بی آر اور کاروباری نمائندوں پر مشتمل کمیٹیاں قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ایف پی سی سی آئی اور پی بی سی کا وزیراعظم کے اقدام اور چیئرمین ایف بی آر کی کاوشوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 47

عبدالحکیم لنگو، صوبائی رہنما مولانا عمر عادل سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ جمعیت علما اسلام ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ، آئین و قانون کی بالادستی، امن و امان کے قیام، معاشی استحکام اور محروم و محکوم طبقات کو ان کے بنیادی حقوق دہلیز تک پہنچانے کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ووٹ کی طاقت کے ذریعے عوام کے روشن، محفوظ اور خوشحال مستقبل کی جدوجہد پر یقین رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ تحصیل لاکھڑا کے عوام آج بھی پینے کے صاف پانی، بجلی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، جبکہ متعلقہ اداروں کی عدم توجہی کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تحصیل لاکھڑا سمیت ضلع لسبیلہ کے تمام پسماندہ علاقوں کے دیرینہ مسائل کے حل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے جلاس میں ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا حسین احمد مدنی، مفتی عبداللطیف روگھو، ڈاکٹر محمد داد روگھو، ڈاکٹر عبدالحکیم روگھو، ماسٹر عبدالخالق روگھو، تحصیل امیر مولانا اللہ بخش سعیدی، تحصیل سیکرٹری جنرل مولانا امیر جان عارف، مولانا مہر اللہ عثمانی، مولانا عبدالولی خان اور دیگر ذمہ داران اور کارکنان نے شرکت کی اجلاس کے شرکاء نے تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے، یونٹوں کو فعال کرنے، عوامی رابطہ مہم کو وسعت دینے اور علاقے کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر بھرپور جدوجہد جاری رکھنے کے حوالے سے اہم میٹنگ ہوئی اور جماعتی کاز کو مزید آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

بقیہ نمبر 48

کرکٹ ایسوسی ایشن لسبیلہ کی کابینہ کو یہ اختیار دیا آپ جو فیصلہ کریں گے ہمیں منظور ہے آخر کار یہ فیصلہ ہوا کہ جوائنٹ سیکرٹری کے لیے سلیمان ابراہیم روگھو اور نائب صدر کے لیے عبدالحکیم کو منتخب کیا گیا اجلاس میں ڈیرہ مراد جمالی ریجن کے صدر ظفر جدگال بشیر احمد آسکانی جاوید حسن شیخ رحمت اللہ بلوچ عبدالحکیم بلوچ امام بخش افضال احمد عبدالحکیم محمد صابر وڈیرہ عبدالکریم عبدالخالق مشتاق شاہ اور دیگر نے شرکت کی آخر میں میر اسحاق زہری نے تمام ممبران کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 49

ہے جسے کشمیری عوام نے یکسر مسترد کر دیا ہے، پاکستان کشمیری عوام کے ساتھ چٹان کی مانند کھڑا ہے

بقیہ نمبر 50

کہ معذور افراد کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور معذور افراد کے حقوق کے تحفظ اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 51

ت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ایکسائز کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے جدید سہولیات اور ضروری وسائل کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ محکمہ اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں انجام دے سکے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ اینٹی نارکوٹکس فورس بلوچستان بھر میں منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کامیاب کارروائیاں کر رہی ہے اور منشیات فروش عناصر کے خلاف بلا امتیاز اقدامات جاری ہیں۔ منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوں گی۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی مشیر برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے پریس کلب اوستا محمد کے سابق صدر محمد حنیف بلوچ سینئر صحافی محمد رفیق بندرانی اور قبائلی عمائدین سے ملاقات کے موقع پر بولان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان میں امن و امان کے قیام، عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ تاکہ بلوچستان جلد ترقی کی منزلیں طے کر سکیں حاجی محمد خان لہڑی نے مزید کہا کہ بلوچستان کی عوام پاکستان مسلم لیگ ن کی قیادت پر فخر محسوس کرتے ہیں اور مسلم لیگ کو امید کی کرن سمجھتے ہیں جس کی وجہ سے پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کی سب سے بڑی پارلیمانی جماعت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے ان کا کہنا تھا کہ حلقہ انتخاب کو مزید ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اجتماعی بنیادوں پر ترقیاتی کاموں پر توجہ دی گئی ہے تاکہ حلقہ انتخاب کی عوام ان سے مستفید ہو سکے صوبائی مشیر برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ عوام کے ساتھ ہمارا اٹوٹ رشتہ ہے ہم دعووں پر نہیں عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں اور عوام کی بے لوث خدمت ہمارا وژن ہے

بقیہ نمبر 52

ہوا، جس میں صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری آغا آصف عباس اور صوبائی حکومت کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی

بقیہ نمبر 53

دان، پشاور، شانگلہ، صوابی، دیر اپر اور کوہستان اپر میں پیش آئے

پوری قوم کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے — مصطفیٰ کمال

کشمیر کا ہر دکھ پاکستان کا دکھ، پوری قوم کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے

مقبوضہ جموں وکشمیر میں بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں انتہائی تشویشناک ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بنیادی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں انتہائی تشویشناک ہیں اور کشمیری عوام کئی دہائیوں سے ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں، کشمیر کا ہر دکھ پاکستان کا دکھ ہے اور پوری قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 5اگست 2019 کو بھارت نے یکطرفہ اقدامات کے ذریعے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی کی جس کے باعث مقبوضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو ختم کیا گیا۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ 5اگست کشمیری (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان کے حکم پر ریلی نکالی جارہی ہے

بانی پی ٹی آئی کو دستیاب سہولیات بارے رپورٹ جاری

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی عمران خان کو قید تنہائی میں رکھنے، امتیازی یا غیر مساوی سلوک برتنے کی تردید کردی

بانی کا سیل 7 کمپاؤنڈز پر مشتمل، دن بھر آزادانہ چل پھر سکتے ہیں، بہتر کلاس قیدی ہونے کے باعث اضافی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جیل ڈاکٹر دن میں تین بار طبی معائنہ کرتے ہیں، رپورٹ

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جیل میں 3 سال مکمل ہوگئے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے دستیاب سہولیات بارے رپورٹ جاری کرتے ہوئے انہیں قید تنہائی میں رکھنے، امتیازی یا غیر مساوی سلوک کی تردید کردی۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ جیلوں میں قید تنہائی کا نظام تقریباً ختم ہو چکا اب یہ رائج نہیں، نہ ہی عدالتیں طویل عرصے سے ایسی سزا دے رہی ہیں، اڈیالہ جیل میں کوئی بھی قیدی بشمول بانی پی ٹی آئی کو قید تنہائی میں نہیں رکھا گیا، بانی پی ٹی آئی کو سزا ہو چکی وہ (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7پر)

کشتی کے انجن میں آتشزدگی، 157 تارکین وطن کو بچالیا گیا، فرانسیسی حکام

پیرس (این این آئی) برطانیہ جانے کی کوشش کرنے والے تارکین وطن کی کشتی کے انجن میں آگ لگ گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فرانسیسی حکام نے بتایا کہ 157 سے زائد تارکین وطن کو بچالیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انگلش چینل (رودبار انگلستان) عبور کر (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفرآباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفرآباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس نے ضلعی صدر پی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7پر)

ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ جنرل باڈی کا پہلا اجلاس

اجلاس کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کلام پاک کی سعادت محمد سلیمان ابراہیم رونجھو نے حاصل کی

بیلا (نمائندہ بولان) ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ جنرل باڈی کا پہلا اجلاس الحاج غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم حب میں ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر میر اسحاق زھری کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کلام پاک کی سعادت (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

طاقت کے ذریعے کسی قوم کی شناخت کو دبایا نہیں جاسکتا — حنیف عباسی

کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی اور ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے ثابت قدم ہیں

پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی جائز آواز بن کر ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا، وفاقی وزیر کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ طاقت کے ذریعے کسی قوم کی شناخت، تاریخ اور حقِ آزادی کو دبایا نہیں جا سکتا، جنوبی ایشیا میں دیرپا امن اور ترقی کا راستہ مسئلہ جموں وکشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل سے ہو کر گزرتا ہے، پاکستان ہر بین الاقوا (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

وزیر داخلہ محسن نقوی کا بیان حکومتی ناکامی کا اعتراف ہے، کاشف سعید شیخ

جماعت اسلامی نے 7اگست کو سندھ میں احتجاج کی قیادت کرنے والے مرکزی وصوبائی قائدین کا شیڈول جاری کردیا

ممتاز سہتو خیرپور، کاشف سعید شیخ لاڑکانہ، منعم ظفر کراچی، محمد یوسف حیدرآباد، حافظ نصراللہ کندھکوٹ، علامہ جھکھر سکھر میں قیادت کریں گے

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کی اپیل پر پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر حکومتی بھتہ اور مہنگائی کے خلاف تحریک کے سلسلے میں جماعت اسلامی نے 7اگست کو سندھ میں احتجاج کی قیادت کرنے والے مرکزی وصوبائی قائدین کا شیڈول جاری کردیا ہے، صوبائی ترجمان مجاہد چنا کے مطابق 7اگست کو بھرپور احتجاج، دھرنے اور شاہراہیں بندھوں گی صرف ایمبو (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

چیئرمین ایف بی آر کی تاجروں کو زیرالتوا ٹیکس ریفنڈز جلد ادائیگی کی یقین دہانی

چیئرمین ایف بی آر نے کاروباری برادری کے مسائل پر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

کراچی (این این آئی) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے تاجروں کو یقین دہانی کروائی ہے کہ زیرالتوا ٹیکس ریفنڈز جلد ادا کیے جائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے کراچی میں ایف پی سی سی آئی اور پی بی سی کے وفود سے ملاقا (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7پر)

سکھر، پی ٹی آئی اور انصاف لائرز ونگ کا عمران خان کی رہائی کیلئے احتجاج

خیبر پختونخوا میں بارش میں 5 دنوں میں خواتین، بچوں سمیت 26 افراد جاں بحق

بارش اور سیلاب سے 65 گھروں کو نقصان پہنچا، 41 گھروں کو جزوی، 24 گھر مکمل منہدم ہوئے، پی ڈی ایم اے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے میدانی و بالائی اضلاع میں گزشتہ 5 دنوں کے دوران ہونے والی بارش کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 26 افراد جاں بحق اور 6 افراد زخمی ہوئے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ بارش کے دوران جاں بحق 26 افراد میں دو خواتین اور 4 بچے شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بارش اور سیلاب سے اب تک 65 گھروں کو نقصان پہنچا، جس میں 41 گھروں کو جزوی جبکہ 24 گھر مکمل منہدم ہوئے ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق یہ حادثات صوبہ کے مختلف اضلاع ایبٹ آباد، سوات، بونیر، خیبر، چترال لوئر، دیر لوئر، مانسہرہ، مر (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

غزہ میں 3 سال بعد عمارت سے نکالے گئے 112 شہدا کی نماز جنازہ ادا

تمام شہدا کے تابوتوں کو فلسطینی پرچم میں لپیٹا گیا اور سیکڑوں سوگواروں نے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا

غزہ (این این آئی) غزہ میں تین سال بعد عمارت کے ملبے سے نکالے گئے 112 شہدا کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔ نومبر 2023 میں غزہ کے علاقے الصابرا کی عمارت پر اسرائیلی بمباری میں شہید ہونے والے افراد لاشیں گزشتہ دنوں شہری دفاع کے عملے نے تقریباً 136 گھنٹوں کی (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

ترقیاتی منصوبوں کی تیز رفتار تکمیل اولین ترجیح ہے — چیف سیکرٹری

مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیکشن کے تحت 516 منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا گیا ہے، مانیٹرنگ کو مزید مؤثر بنا کر باقی منصوبوں کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے

آفیسران عوام کی خدمت کیلئے ہروقت حاضر رہیں اور اپنے محکموں کو عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے مزید متحرک کریں، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں صوبے بھر میں عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی تیز رفتار تکمیل، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ سیکرٹریز، ڈپٹی کمشنرز، کمشنرز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے تمام آفیسران کو ہدایت کی کہ عوام کی خدمت کے لیے ہروقت حاضر رہیں اور اپنے محکموں کو عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مزید متحرک کریں۔ انہوں نے کہا کہ پانی، صحت، تعلیم اور سڑکوں سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اہم صوبائی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان کی فراہمی کو مزید فعال بنایا جائے، اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیکشن کے تحت 516 منصوبوں کی (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

ڈی سی چمن حبیب بنگلزئی کی قیادت میں یوم استحصال کشمیر ریلی نکالی جارہی ہے

مویشیوں کو موسمی بیماریوں سے بچانے کے لیے ہنگامی اقدامات، مفت ویکسینیشن اور علاج جاری

یکم اپریل سے جاری ویکسی نیشن مہم کے ساتھ حالیہ بارشوں کے پیش نظر ضلع بھر میں ہنگامی انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب سے مویشیوں کو موسمی بیماریوں سے بچانے کے لیے ہنگامی اقدامات، مفت ویکسینیشن اور علاج جاری ٹھٹھہ: محکمہ لائیو اسٹاک (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

عبدالقدوس محمد حسنی کی کاروائی ایک کلو سے زائد مہک نشہ آئش برآمد، ایک ملزم گرفتار

ملزم حب سے کراچی منشیات اسمگل کررہے تھے بروقت کاروائی کرکے منشیات کی اسمگلنگ کو ناکام بنادی

حب (نمائندہ بولان) ناکہ پل شہید حیات نفیس چیک پوسٹ کے انچارج عبدالقدوس محمد حسنی کی کاروائی ایک کلو سے زائد مہک نشہ آئش برآمد، ایک ملزم گرفتار، ایس پی مرزا بلال حسن کی ہدایت پر ڈی ایس پی حب سرکل امام بلوچ اور ایس ایچ او حب سٹی نعیم خلجی کی زیر نگرانی میں ناکہ پل (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی حب کا آج ہونے والا ضلعی جنرل باڈی اجلاس ملتوی

اجلاس رحیم بخش انگاریہ کی اہلیہ کے انتقال کی وجہ سے ملتوی کیا گیا ہے شریف پالاری

میر علی حسن زہری نے پیپلز پارٹی وندر کے جیالے رحیم بخش انگاریہ کی اہلیہ کے انتقال کے باعث اجلاس ملتوی کرنے کی ہدایت کی تھی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی ہدایت پر آج پیپلز پارٹی ضلع حب کا ہونے والا جنرل باڈی اجلاس منسوخ کردیا گیا ہے اس حوالے سے پیپلز پارٹی کے ضلعی ترجمان کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر علی حسن زہری کی ہدایت پر پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر شریف پالاری نے جو آج جمعرات (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

کشمیر جغرافیائی تنازع نہیں پاکستان کی شہ رگ ہے — احسن اقبال

کشمیر محض ایک سیاسی یا جغرافیائی تنازع نہیں، پاکستان کی روح، غیرت اور شاہ رگ ہے

پاکستان ہر سفارتی، سیاسی اور بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کے بنیادی حقوق، انصاف اور حقِ خودارادیت کی بھرپور وکالت جاری رکھے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ کشمیر محض ایک سیاسی یا جغرافیائی تنازع نہیں بلکہ پاکستان کی روح، غیرت اور شاہ رگ ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پانچ اگست کا دن کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت پر قدغن اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کی علامت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ کشمیری بہن بھائیوں کے دکھ، قربانیوں اور استقامت کو انتہائی قریب سے محسوس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر محض ایک سیاسی یا جغرافیائی تنازع نہیں بلکہ پاکستان کی روح، غیرت اور شاہ رگ ہے۔ پروفیسر احسن (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

جماعت اسلامی کا 7اگست کو تھرکول شاہراہ پر دھرنے کا اعلان، تیاریوں میں تیز

دھرنا بدین کی سیاسی تاریخ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف مؤثر عوامی آواز بنے گا۔

بدین (نامہ نگار) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر مہنگائی، پیٹرول پر عائد لیوی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی ضلع بدین کی جانب سے 7اگست کو شام 3 بجے تھرکول شاہراہ ٹلھڑ کے مقام پر احتجاجی دھرنا دیا جائے گا۔ جماعت اسلامی سندھ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری الطاف احمد ملاح دھرنے کی قیادت کریں گے۔ اس سلسلے میں جماعت اسلامی ضلع (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

راولپنڈی: شہری کو اغوا کرکے رقم لینے والا پولیس اہلکار دو ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس اہلکار کو شہری کو مقدمے میں پھانسنے کی دھمکیاں دے کر بھتہ لینا مہنگا پڑ گیا،

لسبیلہ، ڈویژنل ہیڈکوارٹر اوتھل میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

جمعیت علما اسلام تحصیل لاکھڑا کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس

اجلاس تحصیل امیر مولانا اللہ بخش سعیدی کی زیر صدارت عائشہ مسجد گلانی گوٹھ لاکھڑا میں منعقد ہوا

بیلا (نمائندہ بولان) جمعیت علما اسلام تحصیل لاکھڑا کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس تحصیل امیر مولانا اللہ بخش سعیدی کی زیر صدارت عائشہ مسجد گلانی گوٹھ لاکھڑا میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیل اور تمام یونٹوں کی چار ماہ کی تنظیمی، دعوتی اور عوامی سرگرمیوں کی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں، جبکہ آئندہ کے تنظیمی لائحہ عمل اور عوامی رابطہ مہم کے حوالے سے تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس سے جمعیت علما اسلام ضلع لسبیلہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد نعیم، ضلعی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالحمید عارف، ضلعی سرپرست مولانا (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ جنرل باڈی کا پہلا اجلاس

جوائنٹ سیکرٹری کے لیے سلیمان ابراہیم رونجھو اور نائب صدر کے لیے عبدالحکیم کو منتخب کیا گیا

بیلا (نمائندہ بولان) ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ جنرل باڈی کا پہلا اجلاس الحاج جام غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم حب میں ڈسٹرکٹ کرکٹ اسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر میر اسحاق زھری کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کلام پاک کی سعادت محمد سلیمان ابراہیم رونجھو نے حاصل کی اس کے بعد میر اسحاق زہری نے ایجنڈے کے مطابق اجلاس شروع کیا اور تمام ممبران کو بتایا کہ نائب صدر اور جوائنٹ سیکرٹری کے لیے دو ممبران کا انتخاب کیا جائے گا تمام ممبران نے ڈسٹرکٹ (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا دو بند ٹرینیں بحال کرنے کا اعلان

لاہور (اے ایف بی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے دو بند ٹرینیں بحال کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان ریلویز (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

فیروز والہ، سیلابی علاقے میں پراسرار سانپ، شہری خوف وہراس کا شکار

فیروزوالہ (این این آئی) فیروز والا کے علاقے پٹھان کالونی کے سیلابی علاقے میں شہریوں نے پراسرار سانپ دیکھنے کا دعوی کیا ہے، جس کے بعد علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق سانپ کا چہرہ، آنکھیں اور دانت غیر معمولی تھے

کم آمدنی والے طبقے کی فلاح کیلئے پرعزم ہیں — وزیر اعلیٰ سندھ

کابینہ نے 5 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے، کم از کم اجرت میں 7.5 فیصد اضافے کی منظوری، نئی اجرت 43 ہزار روپے ہوگی

نواب شاہ رانی پور (مہران ہائی وے) پر ٹول ٹیکس نافذ کرنے کا فیصلہ، صوبائی حکومت اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیرصدارت بدھ کو سندھ کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں متعدد اہم پالیسی، انتظامی، معاشی اور ترقیاتی اقدامات کی منظوری دی گئی۔ ان میں 5 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے، کم از کم اجرت میں 7.5 فیصد اضافے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ یونٹ کو حکومتی ملکیتی کمپنی میں تبدیل کرنے، سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز پروگرام کو گلگت بلتستان تک توسیع دینے، نواب شاہ رانی پور (مہران ہائی وے) پر ٹول ٹیکس نافذ کرنے اور گورننس وعوامی خدمات کی فراہمی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے متعدد ادارہ جاتی اصلاحات شامل ہیں۔ اجلاس وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقد (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

نئے صوبوں سے پہلے کرپٹ نظام سے نجات ضروری ہے، امجد علی خان نیازی

جنڈانوالا (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کے پولیٹیکل کوآرڈینیٹر امجد علی خان نیازی نے کہا ہے

پنجاب میں گندم کی نئی ریلیز پرائس 3,800 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کردی گئی

لاہور (این این آئی) ترجمان محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن نے بتایا ہے کہ پنجاب میں گندم کی نئی ریلیز پرائس 3,8 (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ضلع انتظامیہ سکھر کے زیراہتمام ریلی نکالی جارہی ہے

ملک بھر کی طرح بدین میں بھی کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے یوم استحصال منایا گیا

کشمیر میں آرٹیکل A-35 اور 370 کو اپنی اصل حالت میں بحال کیا جائے

بدین (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح بدین میں بھی کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے یوم استحصال منایا گیا۔ اس سلسلے میں مرکزی تقریب جم خانہ بدین میں منعقد کی گئی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی نے کہا کہ 5اگست کشمیر کی تاریخ کا سیاہ دن ہے۔ اس دن 2019 میں بھارت نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کر کے کشمیری عوام کے شہری حقوق کو پامال کیا، لیکن غیرتمند کشمیری عوام نے بھارت کے اس ظالمانہ اور غاصبانہ (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

لورالائی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میڈم فوزیہ درانی یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ریلی کی قیادت کررہے ہیں

شوکت علی سومرو اور دیگر شرکا نے اپنے ہاتھوں سے مینگروز کے بیج لگا کر شجرکاری مہم میں حصہ لیا

یومِ آزادی کا منفرد انداز جشن، معروف غیرسرکاری تنظیم ہمدم فاؤنڈیشن کا بدین کے ساحل پر 50 ہزار مینگروز کے بیج لگا کر وطن کو سرسبز بنانے کا عہد

بدین (نامہ نگار) پاکستان کے 79ویں یومِ آزادی کی خوشیوں کو ماحول دوست اور منفرد انداز میں منانے کے سلسلہ میں فضائی اور آبی ماحول کو آلودگی سے محفوظ بنانے کے لئے سرگرم عمل معروف غیرسرکاری تنظیم ہمدم فاؤنڈیشن نے ضلع بدین کے ساحلی علاقے بیچ کیریو زیرو پوائنٹ پر گزشتہ برسوں کی روایت برقرار رکھتے ہوئے اس سال بھی 50 ہزار ایویسینیا میرینا کے بیج ساحلِ سمندر میں لگا د (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

حب میں یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا گیا

اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لہڑی کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام حب میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور بھارتی ظلم وبربریت کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی

ریلی کے شرکاء نے مین RCD شاہراہ کا گشت کیا اور پاکستان و پاک فوج زندہ باد اور کشمیر بن کر رہے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے لگائے

حب (نمائندہ بولان) ملک کے دیگر حصوں کی طرح بلوچستان کی صنعتی شہر حب میں بھی 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر حب کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لہڑی کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام حب میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور بھارتی ظلم وبربر (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

حب۔ 5اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر حب کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لہڑی، چیئرمین ضلع کونسل حب جاوید جمالی کی قیادت میں ریلی نکالی جارہی ہے ریلی میں تحصیلدار حب محبوب چنال، ایس ایچ او حب نعیم خلجی، مولانا یعقوب ساسولی، کونسلر اکبر ملازئی سمیت علاقائی معززین ومعتبرین شریک ہیں

کوہستانی پٹی میں ضلعی حدود کا تنازع، مقامی افراد سراپا احتجاج، حکومت سے فوری حل کا مطالبہ

سال 2022 میں وزیراعلی سندھ نے اس معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے سندھ سیکریٹریٹ سے ایک سروے ٹیم بھی بھیجی تھی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) کوہستانی پٹی میں ضلعی حدود کا تنازع، مقامی افراد سراپا احتجاج، حکومت سے فوری حل کا مطالبہ ضلع ٹھٹھہ اور ضلع جامشورو کی کوہستانی پٹی میں ضلعی حدود واضح نہ ہونے کے باعث مقامی آبادی شدید مشکلات کا شکار ہے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ انہیں یہ تک معلوم نہیں کہ ان (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین ریلی کی قیادت کررہی ہیں

کشمیریوں کی ہر سطح پر اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے — بیرسٹر دانیال

پاکستان حق خودارادیت کے حصول تک کشمیریوں کی ہر سطح پر اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا

بھارت طاقت، جبر یا یکطرفہ قانون سازی کے ذریعے مقبوضہ جموں وکشمیر کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ حیثیت تبدیل نہیں کرسکتا، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے 5اگست 2019 کو بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت تبدیل کرنے کا یکطرفہ اور غیر قانونی اقدام بری طرح ناکام ہو چکا (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

برکت اللہ سعدی نے رکن صوبائی اسمبلی سوراب نوابزادہ میر ظفراللہ خان زہری سے ملاقات کی

معذور افراد کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

معذور افراد کے حقوق کے تحفظ اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کی ضرورت پر زور دیا گیا

سوراب (نامہ نگار) صدر انجمن معذوران، برکت اللہ سعدی نے رکن صوبائی اسمبلی سوراب نوابزادہ میر ظفر اللہ خان زہری سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران برکت اللہ سعدی نے علاقے کے عوامی مسائل کے ساتھ معذور افراد کو درپیش مشکلات، سہولیات کی کمی اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔ اس موقع پر نوابزادہ میر ظفر اللہ خان زہری نے مسائل کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)

سندھ کے تمام سرکاری ونجی اسکولوں میں ہفتے کے روز تعطیل کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی منظوری سے صوبے بھر کے تمام سرکاری ونجی اسکولوں میں ہفتہ اور اتوار کو تعطیل ہوگی

سندھ حکومت کی وفاقی حکومت کے گندم درآمد کرنے کے فیصلے کی مخالفت

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے وفاقی حکومت کے گندم درآمد کرنے کے فیصلے کی مخالفت کر دی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خوراک سندھ مخدوم محبوب الزمان نے کہا ہے کہ درآمدی گندم سے مقامی کاشت کاروں کو نقصان پہنچے گا

منشیات فروش عناصر کے خلاف بلاامتیاز اقدامات جاری ہیں، حاجی محمد خان لہڑی

محکمہ ایکسائز کو دورِ جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے جدید سہولیات اور ضروری وسائل کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنما اور صوبائی مشیر برائے ایکسائز ایم پی اے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنانے اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ٹھوس اور مؤثر اقداما (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7پر)

لندن، خاتون کے راہگیروں پر چاقو سے حملے، ہلاکتوں کا خدشہ، ملزمہ گرفتار

لندن (این این آئی) برطانوی دارالحکومت لندن کے معروف سیاحتی اور تجارتی علاقے کوونٹ گارڈن میں ایک خاتون نے راہگیروں پر تیز دھار چاقو سے پے درپے وار کیے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق چاقو بردار خاتون کے حملے سے افراتفری مچ گئی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس، ایمبولینس سروس اور لندن کی ایئر ایمبولینس نے ریسکیو کارروائی شروع کردی۔ پولیس معمولی مزاحمت کے بعد خاتون حملہ آور کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہوگئی

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول چمن کے طلبہ استحصال کشمیر ریلی میں شریک ہیں

اس وقت ملک میں گندم آٹے کا بحران شاید دنیا کے تیل کے بحران سے بھی بڑا ہو چکا ہے، مزمل اسلم

وفاقی حکومت عوام سے گندم بحران کے حوالے سے حقائق چھپا رہی ہے، مشیر خزانہ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے گندم آٹے کے بحران اور اشیاء خوردونوش کی ملک کے اندر قیمتوں میں اضافے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت ملک میں گندم کے آٹے کا بحران شاید تیل کے بحران سے بھی بڑا ہو چکا ہے جبکہ وفاقی حکومت عوام سے گندم بحران کے حوالے سے حقائق چھپا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیزن کے شروع ہونے کے چند مہینوں میں ملک سے گندم کہاں غائب ہوگئی۔ مزمل اسلم نے کہا کہ کیا وفاق اور صوبائی حکومت کے پیداواری اعداد وشمار ٹھیک تھے اور کس کی کوتاہی کی وجہ سے مارکیٹ میں گندم قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اور سندھ حکومت نے اہداف کے مطابق گندم خریداری کیوں نہیں

بہاولنگر، خاتون سے زیادتی کے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا

بہاولنگر (این این آئی) چک چاویکا کے قریب مبینہ پولیس مقابلے دوران ڈکیتی اور خاتون سے زیادتی کرنے والے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا،

وزیر تعلیم پنجاب کی اجلاس کی کارروائی روک کر کشمیریوں کیلئے ایک منٹ کی خاموشی، خصوصی دعا بھی کروائی

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ اگر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ دنیا کے عالمی تنازعات میں ثالثی کا کردار ادا کر سکتے ہیں

کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا

مختلف سرکاری محکموں کے افسران، علمائے کرام، اساتذہ، طلبہ، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

سکھر (نمائندہ بولان) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ضلع انتظامیہ سکھر کی جانب سے کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر سکھر نادر شہزاد خان نے کی، جبکہ سندھ رینجرز، پولیس، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، علمائے کرام، اساتذہ، طلبہ، (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے شہر میں سلانوالی روڈ ہلالِ احمر ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے لیے جامع رپورٹ طلب کرلی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ہلالِ احمر ہسپتال کی اپ گریڈیشن (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

سکھر: پی ٹی آئی اور انصاف لائرز ونگ کا عمران خان کی رہائی کے لیے احتجاج

سابق وزیراعظم کو تنہائی میں رکھا گیا ہے، جو انسانی حقوق اور انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے

سکھر (نمائندہ بولان) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) ضلع سکھر اور انصاف لائرز ونگ کی جانب سے 5اگست کو "یوم سیاہ" کے طور پر مناتے ہوئے سابق وزیراعظم ا (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7پر)

امریکہ کیساتھ تجارتی تعلقات کو مزید استوار کرینگے — وزیر خزانہ

وزیرِ خزانہ سے امریکی تجارتی نمائندے کی ورچوئل ملاقات، باہمی تجارتی و اقتصادی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

امریکا کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری پر مبنی مضبوط شراکت داری پاکستان کی برآمدات پر مبنی معاشی حکمت عملی کو تقویت دے گی، یو ایس ٹریڈ سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے امریکا کے تجارتی نمائندے (یو ایس ٹریڈ) سفیر جیمیسن گریئر نے ورچوئل ملاقات کی جس میں پاکستان اور امریکا کے درمیان دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کیلئے جاری مذاکرات میں (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

گوادر، ضلعی انتظامیہ اور سول سوسائٹی کے زیراہتمام یوم استحصال کشمیر ریلی نکالی جارہی ہے